www.dailybolan.com
MEMBER APNS | ABC CERTIFIED | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت، حب کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
Mobile: 0336-6113760
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
صفحات 8 | قیمت 20 روپے
جلد 37 | جمعہ 6 نومبر 2026، بمطابق 25 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ 328

# مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی، نئے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مسلسل تربیت ناگزیر ہے، فیلڈ مارشل

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے شہدا یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ایس ایس جی کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے جدید ترین خصوصی آلات کا معائنہ کیا اور ایس ایس جی کی جنگی مہارت اور خصوصی آپریشنز کا عملی مظاہرہ بھی دیکھا

راولپنڈی (بولان بیورو) فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ہیڈکوارٹرز ایس ایس جی تربیلا کا دورہ کیا جہاں ان کی آمد پر جی او سی ایس ایس جی نے استقبال کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے شہدا یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

## صدر مملکت کا کشمیری عوام کیساتھ یکجہتی کا اعادہ، شہدائے جموں کو خراج عقیدت

پاکستان جموں و کشمیر کے حوالے سے اپنے اصولی موقف پر ثابت قدمی سے کاربند ہے، آصف زرداری

کسی بھی حکومت کو فرقہ وارانہ تعصب یا ہمسایہ ملک کے خلاف دشمنی کو اپنی غلطیوں اور ناکامیوں سے توجہ ہٹانے کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کشمیری (بقیہ 2 صفحہ 7 پر)

## پنٹاگون کی فوج کو ایران کے خلاف بڑے آپریشن کی تیاری مکمل کرنے کی ہدایت،

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے ایران کے خلاف بڑے پیمانے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

## پیپلز پارٹی کا کراچی سے قومی اسمبلی کی 7 نشستیں جیتنا قرب قیامت ہوگا، حافظ نعیم

کراچی میں ایک مخصوص نظام کام کر رہا ہے اور اب اس نظام کو صوبے بھی دے دیے گئے ہیں

ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی عملاً ماضی بن چکی ہیں، کراچی کی آبادی درست شمار ہوتی تو قومی اسمبلی کی نشستیں بڑھ جاتیں

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الر (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)



وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# وزیراعظم کی فیول سبسڈی دینے والے پیٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنیکی ہدایت

# پولیو کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھیں گے، وزیراعظم

پولیو سے پاک پاکستان کا حصول بڑا چیلنج، مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی، سکیورٹی یقینی بنانا اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک میں پولیو کے سامنے آنے والے حالیہ کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزارت صحت ایک ہفتہ کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کر کے انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کرے۔ جمعرات کو وزیراعظم (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

## پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ

پاکستان نے بھارت کو 715 پاکستانی قیدیوں کی فہرست فراہم کی، جن میں 409 سویلین اور 306 ماہی گیر شامل ہیں

نئی دہلی میں پاکستانی مشن کے سربراہ سعد وڑائچ نے یہ فہرستیں بھارتی حکومت کے حوالے کیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان قونصلر رسائی معاہدہ 2008 کے تحت قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ کیا گیا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستان نے بھارت کو 715 پاکستانی قیدیوں کی فہرست فراہم کی، جن میں 409 سویلین اور 306 ماہی گیر شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق نئی دہلی میں پاکستانی مشن کے سربراہ سعد وڑائچ نے یہ فہرستیں بھارتی حکومت کے حوالے کیں۔ دوسری جانب پاکستان میں بھارتی مشن کی سربراہ گیتیکا شری واستو (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

## پاک انڈونیشیا کے تعلقات کو مزید وسعت دی جائے گی، مصطفیٰ کمال

وزیر صحت سے جنیوا میں انڈونیشیا کے وزیر صحت کی ملاقات، صحت کے شعبے میں تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان برادرانہ اور مضبوط تعلقات موجود ہیں، جنہیں صحت کے شعبے میں مزید وسعت دی جائے گی، دونوں رہنماؤں کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال سے جنیوا میں انڈونیشیا کے وزیر صحت نے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت صحت سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران پاکستان اور (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

## بااختیار نوجوان خود کفیل پاکستان کی تعمیر کیلئے ناگزیر ہیں، رانا ثناء

مسلم لیگ (ن) خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور عوام کی ترقی و فلاح ہمیشہ پارٹی کی اولین ترجیح رہی ہے

ایک نااہل شخص کے اقتدار میں آنے سے ملک کی ترقی کا سفر متاثر ہوا، کھوکھلے نعروں سے ملک آگے نہیں بڑھ سکتا، مشیر وزیراعظم

فیصل آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی قیادت میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن اور ڈیفالٹ سے محفوظ ہوا۔ اپنے آبائی حلقے فیصل آباد میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثنااللہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور عوام کی ترقی و فلاح ہمیشہ پارٹی کی اولین ترجیح رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے ادوار میں ملک نے ترقی کی جب کہ سابق وزیراعظم نواز شر (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)



وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## باصلاحیت نوجوان اور بچے ہمارا سرمایہ ہیں، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کم سن شطرنج ماسٹر عبدالرحمٰن نے ملاقات کی، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور کم سن شطرنج ماسٹر کے درمیان شطرنج کا دوستانہ مقابلہ بھی ہوا

میر سرفراز بگٹی نے عبدالرحمٰن کی ذہانت، صلاحیتوں اور شطرنج کے کھیل میں مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کم سن شطرنج ماسٹر عبدالرحمٰن نے ملاقات کی، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور کم سن شطرنج ماسٹر کے درمیان شطرنج کا دوستانہ مقابلہ بھی ہوا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے عبدالرحمٰن کی ذہانت، صلاحیتوں اور شطرنج کے کھیل میں مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا۔ ملاقات کے دوران معلوم ہوا کہ کم سن شطرنج ماسٹر عبدالرحمٰن کا تعلق کوئٹہ کے ایک غریب گھرانے سے ہے اور ان کے والد بے روزگار ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بچے کی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کے ساتھ اس کے خاندان کی معاشی مشکلات کا احساس کرتے ہو (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)



وفاقی وزیر محمد اورنگزیب پولینڈ کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

## اپوزیشن تعمیری کردار ادا نہیں کر سکتی تو رکاوٹ نہ بنے، بلال اظہر

بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت جہلم واسا اجلاس، مون سون بارشوں سے قبل حفاظتی انتظامات کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں

وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کی جہلم کی تاریخ کے 8.5 ارب لاگت کے جدید سیوریج نظام پر کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایات

جہلم (این این آئی) مون سون کی بارشوں میں ضلع جہلم میں پیشگی حفاظتی انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں جبکہ مستقبل میں جدید معیار کے سیوریج نظام کی تشکیل پر تیزی سے کام جاری ہے تا کہ علاقے میں ماضی کی طرح سیلاب کی تباہی سے اہل علاقہ کو بچایا جا سکے۔ مون سون بارشوں کے لئے (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

## امریکا کو سبق مل گیا، آئندہ جواب مزید سخت ہوگا، پاسداران انقلاب کی دھمکی

آبنائے ہرمز کے امن و استحکام کو متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کی بھاری قیمت چکانا پڑے گی، بیان

گزشتہ شب امریکی فوج نے آبنائے ہرمز کے قریب ایک ایرانی آئل ٹینکر کو فضائی حملے کا نشانہ بنایا تھا

جواب میں ایرانی بحریہ نے پانامانامی ایک ایسے بحری جہاز پر میزائل داغے جو امریکی اور اسرائیلی مفادات سے وابستہ تھا

اس کے بعد امریکی فوج نے قشم جزیرے پر واقع ایک ایرانی مواصلاتی ٹاور کو بھی نشانہ بنایا

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب نے خلیج میں رات گئے ہونے والی کارروائیوں کی مزید تفصیلات جاری کرتے ہوئے امریکا کو سخت پیغام دیا ہے کہ ایرانی مفادات پر کسی بھی حملے کا جواب پہلے سے زیادہ شدید انداز میں دیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس میں کہا گیا کہ پاسداران انقلاب کے (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

## پاکستان کا آئی ٹی سسٹم مومینٹم پکڑ رہا ہے، شزا فاطمہ

ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ ڈیٹا کی ضرورت بڑھ گئی ہے، ہم نے دنیا کی سب سے بڑی اسپیکٹرم آکشن کی، وقت کے ساتھ نظام میں بہتری لانا ضروری ہے

کیٹی کو کسی ایک کمپنی کو نوازے جانے کے الزام کے کوئی شواہد نہیں ملے، ہم ڈیجیٹل معیشت کی طرف بڑھ رہے ہیں، تعلیمی مقاصد اور فری لانسنگ کے لیے ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ اتفاق رائے سے قانون سازی کی جا رہی ہے، ٹیلی کمیونیکیشن ایکٹ میں ترامیم وقت کا تقاضا ہے، ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ ڈیٹا کی ضرورت بڑھ گئی ہے، ہم نے دنیا کی سب سے بڑی اسپیکٹرم آکشن کی، وقت کے ساتھ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

## وزیراعظم سے سوڈان کے وزیر داخلہ کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور سوڈان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے بالخصوص تجارت و سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان چاہتا ہے کہ سوڈان اپنے موجودہ بحران سے نکل کر ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال ملک کے طور پر ابھرے، دونوں ممالک کے درمیان زرا (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

## یوم اقبال کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) یوم اقبال کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وفاقی حکومت نے یوم اقبال کے موقع پر 9 نومبر بروز پیر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ کابینہ ڈویژن کی جانب سے 9 نومبر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

## خیبر پختونخوا میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ایس آئی ایف سی اور صوبائی حکومت متحرک

ایس آئی ایف سی صوبائی حکومتوں کے اشتراک سے سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولت اور کاروباری آسانیاں فراہم کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ایس آئی ایف سی اور صوبائی حکومت کے درمیان اشتراک اور روابط جاری ہیں، اس سلسلے میں گورنر فیصل کریم کنڈی نے ایس آئی ایف سی کا دورہ کیا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے دورے کے دوران اعلیٰ حکام سے ملاقات کی، جس میں خیبر پختونخوا میں دستیاب کاروبار و سرمایہ کاری کے مواقع اور اسپیشل اکنا (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

## پی بی اے صحافیوں کی ویلفیئر اور دوران ڈیوٹی وفات پر معاوضے کا نظام وضع کرے، عطااللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطااللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ٹی وی چینلز سرکاری اور نجی شعبے سے اشتہارات حاصل کرتے ہیں جبکہ ڈیجیٹل ذرائع سے بھی آمدن ہوتی ہے، اس کے باوجود صحافیوں کی ویلفیئر (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

## اسحاق ڈار کا سلطنت عمان کے وزیر خارجہ سے ٹیلی فونک رابطہ

دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سلطنت عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی جس میں باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں پاکستان اور عمان کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمعرات کو ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے حالیہ علاقا (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

## الیکشن کمیشن کا فیصلہ برقرار، جے یو آئی کیخلاف فیصلہ برقرار

وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان اور جسٹس عامر فاروق پر مشتمل دو رکنی بنچ نے سماعت کی

جے یو آئی نے مخصوص نشستوں کیلئے چار نام دیے، الیکشن کمیشن مخصوص نشستوں کیلئے فہرست میں تبدیلی نہیں کر سکتا، وکیل

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی کیخلاف وفاقی آئینی عدالت (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

## حکومت نے سخت فیصلوں کے ساتھ ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا، احسن اقبال

دنیا کا کوئی جمہوری ملک سیاسی ایجنڈوں کی خاطر ریاستی اداروں کو کمزور کرنے کی اجازت نہیں دیتا، مصنوعی ذہانت سے صحت کے شعبے میں انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے، ذیابطیس سے بچاؤ کے لیے ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے گی

قومی مفاد میں مشکل مگر ضروری فیصلے کر کے معیشت کو مستحکم کیا گیا، مہنگائی تقریباً 38 فیصد سے کم ہو کر 5 سے 6 فیصد کی سطح پر آ گئی، وفاقی وزیر کا خطاب

اور لینڈو (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ریاست کو سیاست سے الگ رکھنا ہوگا، سیاسی احتجاج حق ہے مگر ریاستی مفاد پر (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

## گورنر راج نافذ کرنا حکومت کی بہت بڑی غلطی ہے، فواد چوہدری

پی ٹی آئی سوشل میڈیا کا ایک گروپ پاکستان مخالف ایجنڈے اور علیحدگی پسندوں کیلئے کام کرتا ہے

عمران خان نے پارٹی میں بزدار ماڈل نافذ کر دیا، ایسے افراد کو آگے لے آئے جن کا پارٹی سے کوئی دیرینہ تعلق نہیں تھا

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

## 6 نومبر 1947 کا سانحہ برصغیر کی تاریخ کا ایک انتہائی المناک باب ہے، سردار ایاز صادق

عالمی برادری کشمیری عوام کو ناقابل تنسیخ حق خودارادیت دلانے کے لئے اپنا موثر کردار ادا کرے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شہدائے جموں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 6 نومبر 1947 کا سانحہ برصغیر کی تاریخ کا ایک ا (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

## خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کا عمل تاحکم ثانی روکنے کا فیصلہ

آئین کے آرٹیکل A-140 کی معطلی کے باعث باقی اضلاع میں انتخابات ممکن نہیں رہے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا کے باقی اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق جاری انتخابی عمل تاحکم ثانی روکنے کا فیصلہ کیا ہے۔ الیکشن کمیشن (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

## پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر ہونے کی توقع ہے، جمیل احمد

مالی سال کے اختتام پر زرمبادلہ کے ذخائر 5.5 ارب ڈالرز اضافے کے بعد 18.4 ارب ڈالرز تک پہنچ گئے

قرض کی اوسط ادائیگی بہتر ہوئی ہے، 200 ڈالرز سے زائد کی ترسیلات پر بینک تمام اخراجات برداشت کریں گے، جمیل احمد کی میڈیا کو بریفنگ

کراچی (این این آئی) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ حکومت، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور کاروباری طبقے کی کوششوں سے معاشی صورتحال میں بہتری آئی ہے، پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر ہونے کی توقع ہے۔ کراچی میں میڈیا بریفنگ میں انہوں نے کہا کہ نئے مالی سال میں معاشی نمو کا سلسلہ جاری رہے گا اور گزشتہ مالی سال کی معاشی نمو بھی اسٹیٹ بینک کی توقعات کے مطابق رہی۔ انہوں نے بتایا کہ جون میں مہنگائی کی شرح 11.8 فیصد رہی، سالانہ مہنگائی بھی توقعات کے مطابق رہی، مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے باعث مہنگائی توقعات سے کچھ زیادہ رہی۔ گورنر اسٹیٹ بینک (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)



اسلام آباد۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی، الٰہی بخش مینگل ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ممبر ایگزیکٹو بلوچستان کو اعزازی تعریفی شیلڈ پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر ہارون الرشید اور نومنتخب صدر سید امجد شاہ بھی موجود ہیں۔

## افرادی قوت کو جدید تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، وزیر خزانہ

پاکستان کی افرادی قوت کو تیزی سے بدلتی عالمی معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، سینیٹر اورنگزیب

عالمی بینک کا پاکستان کے ساتھ تعاون لائق ستائش، افرادی قوت کو جدید تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے عالمی بینک گروپ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ دیرینہ اور پائیدار تعاون کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی افرادی قوت کو تیزی سے بدلتی عالمی معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، وہ یہاں عالمی بینک گروپ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے جس کی قیادت انسانی ترقی (صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ) کی نائب صدر ممتا مرتی کر رہی تھیں۔ عالمی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر بولورما آمگابازر، انسانی ترقی کی علاقائی ڈائریکٹر کیاوینوئی، ہیلتھ پریکٹس مینیجر ین ورک اور آئی ایف سی کے (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

## مولانا فضل الرحمان سے مسلک مدرسہ اختر العلوم کو غیر قانونی تعمیر پر نوٹس

نوٹس میں مزید خبردار کیا گیا ہے کہ قانونی تقاضے پورے نہ کرنے کی صورت میں مدرسے کی عمارت کو سیل کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) مولانا فضل الرحمان کی جماعت جمعیت علمائے اسلام (ف) سے مسلک مدرسہ کو ڈائریکٹوریٹ آف بلڈنگ کنٹرول (ساؤتھ) کی جانب سے جے یو آئی (ف) سے منسلک مدرسہ اختر العلوم اسلام آباد کی عمارت تعمیراتی نقشوں کی منظوری حاصل کیے بغیر تعمیر کرنے پر کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے نوٹس جاری کر دیا گیا۔ باضا (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

## ترک صدر کا امریکی انتخابات کے امن میں مددگار رہنے کی امید کا اظہار

انقرہ (این این آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے امریکی وسط مدتی انتخابات کے علاقائی امن میں مددگار ثابت ہونے کی امید کا اظہار کیا ہے۔ جنوبی کوریا سے انقرہ واپسی (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

## بانی پی ٹی آئی کی صحت کو خطرہ ہے، راجا ناصر عباس

اے پی سی قومی اتفاق رائے کی طرف پہلا قدم ہوگا، پی ٹی آئی اور جے یو آئی ایک ساتھ بیٹھیں گی، سلمان اکرم راجا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کو خطرہ ہے۔ علامہ ناصر عباس نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگائی گئی اور عوام کو کہا گیا کہ مینڈیٹ کو نہیں مانتے۔ انہوں نے کہا کہ اے پی سی کی حتمی تاریخ کمیٹی مشاورت کے بعد طے کرے گی، کامران مرتضیٰ، ناصر شیرازی اور سلمان اکرم راجا کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ علامہ (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

## نیتن یاہو کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے امکانات مزید کم ہو گئے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے امکانات مزید کم ہو گئے، ان کی اتحادی مذہبی جماعت یونائیٹڈ توراہ جوڈازم نے وزیراعظم کے عہدے کے لیے کسی بھی امیدوار کی حمایت (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

## مولانا فضل الرحمان نے ہم سے کبھی گورنر شپ یا کسی چیز کا تقاضا نہیں کیا، رانا ثنااللہ

سہیل آفریدی ہمیں تو کہہ رہے تھے عشق بانی پی ٹی آئی میں مارا جاؤں گا اور خود محسن نقوی سے ملتے تھے، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان نے ہم سے کبھی گورنر شپ یا کسی چیز کا تقاضا نہیں کیا۔ ایک بیان میں رانا ثنااللہ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف جنگ میں مولانا فضل الرحمان کو ساتھ لینا چاہیے، مولانا فضل الرحمان کی محسن نقوی سے کوئی بات ہوئی ہو تو ہم کچھ کہہ نہیں سکتے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)



وفاقی وزیر علی پرویز ملک سے امریکی عہدیدار ملاقات کر رہی ہیں

## الیکشن کمیشن کا پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا پہلا مرحلہ 7 فروری کو کرانے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن میں پنجاب لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کے کیس کی سماعت ہوئی۔ چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں چار رکنی بنچ نے سماعت کی۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ صوبائی حکومت نے صوبہ (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

## عوامی خدمت کا سفر مزید تیزی سے آگے بڑھائیں گے، مریم نواز

چھوٹے شہروں اور دیہی علاقوں تک الیکٹرو بسیں پہنچنے پر خوشی کی لہر دوڑ گئی

الیکٹرو بسیں پنجاب کے ہر شہر اور قصبے تک پہنچائی جائیں گی، وزیراعلیٰ مریم نواز

لاہور (این این آئی) پنجاب کے مختلف اضلاع میں الیکٹرو بس روٹس فعال ہو گئے، متعدد نئے روٹس پر سروس شروع کر دی گئی جس کے باعث شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق خوشاب کیلئے 15، خانیوال، بھکر، اٹک، منڈی بہاء الدین اور حافظ آباد کیلئے 9، 9 (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)



کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# بزنس کمیونٹی، ٹرانسپورٹرز، مائن اونرز کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے، ایوب مریانی

## بلوچستان میں شاہراہیں بند ہیں اور مال بردار گاڑیاں جلائی جا رہی ہیں، صدر، ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان

### معاملات کو سلجھانے کیلئے کمیٹی تشکیل دی جائے جس پر انہوں نے ایک با اختیار کمیٹی بھیجنے کی یقین دہانی کرائی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی بزنس کمیونٹی ،ٹرانسپورٹرز ، امپورٹ ایکسپورٹ سے وابستہ افراد ، مائن اونرز ایسوسی ایشن ، انجمن تاجران کے نمائندوں، زمینداران و دیگر نے بلوچستان میں امن وامان کی مخدوش صورتحال ، مال بردار گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات اور قانونی تجارت اور سامان کے نقل وحمل میں درپیش مشکلات سے متعلق تمام اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بزنس کمیونٹی ،ٹرانسپورٹرز ، مائن اونرز و دیگر کے نقصانات کا ازالہ کرتے ہوئے ان کی حفاظت کے لئے جنگی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے بصورت دیگر وہ احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔اس بات کا اعلان ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی نے اپنی زیر صدارت چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران ،ٹرانسپورٹرز یونین ، انجمن تاجران ، زمیندار ایکشن کمیٹی و مختلف یونین و دیگر کے مشاورتی اجلاس کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی نے تجویز دی کہ تمام اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے اور آج جمعرات کو مذکورہ کمیٹی کے ممبران کا اجلاس منعقد کیا جائے اور کوئی ایسا بیان نہ دیا جائے جس سے مزید مشکلات پیدا نہ ہو ہم سب متاثرین ہیں کیونکہ اس وقت بلوچستان بارود کے ڈھیر پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے وزیراعظم پاکستان کے نوٹس میں یہ بات لائی ہے کہ بلوچستان میں شاہراہیں بند ہیں اور مال بردار گاڑیاں جلائی جارہی ہیں معاملات کو سلجھانے کیلئے کمیٹی تشکیل دی جائے جس پر انہوں نے ایک با اختیار کمیٹی بھیجنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ پہلے تو شاہراہیں کھلیں گی اگر ایسا نہ ہوسکا تو آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ مسئلہ پورے صوبے کا ہے اس لئے سب کو کمیٹی میں نمائندگی دیں گے۔ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان ہر ممکن ساتھ دے گی۔ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سنیئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ، نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ کا کہنا تھا کہ اگر اب بھی اتفاق واتحاد کا مظاہرہ نہ کیا گیا تو نہ صرف تجارت مشکل ہوگی بلکہ گھروں سے نکلنا بھی محال ہوگا ،انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ٹرانسپورٹرز اور بزنس کمیونٹی جو بھی فیصلہ کرے گی چیمبر اس کو بھرپور سپورٹ کرے گی۔ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے تمام اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل کمیٹی تشکیل دینے کی تجویز پیش کی اور کہا کہ گزشتہ 2 ہفتوں کے دوران 28 مال بردار گاڑیوں کو جلا دیا گیا ہے جس سے بڑے پیمانے پر مالی نقصانات ہوئے ہیں مگر حکومتی حکام کی جانب سے کوئی رابطہ اور ہمدردی تک نہیں کی گئی جب تک ٹرانسپورٹرز کے نقصانات کا ازالہ نہیں کیا جاتا تب تک ٹرانسپورٹ نہیں چلے گا۔ ایل پی جی ایسوسی ایشن کے سید عتیق اللہ آغا کا کہنا تھا کہ ایل پی جی کی لوڈنگ کو تفتان سے میرجاواہ منتقل کر دیا گیا ہے جس سے ہماری مشکلات میں مزید اضافہ ہوا ہے ہم کانوائے کے حق میں نہیں اسے رہی سہی کسر بھی پوری ہوگی

# دیوالی کے موقع پر ہندو پولیس ملازمین میں مٹھائی اور تحائف تقسیم

## سندھ پولیس سمیت پاکستانی عوام اقلیتی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ایس ایس پی عدیل حسین چانڈیو کی جانب سے دیوالی کے موقع پر ہندو پولیس ملازمین میں مٹھائی اور تحائف تقسیم دیوالی کے تہوار کے موقع پر ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی جانب سے ایس ایس پی آفس ٹھٹھہ میں ایک سادہ اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع ٹھٹھہ میں اپنے فرائض انجام دینے والے ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے پولیس ملازمین اور اہلکاروں کو دیوالی کی مبارکباد پیش کی گئی۔ اس موقع پر ایس ایس پی عدیل حسین چانڈیو نے ہندو پولیس ملازمین میں مٹھائی اور تحائف تقسیم کیے اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی ٹھٹھہ نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور کامیابی میں ہندو برادری کا اہم کردار رہا ہے۔ ملک میں اقلیتوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں

# بیرونی قرضوں پر انحصار کم کرنے کیلئے برآمدات میں اضافہ ناگزیر ہے، مدثر مسعود چوہدری

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن وسابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کو بیرونی قرضوں پر بڑھتے ہوئے انحصار سے نجات دلانے کیلئے برآمدات میں اضافہ، صنعتی پیداوار کا فروغ اور تجارتی خسارے میں کمی ناگزیر ہے،



وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی وزیراعلی پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے چوتھے مرحلے کے تحت ضلع ساہیوال میں جیتنے والے خوش نصیب کاشتکاروں میں ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کر رہے ہیں۔ ممبران صوبائی اسمبلی ملک محمد ارشد، ملک قاسم ندیم، کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر محمد آصف طفیل، اسپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر و دیگر افسران بھی موجود ہیں

# ملتان وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کی تقسیم بارے ضلع ساہیوال میں تقریب کا انعقاد

## وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

ملتان (نمائندہ بولان) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ضلع ساہیوال میں وزیراعلی پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت جیتنے والے خوش نصیب کاشتکاروں میں ٹریکٹرز کی تقسیم کیلئے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس ضمن میں ضلع ساہیوال میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ممبر صوبائی اسمبلی ملک محمد ارشد، پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات ملک قاسم ندیم، کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر محمد آصف طفیل، اسپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرل زراعت انفارمیشن نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر متعلقہ افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ گرین ٹریکٹر پروگرام کے چوتھے مرحلے کے تحت 0 1 ہزار 0 5 تا 5 6 ہارس پاور ٹریکٹرز 7 لاکھ 50 ہزار روپے فی ٹریکٹر سبسڈی پر فراہم کئے جارہے ہیں۔ ان میں سے ضلع ساہیوال میں مجموعی طور پر 205 کسان کامیاب قرار پائے،

# فیصل آباد میں مختلف مصنوعات کی ٹیسٹنگ کیلئے لیبارٹری قائم کی جائے گی

ملکوآنہ (این این آئی) پاکستان سٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی معیاری مصنوعات کی تیاری کے ذریعے برآمدات بڑھانے کیلئے فوری اقدامات کر رہی ہے جبکہ مختلف اشیاء کے معیار مقرر کرنے کے علاوہ متروک ہونے والے معیارات کو اپ گریڈ کرنے کیلئے سفارشات جلد وفاقی کابینہ کی منظوری کیلئے پیش کر دی جائیں گی۔ یہ بات PSQCA کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر سیدہ ضیاء بتول نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔



کراچی۔ سابق سینئر صوبائی وزیر بلدیات وبلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر سردار محمد صالح بھوتانی، سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نوبزادہ شاہجہان زہری کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

# لاہور ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 13 لاکھ 50 ہزار ایکڑ مقرر

## گندم کے بیج پر کاشتکاروں کے لیے 45 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی ہے، سید عاشق حسین کرمانی

ملتان (نمائندہ بولان) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت کمشنر آفس میں لاہور ڈویژن میں گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف، پیداواری منصوبہ بندی اور زرعی مداخل کی دستیابی وقیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبران صوبائی اسمبلی غزالی سلیم بٹ اور ملک شہباز علی، سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں اور کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، محمد شہباز اختر، ڈاکٹر عامر رسول سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ رواں سال صوبہ میں گندم کی کاشت کا ہدف ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے، جبکہ لاہور ڈویژن میں 13 لاکھ 50 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ غذائی تحفظ کے قومی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف کا حصول ناگزیر ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیراعلی پنجاب نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ گندم کے بیج پر کاشتکاروں کے لیے 45 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی ہے،

# افتتاح کے 3 روز بعد ہی سندھی مسلم کی فوڈ واک پر ڈکیتی، ڈاکو 7 لاکھ کا موبائل فون لے اڑے

کراچی (این این آئی) سندھی مسلم سوسائٹی کی فوڈ واک پر موٹر سائیکل سوار ملزمان شہری سے 7 لاکھ روپے مالیت کا موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے۔ سندھی مسلم سوسائٹی کی فوڈ واک پر شہری سے قیمتی موبائل فون چھیننے کی واردات کے بعد متاثرہ شہری کا ویڈیو بیان سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ متاثرہ شہری سلال کے مطابق وہ فوڈ واک پر آیا تھا اور ویڈیو بنا رہا تھا کہ موٹر سائیکل پر سوار 2 ملزمان وہاں پہنچے، موٹر سائیکل پر پیچھے بیٹھے ملزم نے اس کا موبائل فون چھینا اور ساتھی کے ہمراہ فرار ہوگیا،

# زرعی پانی کی فراہمی میں بہتری لانے کے لیے ایکسین پٹ فیڈر کینال الہی بخش گاجانی نے کینال کا تفصیلی دورہ

## صفائی پانی کے بہاؤ اور کاشتکاروں کو پانی کی منصفانہ تقسیم سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا

نصیرآباد (نامہ نگار) پٹ فیڈر کینال میں پانی کی تقسیم کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور زرعی پانی کی فراہمی میں بہتری لانے کے لیے ایکسین پٹ فیڈر کینال الہی بخش گاجانی نے کینال کا تفصیلی دورہ کیا جہاں صفائی پانی کے بہاؤ اور کاشتکاروں کو پانی کی منصفانہ تقسیم سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر محمد طارق بگٹی داروغہ عامر علی قمبرانی، داروغہ شریف کنڈرانی اور سائیں بخش بگٹی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے ایکسین الہی بخش گاجانی نے کہا کہ پٹ فیڈر کینال کا باقاعدگی سے معائنہ کرنا اور اس کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینا محکمہ آبپاشی کی اہم ذمہ داری ہے کیونکہ کینال کے ذریعے زرعی زمینوں تک پانی کی بروقت اور مناسب فراہمی کاشتکاروں کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ کینال کی صفائی اور پانی کے بہاؤ میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لے کر ضروری

# پنجاب کے مختلف علاقوں میں گیس کی بندش اور لو پریشر سے شہری پریشان

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں گیس کی بندش اور لو پریشر کی شکایات میں اضافہ ہوگیا، جس کے باعث شہریوں کو روزمرہ امور خصوصاً کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں شفیق آباد، بند روڈ، سمن آباد، شالیمار، باغبانپورہ، سلامت پورہ، داروغہ والا، یتیم خانہ اور مزنگ سمیت مختلف علاقوں کے مکین گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر سے پریشان ہیں۔



کوٹری کے باریجو صحافی برادران کے خلاف مبینہ جھوٹے مقدمات اور گرفتاری کے خلاف بدین کے صحافی احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

# محنت کش کارو ولد جمون خاصخیلی کا ٹھٹھہ پہنچ کر بااثر افراد کی مبینہ زیادتیوں کے خلاف احتجاج

## 18 ماہ کی معصوم بیٹی بانو خاصخیلی کو گھر میں چھوڑ دیا، جو اپنی ماں کی جدائی میں بیمار ہوگئی ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) جھمپیر کے قریب گاں جمون خاصخیلی کے رہائشی محنت کش کارو ولد جمون خاصخیلی نے ٹھٹھہ پہنچ کر بااثر افراد کی مبینہ زیادتیوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ چار ماہ قبل کوٹری کے قریب گاں جانو خاصخیلی کے رہائشی خاصخیلی برادری کے متعدد مسلح افراد نے جانو خاصخیلی کی ایما پر رات کے وقت ان کے گھر پر دھاوا بول کر چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا اور اسلحے کے زور پر ان کی نوجوان بیوی مسماۃ صائمہ خاصخیلی کو زبردستی اغوا کر کے لے گئے، جبکہ ان کی 18 ماہ کی معصوم بیٹی بانو خاصخیلی کو گھر میں چھوڑ دیا، جو اپنی ماں کی جدائی میں بیمار ہوگئی ہے۔ کارو خاصخیلی نے بتایا کہ انہوں نے اپنی بیوی کے اغوا کا مقدمہ جھمپیر تھانے میں اجمل خاصخیلی، الہ ڈنو، اختر، شریف اور کمال خاصخیلی کے خلاف درج کرایا ہے، جن پر الزام ہے کہ انہوں نے جانو خاصخیلی کی ایما پر ان کی بیوی کو اغوا کر کے قید میں رکھا ہوا ہے۔ تاہم چار ماہ گزرنے کے باوجود جھمپیر پولیس نہ تو ان کی بیوی کو بازیاب کرا سکی ہے اور نہ ہی مبینہ اغوا کاروں کو گرفتار کیا گیا ہے، جو کھلے عام گھوم رہے ہیں اور انہیں مزید نقصان پہنچانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔

# پشاور میں ورسک روڈ فلائی اوور پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری

پشاور (این این آئی) پشاور میں ورسک روڈ فلائی اوور پر تعمیراتی کام تیز کر دیا گیا ہے اور مقررہ مدت میں منصوبے کی تکمیل کی تیاری کی جا رہی ہے۔ نئی صوبائی حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی پر توجہ مرکوز کر لی ہے اور اسی سلسلے میں پشاور ورسک روڈ فلائی اوور پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔ خیبر پختونخوا حکومتی ذرائع کے مطابق بدلتا، نکھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت صوبے میں نئی صوبائی حکومت کے قیام کے بعد پشاور ورسک روڈ فلائی اوور پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے،

# کوٹری کے باریجو صحافی برادران کے خلاف مبینہ جھوٹے مقدمات پر صحافی برادری کا احتجاج

## انتقامی کارروائیاں بند کرنے اور عدالتی انکوائری کرانے کا مطالبہ۔

بدین (نامہ نگار) حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کی اپیل پر کوٹری کے باریجو صحافی برادران کے خلاف مبینہ جھوٹے مقدمات درج کرنے اور ان کی خواتین اور بچوں کو گرفتار اور ہراساں کرنے کے خلاف بدین میں صحافی برادری کی جانب سے احتجاجی ریلی نکالی گئی اور مظاہرہ کیا گیا، اس سلسلے میں صحافیوں نے بدین پریس کلب سے ایوانِ صحافت تک حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے سنیئر نائب صدر تنویر احمد آرائیں، بدین پریس کلب کے صدر شوکت میمن اور ایوانِ صحافت بدین کے صدر حاجی خالد محمود گھمن، ایچ یو جے بدین کے صدر عطا محمد چانڈیو، عہدیداران اور سنیئر صحافیوں عبدالشکور میمن، اختر کھوسو، عمران عباس خواجہ، عبدالمجید ملاح، علی محمد شاہانی، حسین سومرو، نصرت جعفری، میر شکیل میمن، علی میمن، صمد کھوسو، نعیم کپری، علی میمن، فیضان میمن، باغ جونیجو، زبیر پسیو، مبارک ملاح، عدیل غوری، غلام حسین چاوڑو، بشیر شیخ سمیت صحافیوں احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں بدین پریس کلب اور ایوانِ صحافت سے وابستہ صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے اور کوٹری پولیس سمیت بااثر شخصیت اور ایم این اے کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر مظاہرین کا کہنا تھا کہ باریجو صحافی برادران کے خلاف مبینہ جھوٹے مقدمات درج کر کے انہیں گرفتار کرنے کے علاوہ ان کے بے قصور افراد خواتین اور بچوں کو مختلف ہتھکنڈوں سے ہراساں کیا جا رہا ہے



نصیرآباد: ایکسین پٹ فیڈر کینال الہی بخش گاجانی پٹ فیڈر کینال کا دورہ کر رہے ہیں

# ربیع کینال میں زرعی پانی کی شدید قلت پر گہری تشویش اور سخت ردعمل کا اظہار

## ربیع کینال نہ صرف ضلع نصیرآباد بلکہ پورے بلوچستان کی زرعی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، میر رانا خان مغیری

نصیرآباد (نامہ نگار) زمیندار کسان اتحاد نصیرآباد کے سینئر نائب صدر میر رانا خان مغیری۔ رہنما ایڈووکیٹ محمد شعیب بنگلزئی سمیت دیگر زمینداروں اور کاشتکاروں نے ربیع سیزن کے دوران ربیع کینال میں زرعی پانی کی شدید قلت پر گہری تشویش اور سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ربیع کینال نہ صرف ضلع نصیرآباد بلکہ پورے بلوچستان کی زرعی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اس نہر سے لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی سیراب ہوتی ہے اور لاکھوں افراد کا روزگار براہ راست زراعت سے وابستہ ہے مگر افسوس کہ ہر سال ربیع سیزن کے آغاز پر پانی کی قلت کا سنگین مسئلہ پیدا ہوجاتا ہے اور اس اہم زرعی نہر کی بہتری صفائی اور پانی کی منصفانہ فراہمی کے لیے عملی اقدامات دکھائی نہیں دیتے انہوں نے کہا کہ ربیع کینال طویل عرصے سے مٹی ریت اور گاد سے بھر چکی ہے جس کے باعث نہر کی پانی برداشت کرنے اور آگے منتقل کرنے کی صلاحیت شدید متاثر ہو رہی ہے لیکن متعلقہ حکام کی جانب سے نہر کی بھل صفائی اور مرمت پر کوئی سنجیدہ توجہ نہیں دی جا رہی جس کا خمیازہ غریب کاشتکاروں اور زمینداروں کو بھگتنا پڑ رہا ہے ان کا کہنا تھا کہ ربیع سیزن میں گندم ٹماٹر سمیت دیگر اہم فصلوں کی کاشت اور ان کی نشوونما کے لیے بروقت اور وافر مقدار میں پانی کی فراہمی انتہائی ضروری ہے مگر پانی کی شدید قلت کے باعث فصلوں کی بوائی آبپاشی اور پیداوار بری طرح متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے

# روہڑی تا کراچی بغیر ٹکٹ سفر کے نیٹ ورک سے متعلق خبر بے بنیاد ہے، پاکستان ریلوے سکھر ڈویژن کی تردید

## بغیر ٹکٹ سفر کی روک تھام کے لیے ملک بھر میں خصوصی مہم جاری ہے

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) پاکستان ریلوے سکھر ڈویژن نے سوشل میڈیا پیج سکھر روہڑی اپڈیٹ پر روہڑی سے کراچی تک مبینہ بغیر ٹکٹ سفر کے نیٹ ورک سے متعلق شائع ہونے والی خبر کو من گھڑت، حقائق کے منافی اور مفروضوں پر مبنی قرار دیتے ہوئے سختی سے تردید کی ہے پاکستان ریلوے میڈیا سیل سکھر ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ تردیدی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ خبر کا حقائق سے کوئی تعلق نہیں اور ایسی غیر مصدقہ خبروں سے ایک قومی ادارے کی ساکھ، وقار اور عوامی اعتماد کو نقصان پہنچ سکتا ہے پریس ریلیز کے مطابق پاکستان ریلوے صحافی برادری کی تعمیری تنقید اور اصلاحی تجاویز کا ہمیشہ خیر مقدم کرتا ہے، تاہم تنقید مستند شواہد اور حقائق پر مبنی ہونی چاہیے۔ بغیر ٹکٹ سفر کی روک تھام کے لیے ملک بھر میں خصوصی مہم جاری ہے، جس کے تحت بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں اور انہیں سہولت فراہم کرنے والے ریلوے ملازمین کے خلاف چھاپے، مقدمات اور تادیبی کارروائیاں کی جا رہی ہیں ترجمان کے مطابق پاکستان ریلوے میں جدید آن لائن رابطہ (RABTA) ٹکٹنگ نظام رائج ہے، جس کی نگرانی ڈویژنل سطح سے لے کر ریلوے ہیڈکوارٹرز اور وزارتِ ریلوے تک کی جاتی ہے۔

# اوستہ محمد پولیس بے سروسامانی کا شکار

## گشت کے لیے سرکاری گاڑیاں تک ناپید اہلکار پرائیویٹ گاڑیوں پر گشت کرنے پر مجبور

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس بے سروسامانی کا شکار، گشت کے لیے سرکاری گاڑیاں تک ناپید اہلکار پرائیویٹ گاڑیوں پر گشت کرنے پر مجبور، جدید اسلحہ اور مواصلاتی نظام بھی ناکافی، پولیس نفری کی شدید کمی کا سامنا حکام بالا فوری نوٹس لیں عوامی حلقے تفصیلات کے مطابق ضلع اوستہ محمد میں پولیس کو درپیش بنیادی سہولیات کی کمی نے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔ ذرائع اور عوامی حلقوں کے مطابق پولیس کے پاس گشت کے لیے سرکاری گاڑیوں کی شدید کمی ہے، جس کے باعث بعض اہلکار مبینہ طور پر پرائیویٹ گاڑیوں پر گشت کرنے پر مجبور ہیں۔ دورِ جدید میں پولیس کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے دعووں کے باوجود اوستہ محمد پولیس کو مطلوبہ وسائل کی عدم دستیابی کے باعث مشکلات کا سامنا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ضلع میں امن وامان برقرار رکھنے، جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کی روک تھام اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے پولیس کو جدید گاڑیوں، مؤثر مواصلاتی نظام، جدید اسلحہ اور دیگر ضروری آلات اور نفری کی فراہمی انتہائی ضروری ہے۔ تاہم بنیادی وسائل کی کمی کے باعث پولیس اہلکاروں کو اپنے فرائض کی انجام دہی میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ شہریوں کے مطابق گشت پولیسنگ کا بنیادی حصہ ہے اور اگر پولیس اہلکاروں کے پاس مناسب سرکاری گاڑیاں اور جدید مواصلاتی سہولیات موجود نہ ہوں تو جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بروقت کارروائی اور ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ عوامی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر پولیس اہلکار محدود وسائل میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے پر مجبور ہوں تو جرائم کی روک تھام اور شہریوں کو مؤثر تحفظ فراہم کرنے کے لیے حکومتی دعوے کس حد تک عملی شکل اختیار کر سکتے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس کو صرف ہدایات اور دعووں کے بجائے عملی طور پر جدید وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ اہلکار بلاخوف وخطر اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ عوامی حلقوں نے وزیراعلی بلوچستان، آئی جی پولیس بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اوستہ محمد پولیس کی ضروریات کا فوری جائزہ لے کر گشت کے لیے مناسب تعداد میں سرکاری گاڑیاں، جدید اسلحہ، مواصلاتی آلات اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی جائیں




کراچی: آرمی پبلک اسکول کے محمد رافع نے ال عمر اکیڈمی کے خلاف 113 رنز بنائے جبکہ سن ریز اکیڈمی کے آفتاب آصف نے پبلک ماڈل اسکول کے 16 رنز دیکر 6 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا

# بدین: منو بھائی تھیلیسیمیا سینٹر کی تھیلیسیمیا سے بچا کی آگاہی مہم

## 79 طالبات کے خون کے نمونے حاصل کیئے گئے۔

بدین (نامہ نگار) منو بھائی تھیلیسیمیا کیئر سینٹر بدین کی جانب سے تھیلیسیمیا سے بچا اور آگاہی مہم کے سلسلے میں گورنمنٹ گرلز مین ہائی اسکول بدین میں طالبات کے مفت خون کے ٹیسٹ کیے گئے، جس کے دوران 79 طالبات کے خون کے نمونے حاصل کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق منو بھائی تھیلیسیمیا کیئر سینٹر بدین، سوسائٹی فار کیئر آف تھیلیسیمک پیشنٹس کی روک تھام سے متعلق ٹیم نے آگاہی مہم کے تیسرے روز گورنمنٹ گرلز مین ہائی اسکول بدین کا دورہ کیا، جہاں طالبات میں تھیلیسیمیا مائنر کی تشخیص کے لیے خون کے 79 نمونے حاصل کیے گئے۔ تمام نمونے مزید ضروری طبی و تجرباتی تجزیے اور تشخیص کے لیے تھیلیسیمیا کیئر سینٹر منتقل کیے گئے۔ مرکز کے رضاکاروں کے مطابق خون کے نمونے حاصل کرنے کے بعد مکمل خون کی جانچ، ہیموگلوبن کی خصوصی جانچ، نتائج کا تجزیہ، رپورٹس کی تیاری اور ریکارڈ محفوظ کرنے سمیت تمام مراحل انتہائی ذمہ داری کے ساتھ مکمل کیے جاتے ہیں۔ اس عمل کے دوران خون کی کمی، فولاد کی کمی اور تھیلیسیمیا مائنر کے درمیان فرق کی بھی جانچ کی جاتی ہے، تاکہ درست تشخیص ممکن بنائی جاسکے،

# پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ

## کراچی ریجن میں آرمی پبلک اسکول، سٹی اسکول، فرینڈز پیراڈائز اور سن ریز کی کامیابی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیراہتمام منعقد کردہ پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ کراچی ریجن میں گزشتہ روز مزید 4 میچز کا فیصلہ ہوگیا۔ پہلے میچ میں آرمی پبلک اسکول نے ال عمر اکیڈمی اسکول کو 35 رنز سے شکست دے دی۔ آرمی پبلک اسکول نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 258 رنز بنائے۔ محمد رافع نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 19 چوکوں کی مدد سے 113، مبین اقبال نے 43، زین رضا نے 31 اور افان احمد نے 20 رنز بنائے۔ انس احمد اور محمد کامران نے 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں ال عمر اکیڈمی 223 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ محمد عثمان نے 6 چوکوں کی مدد سے 51، محمد بن افسر نے 43، ابوہریرہ نے 28 اور محمد انس نے 23 رنز بنائے۔ اذان احمد نے 55 رنز دیکر 3 اور محمد رافع نے 2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ دوسرے میچ میں دی سٹی اسکول نیٹ ورک نے شاہ ولایت پبلک اسکول کو 268 رنز سے ہرا دیا۔ دی سٹی اسکول نیٹ ورک نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 9 وکٹوں کے نقصان پر 315 رنز بنائے۔ شایان جعفری نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 12 چوکوں کی مدد 92، محمد محب نے 10 چوکوں ایک چھکے کی مدد سے 69، محمد زیب علی نے 4 چوکوں کی مدد سے 55، انس ذوالقرنین نے 46 اور عبداللہ وارث نے 20 رنز بنائے۔ منیز احمد اور سید حنین نے 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں شاہ ولایت پبلک اسکول 71 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ میڈیم پیسر اکمل شیرازی نے تباہ کن بالنگ کرتے ہوئے 25 رنز دیکر 7 اور ال سلمان نے 2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ تیسرے میچ میں فرینڈز پیراڈائز اسکول نے فاؤنڈیشن پبلک اسکول کو 231 رنز سے شکست دے دی۔ فرینڈز پیراڈائز اسکول نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر 340 رنز بنائے۔ ارمان شہزاد نے 6 چوکوں 6 چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 106، محمد قسیم نے 10 چوکوں 3 چھکوں کی مدد سے 95، محمد اصغر نے 48، حماد علی نے 25 رنز ناٹ آوٹ اور صحیب عثمان نے 20 رنز بنائے۔ جواب میں فاؤنڈیشن پبلک اسکول کی ٹیم 109 پر آوٹ ہوگئی۔ حسن عمران نے 20 رنز بنائے۔ محمد احمد نے 6 رنز دیکر 3 جبکہ جنید جاوید، حیدر علی اور محمد عمر نے 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا چوتھے میچ میں سن ریز اکیڈمی اسکول نے پبلک ماڈل گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول کو 8 وکٹوں سے ہرا دیا۔

# تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کا تحفظ یقینی بنایا جائے، مولانا ہدایت الرحمن

## بلوچستان کی قومی شاہراہوں، تجارتی راستوں اور ٹرانسپورٹ نظام کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے

### عوام، تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے حکومت اور سیکورٹی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں، تجارتی راستوں اور ٹرانسپورٹ نظام کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام، تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔ اگر شاہراہوں وٹرانسپورٹرز و عوام کو تحفظ نہ دیا گیا اور گوادر، جیونی اور دیگر ساحلی علاقوں کے عوام کو اشیائے ضروریہ کی فراہمی میں غیر ضروری رکاوٹیں برقرار رہیں تو جماعت اسلامی عوام کے ساتھ مل کر احتجاجی لائحہ عمل اختیار کرنے پر مجبور ہوگی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار گوادر میں مختلف عوامی اجتماعات، کارکنوں سے ملاقاتوں اور وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ ٹرانسپورٹ گاڑیوں کو نذر آتش کرنا، شاہراہوں کو غیر محفوظ بنانا اور عوامی املاک کو نقصان پہنچانا کسی بھی صورت مسئلے کا حل نہیں بلکہ اس سے عام شہری، مزدور، تاجر اور مسافر متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کا قیام ریاست اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت ناقابل قبول ہے۔ سیکورٹی اداروں کو قومی بجٹ سے بھاری وسائل فراہم کیے جاتے ہیں، اس لیے عوام یہ توقع رکھتے ہیں کہ شاہراہوں پر سفر محفوظ ہوگا اور تجارتی سرگرمیاں بلاخوف وخطر جاری رہیں گی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ٹرانسپورٹرز، تاجروں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ متعدد چیک پوسٹوں پر غیر ضروری تاخیر اور رشوت ستانی کی شکایات بھی سامنے آرہی ہیں جن کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ کسٹم حکام ایران اور افغانستان سے تجارت کے نام پر گوادر، جیونی اور مکران کے دیگر علاقوں تک سبزی، پھل، چینی اور دیگر ضروری اشیائے خورونوش کی ترسیل میں رکاوٹیں کھڑی کر رہے ہیں جس کے نتیجے میں مقامی آبادی مہنگائی اور قلت کا شکار ہو رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے ان پابندیوں اور رکاوٹوں کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور جائز کاروباری سرگرمیوں کو سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پہلے ہی بے روزگاری، غربت اور معاشی پسماندگی کا شکار ہے۔ بارڈر تجارت پر پابندیوں اور مسلسل بندشوں نے ہزاروں خاندانوں کے روزگار کو متاثر کیا ہے۔ حکومت نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے بجائے ان کے معاشی مسائل میں اضافہ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمتوں میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور سفارش، اقربا پروری اور دیگر غیر منصفانہ طریقوں کا خاتمہ کیا جائے بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، پانی کی قلت اور حکومتی عدم توجہی کے باعث صوبے کا زرعی شعبہ شدید بحران کا شکار ہے۔ کسان اور زمیندار پہلے ہی مشکلات سے دوچار ہیں جبکہ شاہراہوں کی بندش اور بدامنی نے زرعی پیداوار اور تجارتی سرگرمیوں کو مزید نقصان پہنچایا

# بلوچستان عوامی پارٹی بھرپور انداز میں انتخابات میں حصہ لے گی

## پارٹی کو مزید فعال بنانے کے لیے جلد ممبر شپ مہم شروع کریں گے، میر ظفر خان پندرانی

گنداخہ (نورحسن جمالی) بلوچستان عوامی پارٹی ضلع اوستہ محمد کے صدر میر ظفر خان پندرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی آئندہ انتخابات میں بھرپور طریقے سے حصہ لے گی، جس کے لیے پارٹی کی سطح پر تیاریاں شروع کی جائیں گی۔ انہوں نے سابق وزیر اعلی بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی انہیں صحت وتندرستی عطا فرمائے، ان کی دستِ شفقت ہمارے سروں پر قائم ودائم رہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے نظریاتی کارکن ہمارے قیمتی اثاثہ ہیں، جن کی محنت اور قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ بلوچستان عوامی پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے جلد ممبرشپ مہم شروع کی جائے گی۔ بڑی تعداد میں لوگ پارٹی میں شمولیت کے لیے تیار ہیں، ان شا اللہ جلد دوستوں اور پارٹی رہنماں کی مشاورت سے ایک شاندار شمولیتی پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ میر ظفر خان پندرانی نے مزید کہا کہ سابق وزیر اعلی بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے اپنے دورِ حکومت میں عوام کو متعدد ترقیاتی منصوبے دیے،

# رائیونڈ تبلیغی اجتماع، سکیورٹی کیلئے 3 ہزار سے زائد پولیس افسران واہلکار تعینات

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر رائیونڈ تبلیغی اجتماع کے پہلے مرحلے کے لیے سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ اجتماع کی سکیورٹی کے لیے 3 ہزار سے زائد پولیس افسران و اہلکار فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ رائیونڈ اجتماع کی سکیورٹی ڈیوٹی پر 3 ایس پیز، 10 ڈی ایس پیز، 37 ایس ایچ اوز اور 214 اپر سب آرڈینیٹس تعینات ہیں۔ ترجمان نے بتایا



وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کمشنر آفس لاہور میں گندم کی کاشت کے فروغ کیلئے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ ممبران صوبائی اسمبلی غزالی سلیم بٹ، ملک شہباز علی، سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں اور کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف سمیت دیگر افسران بھی موجود ہیں

# ماتلی میں چوریوں اور ڈکیتیوں کی وارداتوں میں اضافہ، شہری عدم تحفظ کا شکار

## 3 ماہ گزر گئے ملوث ملزمان کی گرفتاری اور چوری شدہ رقم کی برآمدگی نہ ہوسکی

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) ماتلی شہر اور گردونواح میں چوری اور ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے شہریوں، تاجروں اور کاروباری حلقوں میں تشویش پیدا کر دی ہے۔ دکانوں کے تالے توڑ کر سامان اور نقدی چوری کرنے، کاروباری مراکز کو نشانہ بنانے اور مسلح افراد کی جانب سے شہریوں کو لوٹنے کے واقعات کے باعث شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کرنے لگے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق 4 اگست 2026 کو ماتلی میں تاجر مزمل کمبوہ کی ایجنسی کے تالے توڑ کر چار لاکھ روپے سے زائد نقدی چوری کر لی گئی تھی۔ واقعے کا مقدمہ 6 اگست کو تھانہ ماتلی میں نامعلوم ملزمان کے خلاف ایف آئی آر نمبر 219/2026، دفعات 457، 380 اور 34 تعزیرات پاکستان کے تحت درج کیا گیا تاہم 3 ماہ گزر گئے واردات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور چوری شدہ رقم کی برآمدگی ممکن نہ ہوسکی اس حوالے سے صحافی، شہری اور تاجر حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ شہری، صحافی و تاجر حلقوں نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی حیدرآباد اور ایس ایس پی بدین سے مطالبہ کیا ہے کہ وارداتوں کی تفتیش میں پیش رفت، ملوث ملزمان کی گرفتاری اور مسروقہ مال کی برآمدگی یقینی بنائی جائے

# نئے تعلیمی سال سے نصاب ممکنہ طور پر ڈیجیٹل پر منتقل ہو جائیگا

لاہور (این این آئی) اگلے تعلیمی سال سے نیا نصاب ممکنہ طور پر ڈیجیٹل کی طرف شفٹ ہو جائے گا، 25 فیصد ہلکی نصابی کتب، کیو آر کوڈ اور ویڈیو اسباق پر مبنی ہوں گی۔ ڈیجیٹل، تصوراتی نصاب یکم اپریل سے پنجاب بھر کے سکولوں میں نافذ العمل ہوگا، جدید پرائمری نصاب کا مقصد تعلیمی دباؤ کو کم کرنا اور بنیادی تعلیم کے نظام کو جدید بنانا ہے۔ فیصلہ نصابی کتب، نوٹ بک، ورک بک، ضمنی کورس کے بڑھتے دباؤ کو کم کرنے کیلئے کیا گیا، بڑے شہروں میں سکول بیگ کا بوجھ تجویز کردہ نصاب سے کہیں زیادہ ہو گیا



حب۔ سابق وائس چیئرمین بلوچستان بار کونسل معروف قانون دان وممبر بلوچستان بار کونسل راحب بلیدی ایڈوکیٹ سپریم کورٹ کی حب بار آمد کے موقع پر لیا گیا فوٹو

# امیر اللہ بچایو ہالیپوٹہ نے ضلعی شوری کے فیصلے کی روشنی میں نئے ضلعی عہدیداران کا تقرر کر دیا

## غلام رسول احمرانی، انجینئر علی مردان شاہ، پروفیسر علی احمد بلیدی اور ڈاکٹر شمس الدین محمد عظیم کو نائب امرائے ضلع کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں

بدین (نامہ نگار) جماعت اسلامی ضلع بدین کے امیر اللہ بچایو ہالیپوٹہ نے ضلعی شوری کے فیصلے کی روشنی میں سیشن 2026 تا 2028 کے لیے نئے ضلعی عہدیداران کا تقرر کر دیا ہے، جنہیں آئندہ دو سال کے دوران جماعتی ذمہ داریاں انجام دینا ہوں گی۔ جماعت اسلامی ترجمان کے مطابق ضلعی شوری کے فیصلے کے مطابق عبدالکریم بلیدی کو جنرل سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے، جبکہ غلام رسول احمرانی، انجینئر علی مردان شاہ، پروفیسر علی احمد بلیدی اور ڈاکٹر شمس الدین محمد عظیم کو نائب امرائے ضلع کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ اسی طرح فتح خان کھوسہ، سلیم جونیجو اور جواد سعید کو اسسٹنٹ سیکریٹریز مقرر کیا گیا ہے، جبکہ سید داد شاہ، محمد حسن بلیدی اور پیر علی احمد شاہ کو معاونینِ خصوصی برائے امیر ضلع مقرر کیا گیا ہے۔ اطلاعات و ابلاغ کے شعبے میں محمد علی بلیدی، عطا محمد گدی اور طارق بشیر کمبوہ کو انفارمیشن سیکریٹریز جبکہ محمد حنیف، زید شاہ اور غلام رسول ہالیپوٹہ کو سوشل میڈیا کی ذمہ داریاں سونپی گئی

# پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ بدلنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ تبدیل کرنے کی درخواست پر سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 4 رکنی بنچ نے سماعت کی۔ اس موقع پر وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق، چیف سیکرٹری اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کمیشن میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ پنجاب کی کابینہ کمیٹی اور الیکشن کمیشن کا اجلاس ہوا تھا،

# اوستہ محمد ایگل مددگار فورس امن وامان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے مؤثر کردار ادا کر رہی ہے

## ایگل مددگار فورس شہر میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ہمہ وقت متحرک ہے، نواز جتک

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد ایگل مددگار فورس امن وامان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے مؤثر کردار ادا کر رہی ہے۔ امن وامان برقرار رکھنا اور جرائم پیشہ عناصر کو قانون کی گرفت میں لانا پولیس فورس کی اولین ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار 15 ایگل مددگار فورس اوستہ محمد کے انچارج محمد نواز جتک نے بولان سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر ہیڈ محرر طارق مگسی بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایگل مددگار فورس شہر میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ہمہ وقت متحرک ہے۔ پولیس اہلکار اپنی ڈیوٹی پوری ذمہ داری، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ سرانجام دے رہے ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں گشت اور مشکوک افراد پر نظر رکھنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی بروقت روک تھام ممکن بنائی جاسکے۔ محمد نواز جتک نے مزید کہا کہ عوام کے جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ جرائم کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے عوام کا تعاون بھی انتہائی ضروری ہے۔

# سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

مینگورہ (این این آئی) سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 4.6 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی زیر زمین گہرائی 182 کلومیٹر تھی، زلزلے کا مرکز کوہ ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا۔ زلزلے کے باعث شہری خوفزدہ ہو کر گھروں اور عمارتوں سے باہر نکل آئے اور کلمہ طیبہ کا ورد کرتے رہے۔



# ٹھٹھہ میں نئی شاہ سچل سامی فش مارکیٹ کا افتتاح

## مقامی فش فارمرز کو اپنے ضلع میں کاروبار کے بہتر مواقع میسر آئیں گے، سید مہتاب شاہ

# پاک فوج کی جانب سے ضلع نیلم کی شونٹر ویلی میں فری میڈیکل کیمپ، مریضوں کا معائنہ

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
Mobile: 0336-6113760
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جمعہ 6 نومبر 2026، بمطابق 25 جمادی الاول 1448ھ


# رواں مالی سال 8500 ارب روپے قرض لینے کا پلان تیار کر لیا، وزارت خزانہ

## رواں مالی سال میں 92 فیصد قرض مقامی ذرائع، 8 فیصد بیرونی ذرائع سے حاصل کیا جائے گا

### مقامی فنانسنگ کیلئے تین ماہ، چھ ماہ اور بارہ ماہ کی مدت کے شارٹ ٹی بلز کا اجرا نہیں کیا جائے گا، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے رواں مالی سال 2026-25 کے دوران قرضوں اور قرضوں پر سود کی ادائیگیوں سمیت دیگر مالی ضروریات پوری کرنے کیلئے ملکی و غیر ملکی ذرائع سے ساڑھے آٹھ ہزار ارب روپے کے قرضے حاصل کرنے کا جامع منصوبہ تیار کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت خزانہ حکام نے بتایا کہ رواں مالی سال کے دوران 1039 ارب بیرونی قرضوں پر سود کی ادائیگیوں اور 8736 ارب مقامی قرضوں پر خرچ ہوں گے۔ وزارت خزانہ کے مطابق رواں مالی سال میں 92 فیصد قرض مقامی ذرائع اور 8 فیصد بیرونی ذرائع سے حاصل کیا جائے گا۔ وزارت خزانہ کے حکام کے مطابق مقامی ذرائع سے قرض حاصل کرنے کیلئے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز، اجارہ سکوک جاری کیا جائے گا، مقامی فنانسنگ کیلئے تین ماہ، چھ ماہ اور بارہ ماہ کی مدت کے شارٹ ٹی بلز کا اجرا نہیں کیا جائے گا۔ رواں مالی سال کے دوران حکومت مرکزی بینک سے کوئی قرض نہیں لے گی، کلائمٹ اینڈ ڈیزاسٹر ریزیلینس پروگرام کے تحت اے ڈی بی سے 40 کروڑ ڈالر اور وومن انکلوسیو فنانس پروگرام کے تحت 10 کروڑ ڈالر قرض لیا جائے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق ڈومیسٹک ریسورس موبلائزیشن پروگرام کے تحت 30 کروڑ ڈالر قرض حاصل کیا جائے گا، رواں مالی سال ایک ارب 20 کروڑ ڈالر کا کمرشل قرض حاصل کیا جائے گا جبکہ عالمی مارکیٹ میں گرین بانڈز اور چائنیز مارکیٹ میں پانڈا بانڈز جاری کرنے کا پلان بنایا گیا ہے، چائنیز مارکیٹ میں رواں مالی سال 30 کروڑ ڈالر کے بانڈز ایشو کیے جائیں گے۔



ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر سے ان کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## امریکا نے 4 سال میں پہلی بار شرح سود میں نمایاں کمی کر دی

### فیصلے سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مثبت اثرات کا امکان ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فیڈرل ریزرو نے سود میں نصف فیصد کی کمی کر دی، جس سے قرض لینے کی لاگت میں معمول سے زیادہ کمی کی گئی۔ یہ اقدام ملازمتوں کے شعبے کی صحت کے بارے میں بڑھتی ہوئی تشویش کے بعد کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی مرکزی بینک کی شرحیں مقرر کرنے والی کمیٹی کے پالیسی سازوں نے اپنے تازہ ترین بیان میں کہا، کمیٹی کو اس بات پر زیادہ اعتماد حاصل ہو گیا ہے

# معاشی استحکام کے حکومتی دعوؤں کے برعکس لاکھوں پاکستانی غربت کا شکار

## 2001 میں 60 فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی تھی، جو بتدریج کم ہو کر 2018 میں 21 فیصد تک آ گئی

### کورونا وبا سیاسی عدم استحکام، اور معاشی جھٹکوں نے اس پیشرفت کو پلٹ دیا۔ 2023-24 تک غربت کی شرح 27 فیصد سے تجاوز کر گئی ہے

کراچی (جی این ایم) پاکستان اس وقت ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے جہاں معیشت کی مثبت ظاہری تصویر اور عوام کی تلخ زمینی حقائق میں واضح تضاد نظر آ رہا ہے، ایک طرف اسٹاک مارکیٹ نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے، مہنگائی میں کمی آئی ہے اور حکومت بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے تعاون سے معیشت کے استحکام کا دعویٰ کر رہی ہے، لیکن دوسری طرف، عالمی بینک کی تازہ رپورٹ اس منظرنامے کے پیچھے چھپے سنگین مسائل کو بے نقاب کرتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق لاکھوں پاکستانی غربت کی دلدل میں دھنستے جا رہے ہیں، جہاں مہنگائی، کمزور سماجی تحفظ اور محدود مواقع ان کی زندگی کو مزید مشکل بنا رہے ہیں، 2001 میں 60 فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی تھی، جو بتدریج کم ہو کر 2018 میں 21 فیصد تک آ گئی۔ تاہم کورونا وبا سیاسی عدم استحکام، اور معاشی جھٹکوں نے اس پیشرفت کو پلٹ دیا۔ 2023-24 تک غربت کی شرح 27 فیصد سے تجاوز کر گئی ہے، جبکہ کم آمدن والے ممالک کے معیار کے مطابق تقریباً آدھی آبادی غربت کی زد میں آ چکی ہے۔ دیہی علاقوں میں غربت کی شدت سب سے زیادہ ہے، جہاں بلوچستان اور اندرون سندھ میں نصف سے زائد آبادی غربت کی شکار ہے۔ اس کے برعکس، پنجاب اور اسلام آباد میں غربت کی شرح نسبتاً کم ہے، جو علاقائی عدم مساوات کو واضح کرتی ہے، پاکستان کی انسانی ترقی کی صورتحال بھی تشویشناک ہے، 40 فیصد بچے غذائی قلت کا شکار ہو کر جسمانی مسائل کا شکار ہو رہے ہیں، جبکہ تعلیمی میدان میں بھی صورتحال ناگفتہ بہ ہے۔ 85 فیصد سے زائد ملازمتیں غیر رسمی شعبے میں ہیں، جن میں نہ تو مستقل روزگار ہے، نہ ہی کوئی سماجی تحفظ، خواتین کی اکثریت اسی غیر محفوظ لیبر مارکیٹ کا حصہ ہے، جو ان کی ترقی میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔ مہنگائی، قدرتی آفات اور محدود آمدنی نے عام گھرانوں کی لچک ختم کر دی ہے، صرف 10 فیصد آمدنی میں کمی لاکھوں افراد کو دوبارہ غربت میں دھکیل سکتی ہے۔ عالمی بینک نے صورتحال پر زور دیا ہے کہ صرف معاشی استحکام کافی نہیں، بلکہ پائیدار اور جامع ترقی کی ضرورت ہے، اس کیلئے ضروری ہے کہ پسماندہ علاقوں میں تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات میں سرمایہ کاری کی جائے۔ سماجی تحفظ کے نظام کو بہتر اور موثر بنایا جائے، ٹیکس نظام میں اصلاحات لا کر مراعات یافتہ طبقے کو بھی حصہ دار بنایا جائے۔ جب تک ترقی کے ثمرات عام لوگوں تک نہیں پہنچتے، معاشی کامیابی کے دعوے کھوکھلے نظر آئیں گے، پاکستان کی اصل ترقی اس وقت ہوگی جب ہر شہری کی زندگی میں بہتری نظر آئیگی۔

# وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کا افتتاح کر دیا

## اگر کسی 5 مرلہ اور دیہی علاقوں میں دس مرلے کی زمین ہے تو حکومت پنجاب آپ کو 15 لاکھ روپے آسان اقساط پر بلاسود قرضہ دے گی جس کی ماہانہ قسط 14 ہزار ہو گی،

### پہلے تین مہینے ایک روپیہ نہیں دینا پڑے گا، اس کے بعد 14 ہزار روپے ماہانہ قسط دینی پڑے گی، پنجاب حکومت سود ادا کرے گی، لوگوں کو کوئی ٹیکس نہیں دینا پڑے گا مریم نواز

لاہور: (اے ایف پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے کے بعض اضلاع کے لیے اپنا گھر اپنی چھت منصوبے کا افتتاح کر دیا۔ لاہور میں افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ جس کے پاس اپنی چھت ہوتی ہے اس کو قدر کم ہوتی ہے، جن کے پاس اپنی چھت نہیں ہے اس سے قدر جانیں، آپ کے پاس دنیا کی سب نعمتیں ہوں اپنی چھت نہ ہو تو وہ کمی محسوس ہوتی ہے جس کو الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری ہاسنگ اسد اللہ خان نے ہماری خواہش کو حقیقت کی شکل دی، ہم جلدی جلدی لوگوں کو گھر بنا کر بھی دیں گے، اگر آپ کے پاس شہری علاقے میں ایک سے 5 مرلہ اور دیہی علاقوں میں دس مرلے کی زمین ہے تو حکومت پنجاب آپ کو 15 لاکھ روپے آسان اقساط پر بلاسود قرضہ دے گی جس کی ماہانہ قسط 14 ہزار ہو گی، پہلے تین مہینے ایک روپیہ نہیں دینا پڑے گا، اس کے بعد 14 ہزار روپے ماہانہ قسط دینی پڑے گی، پنجاب حکومت سود ادا کرے گی، لوگوں کو کوئی ٹیکس نہیں دینا پڑے گا۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ مجھے اندازہ ہے کم آمدنی والے کیسے گزارہ کرتے ہیں، بجلی کے بلز میں بھی پینتالیس سے پچاس ارب کا ریلیف دے رہے ہیں، اگلے سال سے تاریخ کا سب سے بڑا سولر پروگرام لے کر آ رہے ہیں تاکہ اگلے سال سے بل ہی نہ دینا پڑے وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ اس کے لئے ایک نمبر دیا گیا ہے، پی آئی ٹی بی کے پورٹل پر بھی اپلائی کر سکتے ہیں، آپ کے پاس زمین کا ٹکڑا ہے تو اپنے علاقے کے ڈی سی اور کمشنر آفس سے بھی معلومات لے سکتے ہیں، ہم نے کوشش کی ہے کہ اس کی قسط کرائے سے کم رکھیں، ہم گھر بھی بنانے جا رہے ہیں، بہت جلد یہ گھر بنانے شروع کر دیے جائیں گے انہوں نے زور دیا کہ یہ اسکیمز عوام کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر بنائی گئی ہے

## بلاول بھٹو کی قیادت میں پیپلز پارٹی عوام کی خدمت میں کوشاں ہے، روزی خان کاکڑ

### بطور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ، فنانس سیکرٹری ملک حمید کاکڑ، آفس سیکرٹری اختر بلوچ، سردار سرور سلمانخیل، کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ، الطاف گجر، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، پیپلز یوتھ کے صدر عین الدین کاکڑ، وکلاء ونگ کے انوار، پیپلز وومن ونگ کوئٹہ سٹی کی صدر نرگس مصطفیٰ، انفارمیشن سیکرٹری سٹی ماہ جبین کرنے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پیپلز پارٹی عوام کی خدمت میں کوشاں ہے اور شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کے نظریات کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ مقررین نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری قوم کیلئے امید کی کرن اور حقیقی نوجوان لیڈر ہیں، بطور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو صرف پاکستان میں ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں مقبول ترین لیڈر ہیں، جن کی قابلیت اور سیاسی بصیرت سے دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے سیاستدان اور وزراء بھی واقف ہیں،



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

## عظیم تر پاکستان کیلئے ہماری جماعت کوشاں رہیں گے، میر ندیم محمد شہی

### بی این ایم اور دیگر دہشتگرد ڈیتھ اسکواڈز محرومیوں کو جواز بنا کر بلوچ عوام کو گمراہ کرنے کی ناکام کوششیں کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جھالاوان عوامی پینل کے مرکزی رہنما میر ندیم الرحمٰن محمد شہی نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ میر شفیق الرحمٰن مینگل کے حالیہ انٹرویوز میں بلوچستان کے مسائل کی حقیقی نشاندہی اور اُن کے حل کیلئے دوٹوک موقف نے بلوں میں چھپے بھگوڑوں کی نیندیں حرام کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بیڈ گورننس، کرپشن، بے روزگاری، لاقانونیت، جبری گمشدگیاں، ماورائے عدالت قتل، و دیگر اہم مسائل کے حل خوشحال بلوچستان اور عظیم تر پاکستان کیلئے ہماری جماعت کوشاں رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے تمام محرومیاں جن کو بنیاد بنا کر ہندو بنیے کے نظریہ پر کاربند چند نام نہاد ڈیتھ اسکواڈز جن کی تعداد بلوچستان میں دو فیصد سے بھی کم ہے عوام کو گمراہ بنانے اور عوامی حمایت حاصل کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے جنکا مقصد پاکستان کو کمزور کرنے اور توڑنے کے سواء کچھ اور نہیں اُن کے خلاف سیاسی جدوجہد جاری رہے گی الزامات اور پروپیگنڈوں سے سورج کو انگلی سے چھپانے کی کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوگی بلوچستان کے عوام کو یقین دلاتے ہے کہ اپنے وطن کو بیرونی طاقتوں کی شیطانوں کے ہاتھوں یرغمال نہیں ہونے دینگے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بیرونی طاقتوں کے ہاتھوں کھلونا بننے والے بھارتیہ نیشنل موومنٹ جیسے چند دیگر نام نہاد ڈیتھ اسکواڈز کو بلوچ عوام اور بلوچستان کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں

## پنجگور میں پی ٹی سی ایل کے لینڈ لائن ڈی ایس ایل نیٹ سروس یوفون موبائل نیٹ ورک درہم برہم

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں پی ٹی سی ایل کے لینڈ لائن ڈی ایس ایل نیٹ سروس یوفون موبائل نیٹ ورک درہم برہم گزشتہ کئی گھنٹوں سے معطل۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور میں پی ٹی سی ایل کے نیٹ سروس لینڈ لائن فون سروس اور یوفون موبائل سروس گزشتہ کئی گھنٹوں سے معطل ہونے کے بعد بحال ہو گیا پنجگور میں پی ٹی سی ایل کے نیٹ سروس یوفون موبائل فون سروس کا کئی کئی گھنٹوں تک معطل رہنا معمول بن گیا ہے جس کی وجہ سے صارفین اور عام عوام کو رابطے کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے پنجگور میں موبائل ڈیٹا گزشتہ ڈھائی سال سے بند ہیں

# ماہانہ ٹیکس وصولی ایف بی آر کو 116 ارب کے شارٹ فال کا سامنا

## اگست 2024 کے لیے مقررہ ہدف 898 ارب روپے کے مقابلے وصولی 782 ارب روپے رہی

### آئی ایم ایف کے مین ایجنڈے میں بیرونی فنانسنگ کی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ شامل ہو سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو اگست 2024 کے لیے ماہانہ ٹیکس وصولی کا ہدف حاصل کرنے کے لیے 116 ارب روپے سے زائد کے ریونیو شارٹ فال کا سامنا ہے۔ صرف ایک ماہ میں اس بڑے شارٹ فال سے آنے والے مہینوں میں منی بجٹ کی نقاب کشائی کے ذریعے اضافی ٹیکس کے اقدامات کرنے کے لیے آئی ایم ایف پر دباو بڑھنے کے سنگین خطرات لاحق ہیں۔ مجموعی مالیاتی فریم ورک بشمول اخراجات کو کم کرنا، خاص طور پر پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی شکل میں ترقیاتی اخراجات اور ٹیکس کے اضافی اقدامات کرنا آئی ایم ایف کے مین ایجنڈے میں بیرونی فنانسنگ کی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ شامل ہو سکتا ہے۔ اگست 2024 کے لیے مقررہ ہدف 898 ارب روپے کے مقابلے جمعہ کی شام تک ایف بی آر کی عارضی وصولی 782 ارب روپے رہی۔ اعلیٰ ذرائع نے تصدیق کی کہ ہم توقع کر رہے ہیں کہ مزید چند ارب اکٹھے ہوں گے اور اگست 2024 تک یہ مجموعہ زیادہ سے زیادہ 794 ارب روپے تک پہنچ سکتا ہے۔ چیئرمین ایف بی آر اور دیگر حکام سے رابطے کی بھرپور کوشش کی گئی لیکن اس خبر کو فائل کرنے تک کسی نے جواب دینے کو ترجیح نہیں دی۔

## پرویز الٰہی کی خصوصی ہدایت پر کارکنوں کا ایک بڑا قافلہ پی ٹی آئی جلسہ میں شرکت کیلئے پہنچا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چودھری پرویز الٰہی کی خصوصی ہدایت پر گجرات سے اپنی ہمشیرہ بیگم ثمیرہ الٰہی، بھانجی باسمہ ریاض چودھری اور منڈی بہاؤالدین سے بیگم کوثر پروین کی قیادت میں کارکنوں کا ایک بڑا قافلہ پی ٹی آئی کے لاہور جلسہ میں شرکت کیلئے پہنچا۔ کارکنوں نے عمران خان، چودھری پرویز الٰہی، مونس الٰہی کی تصاویر والے پلے کارڈ اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔ مین روڈ سے جلسہ گاہ پر بیگم ثمیرہ الٰہی اور باسمہ چودھری کارکنوں کے ہمراہ پیدل جلسہ گاہ تک پہنچیں۔ جلسہ گاہ پہنچنے پر بیگم ثمیرہ الٰہی اور باسمہ چودھری کنٹینر پر مرکزی قیادت کے ہمراہ جلسہ کے اختتام تک موجود رہیں۔ سٹیج سیکرٹری عثمان سعید بسرا نے ان کی آمد پر چودھری پرویز الٰہی کے حق میں نعرے لگوائے

## محکمہ کیو ڈی اے کے افسران کو دھمکیاں دینے کی مذمت کرتے ہیں، عبدالخالق آغا

### ناجائز کاموں کو محکمہ کیو ڈی اے سے کروانے کیلئے محکمے کو اور محکمے کے آفیسران کو بلیک میل کرنے کی گھناؤنی حرکت کی

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) ہزار گنجی زون کے صدر سید عبدالخالق آغا بس اڈے ہزار گنجی کے صدر حاجی صدر کاکڑ، ٹرک اڈے کے حاجی امین اللہ آغا، مزدا اسٹینڈ کے صدر حاجی مرتضیٰ خان نورزئی، فروٹ اینڈ سبزی منڈی کے صدر عمر الدین خان، کراچی روڈ کے صدر محمد عامر ہنگلزئی، میر شاہ کریم مینگل، حاجی موسیٰ خان اچکزئی، رمضان خان بڑیچ، حاجی نقیب اللہ کاکڑ، نجیب خان کاکڑ، فوکل پرسن ظفر خان بڑیچ اور آل بلوچستان ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن ہزار گنجی زون کے صدر سید حجت اللہ آغا نے گزشتہ روز ایک نام نہاد تنظیم جنکا سرے سے ہزار گنجی میں کوئی وجود ہی نہیں ہے کی جانب سے محکمہ کیو ڈی اے اور آفیسران کے خلاف من گھڑت اخباری بیان میں یہ الزام لگایا گیا تھا کہ محکمہ کیو ڈی اے میں عوام کی جائیدادوں کی فائلیں غائب ہو جاتی ہیں اور محکمہ کیو ڈی اے کے آفیسران اس عمل میں شامل ہیں جو کہ جھوٹ اور من گھڑت ہے بلکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ بے بنیاد اخباری بیان جاری کرنے والا جو کہ صرف ایک شخص ہے ہزار گنجی ٹرک اڈے میں بیٹھا ہوا ہے اور وہ اور اسکا بیٹا پراپرٹی کے کاروبار سے منسلک ہے اور پچھلے دنوں محکمہ کیو ڈی اے کے آفس میں آفیسران کو دھونس دھمکیوں کے ذریعے اپنے ناجائز کام کروانا چاہتا تھا جس پر محکمہ کیو ڈی اے کے آفیسران نے اس کے دھونس دھمکیوں کی پروا کیے بغیر اس کے ناجائز کام سے صاف انکار کیا جس پر اس اور اسکے والد نے جو کہ ہزار گنجی ٹرک اڈے میں ون مین شو ہے نے اپنا ایک جھوٹا اور بے بنیاد اخباری بیان جاری کیا ہے اور اپنے ناجائز کاموں کو محکمہ کیو ڈی اے سے کروانے کیلئے محکمے کو اور محکمے کے آفیسران کو بلیک میل کرنے کی گھناؤنی حرکت کی

# پاک نیدرلینڈز کا انسانی سمگلنگ روکنے کیلئے باہمی تعاون پر اتفاق

## انسانی سمگلرز بہت بڑا مافیا ہے، کوئی ملک تنہا نہیں نمٹ سکتا، مشترکہ اقدامات ہی انسانی سمگلنگ کے خلاف کارگر ہو سکتے ہیں، محسن نقوی

### انسانی سمگلنگ روکنے کیلئے دوطرفہ اشتراک کار بڑھانے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر داخلہ کی نیدرلینڈ کی سفیر سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ انسانی سمگلرز بہت بڑا مافیا ہے، کوئی ملک تنہا نہیں نمٹ سکتا، انسانی سمگلنگ روکنے کیلئے دوطرفہ اشتراک کار بڑھانے کی ضرورت ہے، مشترکہ اقدامات ہی انسانی سمگلنگ کے خلاف کارگر ہو سکتے ہیں، نیدرلینڈز کی سفیر ہینی ڈی وریس نے وزارت داخلہ کا دورہ کیا جہاں وزیر داخلہ محسن نقوی نے ان کا خیر مقدم کیا، وفاقی سیکرٹری داخلہ خرم علی آغا، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ رفعت مختار راجہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ دونوں رہنماوں کے درمیان ملاقات میں دوطرفہ تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، نیدرلینڈز کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعلقات کو بڑھانے مختلف شعبوں میں اشتراک کار بڑھانے پر بھی گفتگو کی گئی۔ وزیر داخلہ نے نیدرلینڈز کی نئی حکومت اور اپنی ہم منصب کو مبارکباد بھی پیش کی۔ ملاقات میں پاکستان اور نیدرلینڈز نے انسانی سمگلنگ روکنے کیلئے باہمی تعاون بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انسانی سمگلنگ کو روکنے کیلئے باہمی تعاون بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ملاقات کے دوران افغان مہاجرین کی دیکھ بھال کیلئے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان نیدرلینڈز کے ساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ نیدرلینڈز کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعلقات کو بڑھانے کے خواہاں ہیں۔ اس موقع پر پاکستان اور نیدرلینڈز کے مابین کرکٹ روابط بڑھانے پر بھی اتفاق ہوا، محسن نقوی کا کہنا تھا کہ نیدرلینڈز کے ساتھ کرکٹ کے فروغ کا پلان تیار کر رہے ہیں۔ اس ضمن میں اطالوی ٹیم جلد پاکستان کا دورہ کرے گی۔ سفیر نیدرلینڈز کا کہنا تھا کہ کھیل سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا فروغ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ کرکٹ میں تعاون کے فروغ سے نیدرلینڈز کی ٹیم کو پاکستان کے تجربے سے سیکھنے کا موقع ملے گا۔ نیدرلینڈز کی سفیر کی جانب سے محسن نقوی کو صدر ایشین کرکٹ کونسل کے منصب پر نامزدگی پر مبارکباد پیش کی گئی۔

## انسانی زندگی کا مسئلہ، ماحولیاتی تحفظ اور عوامی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا' مریم اورنگزیب

### جہاں بھی ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی ہوئی، فوری قانونی کارروائی، پرچہ درج ہوگا' سینئر صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سموگ کے تدارک کے لیے بڑے پیمانے پر کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی قیادت میں اینٹی سموگ مہم کے تحت دھواں خارج کرنے والی گاڑیوں اور ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ گزشتہ روز 1250 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی، جن میں سے 128 گاڑیاں فوری طور پر بند کر دی گئیں۔ مٹی، ریت اور ملبہ لے جانے والی ٹرالیوں کی بھی سخت نگرانی کی جا رہی ہے۔ لاہور کے داخلی راستوں، بشمول ٹھوکر نیاز بیگ، سگیاں، گجومتہ اور بادامی باغ پر چوبیس گھنٹے ناکے لگائے گئے ہیں۔ ای پی اے اور پولیس کی مشترکہ ٹیمیں ماحولیاتی قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے دن رات سرگرم ہیں۔ ناقص انجن اور زیادہ دھواں خارج کرنے والی گاڑیوں کو شہر میں داخل ہونے سے روک دیا گیا ہے۔ سینئر وزیر نے خبردار کیا کہ جہاں بھی ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی ہوئی، چاہے وہ اسکول، کارخانہ، دکان یا تعمیراتی مقام ہو، فوری قانونی کارروائی کی جائے گی اور پرچہ درج ہوگا۔ پنجاب بھر میں زہریلا دھواں خارج کرنے والے صنعتی یونٹس کو سیل کیا جا رہا ہے اور فیکٹری مالکان کے خلاف ایف آئی آرز درج کی جا رہی ہیں۔ گرین لاک ڈاؤن ایریاز میں ویٹ سویپنگ، کمرشل جنریٹرز کی انسپکشن اور پانی کے چھڑکاؤ کے عمل کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے۔

# بزنس کمیونٹی پیسہ کمائے گی تو حکومت کو بھی ریونیو آئے گا، مراد علی شاہ

## روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی دراصل انسانی حقوق ہیں، وزیراعلیٰ سندھ

### اسرائیلی اور بھارتی مظالم سے بے گناہ انسانوں کو تحفظ دلایا جائے، مراد علی شاہ کی عالمی برادری سے اپیل

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی انسانی حقوق ہیں۔ فلسطین اور کشمیر میں اسرائیل اور بھارت انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیاں کر رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے انسانی حقوق کے عالمی دن کی مناسبت سے وزیراعلیٰ ہاؤس سے اپنے جاری کردہ پیغام میں کہی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ انسانی حقوق کا عالمی دن ہر سال 10 دسمبر کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے، اس سال 2024 ہمارے حقوق، ہمارا مستقبل، ابھی کے عنوان سے منایا جا رہا ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی دراصل انسانی حقوق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق پر امن، انصاف پسند اور جامع معاشروں کی بنیاد ہیں اور اظہار آزادی، تعلیم اور صحت کی رسائی انسانی حقوق کی اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت بلا تفریق انسانی حقوق کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے۔ انسانی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے ایک منصفانہ سماج کا قیام لازمی ہے اور سندھ سمیت پاکستان میں تمام شہریوں کو یکساں حقوق حاصل ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے گورنر ہاؤس لاہور میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر و ریجنل چیئرمین ذکی اعجاز، نائب صدر و ریجنل چیئرمین سندھ ساؤتھ عبدالمومن و دیگر وفد سے ملاقات کے موقع پر کہا کہ انڈسٹری کا فروغ ہمارا مقصد ہونا چاہیے، بزنس کمیونٹی پیسہ کمائے گی تو حکومت کو بھی ریونیو آئے گا۔ اگر صنعتکاروں کو مفت زمین دی جائے تو صنعتکاری میں اضافہ ہوگا۔ سندھ حکومت بزنس کمیونٹی کو سپورٹ کرتی ہے، ایف پی سی سی آئی آفس میں آ کر بزنس کمیونٹی کو یقین دہانی کراں گا کہ آپ کام کریں سندھ حکومت آپ کو سپورٹ کرے گی۔

## انٹر کامرس پارٹ ٹو کے نتائج کا اعلان، سرکاری کالجز پوزیشن سے محروم

### 12 ہزار 87 امیدوار کامیاب قرار پائے، کامیابی کا تناسب 35.96 فیصد رہا

کراچی (این این آئی) اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے انٹر میڈیٹ پارٹ ٹو (بارہویں جماعت) کامرس ریگولر گروپ کے سالانہ امتحانات برائے 2024 کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ تینوں پوزیشنز نجی کالجز نے حاصل کی سرکاری کالجز پوزیشن لینے سے محروم رہے۔ چیئرمین انٹر بورڈ پروفیسر امیر حسین قادری نے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ کامرس ریگولر گروپ کے امتحانات میں تابانیز کالج کے طالبعلم محمد سمیع ولد محمد الطاف رول نمبر 606818 نے ٹوٹل 1100 میں سے 983 نمبر (89.36%) اے ون گریڈ کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔ کامکس کالج کی طالبہ رابعہ بنت عمران چھابڑا رول نمبر 627037 نے 975 نمبر (88.63%) اے ون گریڈ کے ساتھ دوسری پوزیشن جبکہ بحریہ کالج کارساز کی طالبہ جویریہ تاج بنت محمد سلیم چھابڑا رول نمبر 627167 نے 970 نمبر (88.18%) اے ون گریڈ کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ناظم امتحانات زرینہ راشد نے نتائج کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا



سوات، کبل ڈھیری میں برہ خان خیل یوتھ جرگہ سے مشران خطاب کر رہے ہیں

## لبنان میں پیجرز دھماکوں میں بھارتی شہری کا نام سامنے آنے لگا

### کمپنی سال 2022 میں بلغاریہ کے شہر صوفیا میں رجسٹرڈ ہوئی تھی جسے بھارتی شہری رنسن جوز چلا رہا تھا، رپورٹ

بیروت (این این آئی) لبنان میں ہونے والے پیجرز دھماکوں میں مبینہ طور پر بھارتی شہری کے ملوث ہونے کا انکشاف کیا جا رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق 17 ستمبر کو اسرائیل نے لبنان کی عسکری تنظیم حزب اللہ کے کمیونی کیشن سسٹم کو ہیک کر لیا تھا، جس کے باعث حزب اللہ کے زیر استعمال پیجرز ڈیوائسز کی بیٹریاں پھٹ گئی تھیں جس کے نتیجے میں بچوں اور خواتین سمیت 20 سے زائد افراد جاں بحق اور ایرانی سفار تکار سمیت ڈھائی ہزار زخمی ہو گئے تھے۔ پیجرز دھماکوں سے متعلق ذرائع نے انکشاف کیا تھا

## جمعیت علماء اسلام نظریاتی اور فکری اساس کی بنیاد پر استقلال کیساتھ میدان عمل کی جدوجہد کر رہی ہے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے مختلف وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی اور فکری اساس کی بنیاد پر استقلال کے ساتھ میدان عمل کی جدوجہد کر رہی ہے۔ جمعیت اسلام (ف) کی اس عظیم جماعت میں شخصیات تو وقت کے ساتھ تبدیل ہوتی ہیں لیکن منشور اور نظریات کبھی تبدیل نہیں ہوں

## مشاورتی جمہوریت چین کی سوشلسٹ جمہوری سیاست کی ایک منفرد برتری ہے، چینی صدر

### ہمیں اپنے راستے، نظریے، نظام اور ثقافت پر زیادہ اعتماد ہونا چاہئے، تقریب سے خطاب

بیجنگ (این این آئی) سی پی سی کی مرکزی کمیٹی اور چین کی عوامی سیاسی مشاورتی کانفرنس کی قومی کمیٹی نے سی پی پی سی سی کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے حوالہ سے بیجنگ میں اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ چینی میڈیا کے مطابق سی پی سی سینٹرل کمیٹی کے جنرل سیکرٹری، عوامی جمہوریہ چین کے صدر اور سینٹرل ملٹری کمیشن کے چیئرمین شی جن پنگ نے اجلاس میں شرکت کی اور کہا کہ ہمیں اپنے راستے، نظریے، نظام اور ثقافت پر زیادہ اعتماد ہونا چاہئے اور ہمہ جہت عوامی جمہوریت کی ترقی میں سی پی پی سی سی کی نمایاں سیاسی خوبیوں کو مکمل بروئے کار لانا چاہئے۔ شی جن پنگ نے کہا کہ گزشتہ 75 سالوں کے عمل نے مکمل طور پر ثابت کیا ہے کہ سی پی پی سی سی کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی قیادت میں جمہوری جماعتوں، سیاسی جماعتوں سے غیر وابستہ افراد، عوامی تنظیموں اور تمام اقلیتی گروہوں سمیت زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی طرف سے سیاسی نظام کی ایک عظیم تخلیق ہے،

## بلوچستان سے پولیو وائرس کا ایک اور کیس رپورٹ، ملک گیر کیسز کی سطح 21 ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے پولیو وائرس کا ایک اور کیس رپورٹ، ملک گیر کیسز کی سطح 21 ہو گئی۔ قومی ادارہ صحت اسلام آباد میں قائم انسداد پولیو لیبارٹری نے وائلڈ پولیو وائرس ٹائپ 1 (WPV1) کے تین نئے کیسز کی تصدیق کی ہے جن میں سے ایک کا تعلق بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ سے ہے



بٹ خیلہ، مسلم لیگ نون کے صوبائی صدر وفاقی وزیر امیر مقام پیپلز پارٹی کے رہنما فضل محمد خان کی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## پاکستان میں جی ڈی پی تناسب آج بھی 90 کی دہائی والا ہے، کنٹری ڈائریکٹر عالمی بینک

### پاکستان میں میکرو اکنامک عدم استحکام کے باعث گروتھ نہیں بڑھ سکی، سالانہ پائیدار ترقی کے اہداف پر منعقد کانفرنس میں اظہار

اسلام آباد (این این آئی) کنٹری ڈائریکٹر عالمی بینک نے کہا ہے کہ پاکستان میں میکرو اکنامک عدم استحکام کے باعث گروتھ نہیں بڑھ سکی، جی ڈی پی تناسب 90 کی دہائی والا ہے۔ کنٹری ڈائریکٹر عالمی بینک نے سالانہ پائیدار ترقی کے اہداف پر منعقد کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں آج بھی ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 90 کی دہائی کے مطابق 11 فیصد پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام سے مائیکرو اکنامک جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے، اب حکومت پاکستان درست سمت میں گامزن ہے

## عدلیہ کی آزادی و بنیادی حقوق پر آنچ نہیں آنے دینگے، طارق مدنی

### آئینی عدالت کیلئے ترمیم پر حکومت کی نیت صحیح نہیں، پیچیدگیاں ہو جائیں گی، گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان امن کونسل کے سربراہ طارق محمود مدنی نے کہا ہے کہ مجوزہ آئینی ترامیم شدید قابل مذمت ہے اس کے خلاف اٹھنے والی ہر آواز کی بھرپور حمایت کرتے ہیں اور حکومت کو متنبہ کرتے ہیں کہ ملک کے سب سے بڑے قانون آئین پاکستان سے متصادم و بدنیتی پر مبنی آئینی ترامیم کو پیش کرنے سے باز آ جائے باشعور عوام آئین پاکستان سے کھلواڑ ہرگز برداشت نہیں کرے گی اور آئین سے متصادم و بدنیتی پر مبنی آئینی ترامیم کے نفاذ کو روکنے کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی، عدلیہ کی آزادی اور بنیادی حقوق پر آنچ نہیں آنے دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد نمازیوں سے ملاقات اور مرکزی امن سیکرٹریٹ شیر شاہ میں سماجی رہنما اسلم خان فاروقی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

## بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے انٹری ٹیسٹ (آج) کوئٹہ میں ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے انٹری ٹیسٹ آج کوئٹہ میں ہوگا صوبے بھر سے 5806 امیدوار حصہ لے رہے ہیں پی ایم ڈی سی نے میڈیکل انٹری ٹیسٹ کی کوریج سے صحافیوں کو روک دیا

## بلوچستان میں 5 ہزار والدین بچوں کو پولیو وائرس سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے انکاری

### حکام نے صوبے میں رواں سال پولیو کے کیسز رپورٹ ہونے پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں 5 ہزار والدین بچوں کو پولیو وائرس سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے انکاری ہیں، صوبے میں رواں سال 14 بچے پولیو وائرس سے متاثرہ ہو کر معذور ہو گئے ہیں۔ محکمہ صحت ذرائع کے مطابق بلوچستان میں انسداد پولیو کی حالیہ 7 روزہ قومی مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری والدین کے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، مہم 9 تا 15 ستمبر کے دوران چلائی گئی تھی، انسداد پولیو کی مہم میں تقریباً 5 ہزار ایسے والدین رپورٹ ہوئے جو اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے انکاری رہے

## سرکاری اسپتالوں کی نجکاری اور کنٹریکٹ پالیسی کے خلاف بھرپور جدوجہد کا عزم کرتے ہیں، گرینڈ ہیلتھ الائنس

کوئٹہ (این این آئی) گرینڈ ہیلتھ الائنس کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ نے کہا ہے کہ سرکاری اسپتالوں کی نجکاری کسی صورت قابل قبول نہیں اور اس کے خلاف ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔ ہیلتھ ملازمین اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں

## معصوم بچوں کو نشانہ بنانا سنگین جرم ہے جس کی کوئی معافی نہیں ہو سکتی، ہزارہ سٹوڈنٹس فیڈریشن

### ظالمانہ جرائم کی روک تھام اور معاشرے کی اصلاح کے لیے فوری اور سخت اقدامات کریں

کوئٹہ (این این آئی) ہزارہ سٹوڈنٹس فیڈریشن کے مرکزی بیان میں کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے جرائم، خاص طور پر بچوں پر تشدد اور ان کے قتل جیسے گھناؤنے اور انسانیت سوز واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم نہ صرف ہماری معاشرتی اقدار کے خلاف ہیں بلکہ انسانیت کے بنیادی اصولوں کی بھی خلاف ورزی ہیں۔ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا ایک سنگین جرم ہے جس کی کوئی معافی نہیں ہو سکتی۔ ہزارہ سٹوڈنٹس فیڈریشن ایسے واقعات کو معاشرے میں بے حسی اور قانون کی عملداری کی ناکامی سمجھتی ہے



مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں بلوچستان ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے نصیر آباد ڈویژن کے ہیلتھ اسپیشلسٹ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

Daily BOLAN HUB Balochistan روزنامہ بولان حب بلوچستان

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com


## آزادی صحافت کی نئی تاریخ

Julian Assang نے آزادی صحافت کی ایک نئی تاریخ رقم کردی۔ برطانیہ میں قید و بند کی صعوبتیں گزارنے اور ایکوڈور کے سفارت خانہ کے ایک کمرے میں کئی سال گزارنے کے بعد امریکا کے حکام جولین اسانج سے معاہدے پر مجبور ہوئے۔ امریکا کی خفیہ دستاویزات افشا کرنے کے قانون کے تحت عائد کیے گئے الزامات سے بری ہونے کے بعد آزادانہ زندگی گزارنے کا حق حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔

میڈیا کی تاریخ میں وکی لیکس کو افشا (امریکا کی وزارت خارجہ کی خفیہ دستاویزات) کرکے ایک نئی رپورٹنگ کی طرز ڈالنے والے اس شخص کی زندگی کی داستان بھی عجیب ہے۔ جولین اسانج 3 جولائی 1971 کو کوئنز لینڈ کے شہر Townsville میں پیدا ہوئے تھے۔ اسانج اور ان کی حقیقی بہن کرسٹائن جون شپٹون کا تعلق آسٹریلیا کے شہر سڈنی سے تھا، جولین اسانج کی والدہ کا تعلق بھی آسٹریلیا سے تھا۔ جولین اسانج کے والد Visual Artist اور جنگ مخالف تحریک کے کارکن تھے مگر جولین اسانج کے والدین میں جولین کی پیدائش سے پہلے علیحدگی ہوگئی تھی۔ جولین اسانج کا بچپن انتہائی مشکل حالات میں گزرا تھا۔

جولین اسانج نے آسٹریلیا کی میلبورن یونیورسٹی کے فزکس کے شعبہ میں داخلہ لیا تھا مگر جولین اسانج اپنی تعلیم مکمل نہ کرسکے۔ سینٹرل کوئنز لینڈ یونیورسٹی میں داخلہ لیا مگر وہ یہاں بھی اپنا کورس مکمل نہ کرپائے۔ جولین اسانج جب Belmarsh Prison میں تھے تو انھوں نے ایک وکیل Stella سے شادی کی تھی۔ اسٹیلا کا تعلق اسپین سے ہے۔ اسٹیلا کا شمار انسانی حقوق کی بین الاقوامی تحریک کے معروف وکلا میں ہوتا ہے۔ جولین اسانج اگرچہ اپنی تعلیم مکمل نہ کرپائے مگر انھوں نے کمپیوٹر کے شعبہ میں ہیکنگ Hacking میں مہارت حاصل کرلی تھی اور Mendax کے قلمی نام سے شہرت حاصل کی تھی۔

جولین اسانج کو ذرایع ابلاغ میں اس وقت اہمیت حاصل ہوئی جب جولین اسانج پر ہیکنگ کا الزام لگایا گیا جو سائبر کرائم کے تحت جرم تھا۔ اس مقدمے میں اسانج پر معمولی جرمانہ ہوا تھا۔ اسانج نے 2006 میں وکی لیکس Wikileaks قائم کیا۔ اسانج کو ہیکنگ کے فن کے ذریعے امریکا کی وزارت خارجہ کے انتہائی حساس کمپیوٹروں تک رسائی حاصل ہوگئی، یوں 2010 میں وکی لیکس کی جاری کردہ دستاویزات نے دنیا بھر میں تہلکہ مچادیا۔ بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق وکی لیکس نے تقریبا 10 ملین دستاویزات جاری کی تھیں۔ ان رپورٹوں میں امریکا کی سابق وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن کو دنیا بھر میں امریکی سفارت کاروں کے بھیجے جانے والے خفیہ کیبلز بھی شامل تھے۔

افغانستان، پاکستان، بھارت، عراق اور دیگر ممالک میں تعینات امریکی سفارت کاروں نے ان ممالک کے حالات کے بارے میں اپنے تبصروں کے ساتھ یہ کیبلز امریکی وزارت خارجہ کو بھیجے تھے۔ جرمنی اور فرانس سے بھیجے گئے کیبلز سے امریکا کے ان ممالک سے سفارتی تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوئی تھی۔ ان کیبلز میں عراق میں امریکا اور اتحادیوں کی فوجوں کی گولہ باری سے شہری آبادی کو ہونے والے نقصانات کی تفصیلات درج کی گئی تھیں۔ ان کیبلز کے مطالعے سے امریکی فوجیوں کی افغانستان اور عراق میں ہونے والی بمباری کے شہری آبادی پر ہونے والے نقصانات کا پتہ چلتا ہے۔

مسٹر اسانج نے کئی دفعہ کہا تھا کہ انھوں نے افغانستان اور عراق میں امریکی فوجیوں کی مقامی شہریوں کے خلاف بہیمانہ کارروائیوں کا پردہ چاک کیا تھا۔ امریکا کی حکومت نے وکی لیکس میں ظاہر ہونے والی دستاویزات کو عام ہونے سے روکنے کے لیے ایک خفیہ آپریشن شروع کیا تھا۔ اس آپریشن کے تحت اسانج کو امریکا بلا کر سزا دینے کے لیے کارروائی شروع کی گئی۔ سب سے پہلے اسانج کے خلاف آسٹریا میں جنسی ہراسگی کا مقدمہ قائم ہوا تھا۔ امریکی وزارت خارجہ کی کوشش سے اسانج کو امریکا پہنچانے اور وہاں پر مقدمہ چلانے کی کوشش جس کے خلاف جولین اسانج کو طویل مزاحمت کرنی پڑی۔

اس مہم کے دوران صحافتی تنظیموں کے علاوہ انسانی حقوق کی تمام تنظیموں نے جولین اسانج کے خلاف ناروا سلوک پر سخت احتجاج کیا۔ اسانج کا بار بار کہنا تھا کہ امریکا اس کے خلاف مختلف ممالک میں جعلی مقدمات قائم کرکے وکی لیکس کے افشا ہونے پر سزا دینا چاہتا ہے۔ امریکا کی حکومت نے اسانج کے خلاف امریکا میں خفیہ راز افشا کرنے، جاسوسی کرنے اور امریکی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے الزامات میں مقدمات قائم کیے۔ امریکا کے حکام نے مسلسل کوشش کی کہ برطانیہ اسانج کو ملک بدر کردے اور امریکی حکام اسانج کو اغوا کرکے امریکا لے جائیں۔ اسانج نے مئی 2012 میں Ecuadore کے سفارت خانہ میں سیاسی پناہ حاصل کی۔ وہ 2019 میں ایکوڈور کے سفارت خانہ میں داخل ہوئے اور کئی سال تک ایک چھوٹے سے کمرہ میں مقید رہے۔

## افغان طالبان اور پی ٹی آئی

پاکستان تحریک انصاف نے کئی پالیسیاں اپنائیں جو نہ صرف ملک کے اندر بلکہ عالمی سطح پر بھی تنقید کا نشانہ بنیں۔ ان پالیسیوں میں سے ایک خیبر پختونخوا کے وزیر اعلی، جناب علی امین گنڈاپور کی افغان طالبان سے براہ راست مذاکرات کی کوششیں ہیں۔ یہ قدم نہ صرف آئینی حدود سے تجاوز ہے بلکہ پاکستان کی سلامتی اور بین الاقوامی تعلقات کے حوالے سے بھی خطرات پیدا کرسکتا ہے۔ پاکستان کے آئین کے تحت بین الاقوامی معاملات اور خارجہ پالیسی پر فیصلے کرنے کا حق صرف وفاقی حکومت کو حاصل ہے، کسی بھی صوبے کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ خودمختار طور پر بین الاقوامی سطح پر کوئی قدم اٹھائے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وزیر اعلی گنڈاپور کو افغان طالبان سے براہ راست مذاکرات کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ کیا وفاقی حکومت اس عمل سے آگاہ تھی؟ کیا یہ قدم پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اصولوں کے مطابق تھا؟ ان سوالات کا جواب نہ صرف پی ٹی آئی کو دینا ہوگا بلکہ ملک کے عوام کو بھی ان اقدامات کے پس پردہ حقائق سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔ تحریک انصاف کی قیادت اور طالبان کے درمیان قربت اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی۔ مختلف مواقع پر پی ٹی آئی کی حکومت نے طالبان کیساتھ نرم رویہ اختیار کیا، جو نہ صرف پاکستان کی اندرونی سیکورٹی کیلئے نقصان دہ ثابت ہو رہا ہے بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ پاکستان میں طالبان کی موجودگی اور تحریک انصاف کی قیادت کی جانب سے انکے ساتھ تعلقات میں نرمی دہشت گردی کے خطرات کو مزید بڑھا سکتی ہے، خاص طور پر خیبر پختونخوا اور بلوچستان جیسے صوبوں میں جہاں دہشت گرد گروہ پہلے ہی متحرک ہیں۔ افغان طالبان اور تحریک طالبان پاکستان (TTP) کے درمیان تاریخی طور پر روابط موجود ہیں، اور یہ روابط تحریک طالبان پاکستان کو تقویت دینے کا باعث بن سکتے ہیں۔ افغان طالبان کیساتھ مذاکرات کا عمل تحریک طالبان پاکستان کیلئے بھی حوصلہ افزا ثابت ہوسکتا ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں پہلے ہی دہشت گردی کا سامنا کرنے والے عوام اور سیکورٹی فورسز کو یہ پیغام جائے گا کہ حکومت طالبان کے ساتھ نرم رویہ رکھ رہی ہے، جس سے ان گروہوں کی کارروائیاں مزید بڑھ سکتی ہیں۔ ان صوبوں میں نہ صرف امن و امان کی صورتحال مزید خراب ہوسکتی ہے بلکہ ترقیاتی منصوبے اور سرمایہ کاری کے امکانات بھی معدوم ہو سکتے ہیں، کیونکہ ایسی صورتحال میں سرمایہ کار اور ترقیاتی ادارے خوفزدہ ہو جاتے ہیں۔ افغان طالبان کے ساتھ پی ٹی آئی کی مذاکراتی پالیسی کا ایک اور نتیجہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بلوچستان میں تحریک طالبان پاکستان کی سرگرمیاں مزید بڑھ جائیں۔ بلوچستان پہلے ہی دہشت گردی اور علیحدگی پسندی کا شکار ہے، اور افغان طالبان کے ساتھ کسی بھی قسم کے تعلقات سے وہاں کی صورتحال مزید خراب ہوسکتی ہے۔ تحریک طالبان پاکستان کو افغان طالبان کی حمایت ملنے سے وہ بلوچستان میں اپنی جڑیں مضبوط کرسکتی ہے، جس سے صوبے کی صورتحال مزید کشیدہ ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔ پی ٹی آئی کی قیادت کو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ افغان طالبان کے ساتھ مذاکرات کی پالیسی ملکی داخلی سیاست پر بھی اثرانداز ہوسکتی ہے۔ اس پالیسی پر پاکستان کی دیگر سیاسی جماعتوں اور عوامی حلقوں کی جانب سے شدید تنقید کی جاسکتی ہے۔ عوام کے ذہنوں میں یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ کیوں ایک ایسی تنظیم کے ساتھ مذاکرات کیے جارہے ہیں جس نے ہزاروں بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنایا اور ملک میں دہشت گردی کو فروغ دیا؟ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف طویل اور سخت جنگ لڑی ہے، جس میں ہزاروں فوجیوں اور شہریوں نے جام شہادت نوش کیا ہے اور اب بھی کررہے ہیں۔ پی ٹی آئی کو اس حقیقت کا ادراک کرنا چاہیے کہ افغان طالبان کے ساتھ مذاکرات نہ صرف آئینی خلاف ورزی ہیں بلکہ یہ پاکستان کی سلامتی کیلئے بھی سنگین خطرات پیدا کرسکتے ہیں۔ تحریک طالبان پاکستان کو اس پالیسی سے حوصلہ مل سکتا ہے، اور خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ان کی سرگرمیاں مزید بڑھ سکتی ہیں۔ عالمی سطح پر پاکستان کو تنقید کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے، اور ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لیے پی ٹی آئی کی قیادت کو اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنی چاہئے، اور دہشت گردی کے خلاف سخت موقف اپنانا چاہیے تاکہ ملک میں امن و استحکام قائم ہو سکے۔ ملک کو اس وقت قومی یکجہتی اور دہشت گردی کیخلاف مضبوط حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام پہلے ہی دہشت گردی کے ہاتھوں مشکلات کا شکار ہیں، اور انہیں ایک ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو ان کی حفاظت اور ترقی کو یقینی بنا سکے۔ پی ٹی آئی کی حکومت کو اپنے اقدامات پر غور کرنا ہوگا، اور یہ سمجھنا ہوگا کہ بین الاقوامی تعلقات اور خارجہ پالیسی وفاقی حکومت کا دائرہ کار ہیں، اور صوبائی حکومتوں کو ان معاملات میں مداخلت سے گریز کرنا چاہیے۔

## مکران میں نئے اضلاع کا قیام، حکومت کا ایک دوراندیش اور عوام دوست اقدام

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، تاہم آبادی کے دور دراز علاقوں میں پھیلے ہونے اور وسائل کی غیر مساوی تقسیم کے باعث عوام کو بنیادی سہولیات کے حصول میں متعدد مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ خصوصا مکران جیسے وسیع خطے میں بڑے اضلاع انتظامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں کی سست روی اور عوامی مسائل کے بروقت حل میں رکاوٹ بنتے رہے ہیں۔ موجودہ صوبائی حکومت نے ان حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے جہاں مختلف ترقیاتی اقدامات اٹھائے ہیں، وہیں نئے اضلاع کے قیام کا فیصلہ بھی ایک اہم اور قابلِ تحسین قدم ہے۔ انتظامی یونٹس کی تعداد میں اضافہ نہ صرف حکومتی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے بلکہ عوام کو ان کے علاقوں میں زیادہ مؤثر اور فوری سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بناتا ہے۔ ضلع کیچ بلوچستان کے سب سے بڑے اور گنجان آباد اضلاع میں شمار ہوتا ہے۔ گزشتہ مردم شماری کے مطابق اس کی آبادی تقریبا 19 لاکھ تھی، جو اب مزید بڑھ چکی ہے۔ اتنی بڑی آبادی اور وسیع جغرافیائی حدود کے پیش نظر نئے ضلع کا قیام ایک

تحریر: چاکر بلوچ

ناگزیر ضرورت بن چکا تھا۔ حکومت بلوچستان نے اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے تحصیل تمپ اور مند پر مشتمل نئے ضلع "تمپ" کے قیام کا اعلان کیا، جو علاقے کے عوام کا ایک دیرینہ مطالبہ بھی تھا۔ وزیراعلی بلوچستان، نے ضلع کیچ کے دورے کے دوران اس فیصلے کو عملی شکل دیتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کیا، جبکہ حلقے کے منتخب نمائندے کو بھی اس حوالے سے سرکاری دستاویزات فراہم کی گئیں۔ ضلع تمپ کے قیام سے انتظامی امور میں نمایاں بہتری متوقع ہے۔ عوام کو سرکاری دفاتر، عدالتی معاملات، ریونیو ریکارڈ اور دیگر سرکاری خدمات کے حصول کے لیے طویل فاصلے طے نہیں کرنے پڑیں گے۔ اس سے نہ صرف وقت اور اخراجات کی بچت ہوگی بلکہ عوامی مسائل کے حل کی رفتار بھی تیز ہوگی۔ نئے ضلع کے قیام سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ مختلف سرکاری محکموں، انتظامی دفاتر اور ترقیاتی منصوبوں میں مقامی نوجوانوں کو ملازمتوں کے مواقع میسر آئیں گے۔ اسی طرح تعلیم کے شعبے میں نئے کالجز، فنی و تکنیکی اداروں اور تربیتی مراکز کے قیام کی راہ ہموار ہوگی، جس سے نوجوان نسل کو اپنے ہی علاقے میں بہتر تعلیمی سہولیات دستیاب ہوں گی۔ صحت کے شعبے میں بھی نمایاں بہتری کی توقع کی جارہی ہے۔ ضلعی ہیڈکوارٹر اسپتال، دیہی مراکز صحت اور دیگر طبی سہولیات کے قیام سے عوام کو بہتر اور بروقت علاج میسر آئے گا۔ اس کے علاوہ ترقیاتی فنڈز کی منصفانہ تقسیم، سڑکوں کی تعمیر، آبنوشی، بجلی اور مواصلاتی نظام کی بہتری جیسے منصوبوں پر بھی زیادہ توجہ دی جاسکے گی۔ ضلع تمپ کا قیام صرف ایک انتظامی فیصلہ نہیں بلکہ مکران کی متوازن ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور بہتر طرز حکمرانی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ اگر حکومت اس فیصلے کے بعد فوری طور پر انتظامی ڈھانچے، سرکاری اداروں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے تو یہ اقدام علاقے کی ترقی اور خوشحالی میں تاریخی کردار ادا کرسکتا ہے۔

## انوکھا لاڈلہ

انوکھا لاڈلا کھیلن کو مانگے چاند
کاش خواہشیں گھوڑے ہوتیں
عدیم ہاشمی مرحوم نے لکھا تھا
ہم ایک لاکھ تھے ہم نے تو سر جھکا ڈالے
حسین! تیرے بہتر سروں پہ لاکھ سلام
باقاعدہ لڑائی شروع ہونے سے پہلے گینگ لیڈر نے حریف سے پوچھا
تم کتنے بھائی ہو؟
جواب ملا ہم پانچ بھائی ہیں
تم جیسے پندرہ بھی ہوں تو ہمارا کیا بگاڑ لیں گے

وزیراعظم کا حالیہ بیان سامنے ہے جس پر پیار لیکن خود پر ترس آرہا ہے۔ چند خواہشوں، خوابوں اور فرمائشوں کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ وزیراعظم نے فرمایا،
مسلم ممالک اپنا بلاک بنائیں
ڈیڑھ ارب مسلمان امن کیلئے اپنی طاقت استعمال کریں
کوئی ہماری بات سنتا نہ سنجیدہ لیتا ہے
معاشرہ چند جنونیوں کا ذمہ دار کیسے ہوسکتا ہے
بنیادی مسائل پر متحدہ فرنٹ بنانا ہوگا وغیرہ وغیرہ

سب سے پہلی سادہ سطحی سی بات یہ کہ کیا ہم ایک گلی، ایک محلّہ، ایک علاقہ، ایک جماعت میں بھی اکٹھے

تحریر: عمران آغا

ہیں جو ملکوں کی سطح پر بلاک بنانے کے خواب دیکھیں؟ اور کیا بنو امیہ، بنو عباس سے لیکر آج تک اس خوبصورت خواب کو کبھی تعبیر نصیب ہوئی؟ ممالک تو علیحدہ رہے، یہاں تو عثمانیوں سے لیکر مغلوں تک، میر جعفر سے لیکر میر صادق تک آپس میں بھی نہ سنبھالے جاسکے اور یہی حال صفویوں کا تھا۔ تازہ ترین تاریخ اس اسلامک سمٹ کی ہے جس میں بھٹو سے لیکر شاہ فیصل، قذافی سے لیکر صدام اور بنگلہ بندھو شیخ مجیب الرحمٰن بھی شامل تھے۔ نتیجہ بلکہ نتائج کیا نکلے؟ نہ کہیں جمہوریت خالص نہ کہیں آمریت خالص، [illegible] سی بات سمجھ آئی کہ یہ مسلسل کا نہیں عقل کا زمانہ ہے جس کا سلیس ترین ترجمہ ہے.... سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈیڑھ ارب بجا لیکن عہد حاضر کی سینکڑوں بلکہ ہزاروں ایجادات و دریافتوں میں کیا ہمارا حصہ ڈیڑھ فیصد بھی ہے؟ اور یاد رکھنا کہ جو لوگ عہد حاضر کا ناک نقشہ بنائیں گے جو لوگ رولز آف دی گیم طے کریں گے، جو لوگ زمانہ کی ترجیحات طے کریں گے

## عمران خان کی مقبولیت

پاکستان کی پوری سیاسی تاریخ میں کبھی سرکاری بیانیہ کو عوامی پذیرائی حاصل نہیں ہوئی تو اب کیسے حاصل ہوگی۔ عمران خان کی مقبولیت کو جو عروج آج حاصل ہے اس کی ایک بہت بڑی وجہ عدم اعتماد کی تحریک سے لے کر آج تک کی مسلم لیگ (ن) اور مقتدرہ کی حکمت عملی ہے جس میں ایک مرکزی کردار سابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ ہیں اور 2018 سے 2021 تک عمران حکومت کا گراف نیچے لانے کے مرکزی کردار سابق ISI چیف جنرل فیض حمید ہیں اور 9 مئی کی جب اصل کہانی کھلے گی تو امکان اسی بات کا ہے کہ کئی راز افشا ہوسکتے ہیں اندرون خانہ بھی اور بیرونی کرداروں کے بارے میں بھی۔ عمران کی مقبولیت کی ابتدا 30 اکتوبر 2011 کو مینار پاکستان کے جلسے سے ہوتی ہے مگر اسکے سیاسی تقابل کا جائزہ لیں تو پتا چلتا ہے کہ جہاں اس وقت کی مقتدرہ کے تعلقات شریف برادران سے کشیدہ ہوگئے تھے یا ہونا شروع ہوئے تھے مگر اس کی وجہ خاص طور پر پنجاب اور خیبر پختونخوا میں اور بھی تھیں۔ پہلے کے پی چلتے ہیں یہ سال 2002 کی بات ہے جنرل پرویز مشرف نے اچانک عام انتخابات کا اعلان کردیا اس سے پہلے اپنی مقبولیت جانچنے کیلئے ریفرنڈم کروایا۔ 2002 کا الیکشن پلان جنرل احتشام ضمیر مرحوم کے حصے میں آیا جس میں عمران خان کیلئے صرف ایک سیٹ کا فیصلہ ہوا۔ ان انتخابات میں نہ شریف میدان میں تھے نہ ہی بینظیر مگر مشرف کو سب سے بڑا چیلنج مذہبی جماعتوں کے اتحاد متحدہ مجلس عمل سے تھا جسکی بڑی وجہ 9/11 کے بعد امریکہ کی قیادت میں اتحادیوں کا افغانستان پر حملہ تھا۔ ایم ایم اے نے امریکی مخالف بیانیہ بنایا اور مشرف پر امریکی نواز ہونے کا الزام لگایا جس سے انہیں عوامی پذیرائی اس حد تک ملی کہ وہ کے پی میں حکومت بنانے کی پوزیشن میں آگئے۔ دیگر صوبوں، ماسوائے پنجاب، میں بھی خاصی کامیابی ملی اور ایم ایم اے سب سے مضبوط اپوزیشن کے طور پر سامنے آئی۔

عمران کو اپنے آبائی حلقے میانوالی سے کامیابی حاصل ہوئی جو پاکستان تحریک انصاف کی پہلی انتخابی کامیابی تھی۔ مجھے آج بھی یاد ہے 2002 میں اپنی انتخابی مہم ختم کرکے جب وہ کراچی میں ڈاکٹر عارف علوی کے گھر آئے تو مجھ سمیت کئی صحافی وہاں موجود تھے عمران نے مجھ سے پوچھا

تحریر: مظہر عباس

مظہر تمہاری کیا رائے ہے ہمیں کتنی سیٹیں ملیں گی ہماری مہم تو بہت اچھی رہی ہے۔ میں نے کہا اس میں کوئی شک نہیں مگر میرا مشاہدہ ہے کہ زیادہ تر لوگ آپ کو دیکھنے آتے ہیں شاید اتنا ووٹ نہ پڑے آپکے امیدواروں کو۔ الیکشن کے بعد عمران کی سیاست میں ایک نیا موڑ آیا اور چونکہ وہ شکست کو کبھی تسلیم نہیں کرتے انہوں نے مہم جاری رکھی تو دوسری طرف ایم ایم اے کی کے پی حکومت ایک طرف جماعت اسلامی اور جے یو آئی میں اختلافات کا شکار ہوگئی تو دوسری طرف ان کی حکومتی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھنے لگے جس کا فائدہ خان کو ہوا۔ کرکٹ ملک کا مقبول ترین کھیل ہے اور اس نے بھی خان کو خاصا فائدہ پہنچایا۔ ایم ایم اے کا اتحاد ٹوٹ گیا جبکہ ایک ایسا وقت بھی آیا کہ قاضی حسین احمد مرحوم، نواز شریف اور عمران کے درمیان اتحاد تشکیل پاگیا۔ میاں صاحب کے علاوہ جماعت اسلامی اور تحریک انصاف نے مشرف کے انڈر الیکشن کا بائیکاٹ کیا جو ایک سیاسی تضاد تھا انکی سیاست کا کیونکہ 2002 کے الیکشن میں دونوں حصہ لے چکے تھے۔

2008 میں محترمہ بینظیر کی شہادت کے بعد ہونے والے الیکشن میں کے پی میں اے این پی اور پی پی پی کی اتحادی حکومت بنی جبکہ پنجاب میں پی پی پی اور مسلم لیگ (ن) کی۔ اس حوالے سے میدان میں پی ٹی آئی اور خاص طور پر عمران کو اپوزیشن کا رول اور پی ٹی آئی کو تیسری قوت یا تھرڈ آپشن کے طور پر پیش کرنے کا موقع مل گیا اور جب وہ 2013 کے الیکشن میں گئے تو ان کو پہلی بڑی انتخابی کامیابی ملی تاہم انہیں حکومت کے پی میں بنانے کیلئے جماعت اسلامی سے اتحاد کرنا پڑا۔ کے پی میں عمران نے پھر پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا البتہ 2013 الیکشن تک انکی جماعت میں دوسری جماعتوں سے لوگوں کے آنے کا سلسلہ شروع ہوگیا جس میں اس وقت کی مقتدرہ کے کچھ افسران کا رول نظر آتا ہے۔ اس وقت نئی تاریخ رقم ہوئی جب 2018 میں پی ٹی آئی کو دو تہائی اکثریت ملی جو ایک ریکارڈ تھا اور یہ گراف آج تک برقرار ہے۔ یہاں دوسری جماعتوں کی خراب کارکردگی، بیانیہ کی کمزوری اور نوجوانوں کا عمران کی جانب رجحان اور سابقہ فاٹا میں آپریشن کی مخالفت ان کی مقبولیت کی بڑی وجوہات میں سے چند ہیں۔

پنجاب میں پی ٹی آئی کی کامیابی کی بڑی وجہ پی پی پی کا پنجاب میں مکمل صفایا نظر آتا ہے۔ مسلم لیگ (ن) فرینڈلی اپوزیشن اور عمران کا اینٹی شریف بیانیہ بنا جس نے پی پی پی کے ورکرز اور ووٹرز کو اپنی جانب راغب کیا۔ دوسری وجہ بےنظیر بھٹو کے بعد پارٹی میں مقبول رہنما کی کمی اور تیسری وجہ مسلم لیگ پر خاندان کی اجارہ داری کا مزید مضبوط ہونا۔ تاہم ایک بڑی وجہ نواز شریف کا 2013 کے بعد پی ٹی آئی کے احتجاج کو طول دلوانا بھی ٹھہرا ورنہ چار حلقے کھولنے کے مطالبے کو بہتر انداز میں حل کیا جاسکتا تھا نتیجہ کے طور پر ماڈل ٹاؤن یا 126 دن کے دھرنے کی نوبت نہ آتی۔ اس حکمت عملی نے پی ٹی آئی کو فائدہ پہنچایا۔ تاہم اس میں جنرل ظہیر الاسلام اور جنرل پاشا کے رول کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ 2018 کے الیکشن میں عمران کو پہلے سے زیادہ نشستیں ملیں تاہم اب بھی وہ حکومت بنانے کی پوزیشن میں نہیں تھے جس کیلئے جنرل باجوہ اور جنرل فیض نے کردار ادا کیا اور یہی عمران کی سب سے بڑی سیاسی غلطی تھی اور وہ پھر باجوہ اور فیض کا احسان چکانے میں لگ گئے اور جب انکے باجوہ سے اختلاف بڑھے تو وہ کردار جو انہوں نے عمران کی حکومت بنانے میں ادا کیا تھا وہ حکومت گرانے میں ادا کیا اور خان باجوہ اور فیض کے درمیان پھنس کررہ گئے۔ باجوہ، شریف اور زرداری کی سب سے بڑی غلطی عمران کو ہٹانا اور پھر حکومت کرنا ثابت ہوئی جس کی قیمت وہ آج تک ادا کررہے ہیں۔ ان تین حضرات نے اوران کی سیاست نے جو غلطیاں کیں اس کی قیمت آج 8 فروری کا الیکشن ہے جس نے عمران کو عروج کی نئی منزل پر پہنچا دیا اور یاد رہے

## سینہ زوری

علم ابلاغ عامہ کی انقلاب آفریں اسپیشلائزیشن ڈیولپمنٹ کمیونی کیشن (ترقیاتی ابلاغ) کا ایک اہم موضوع سوشل موبلائزیشن ہے۔ اسکا بنیادی مقصد عوام الناس (ٹارگٹ آرڈی ننس) کو متحرک کرکے انکے رویے میں کسی مخصوص ترقیاتی ہدف کے حصول کیلئے سرگرم کرنا ہوتا ہے۔ جسکی ترقی مقصود ہے، ان میں یہ تحریک مخصوص و منظم اور منصوبہ سازی سے ہونیوالے ایسے کمیونیکیشن آپریشن سے ایک مخصوص مقام پر متحرک کرکے انہیں کسی بڑے اجتماعی فائدے (کاز) کے حصول کیلئے اکٹھا کرکے پرعزم بنانا ہوتا ہے۔ فالو اپ میں خود بخود مخصوص باہمی مفاد میں گہری دلچسپی لیتے سنجیدہ ہو کر کاز کیلئے باہمی رابطے بڑھاتے، مرکز فلاح) جس پلیٹ فارم سے کمیونی کیشن آپریشن لانچ ہوتا ہے (سے ذہنا اور عملا اجتماعی سرگرمیوں کے ذریعے وابستہ ہو جاتے ہیں۔ گویا کاز کے حوالے سے انکی گہری دلچسپی و بیداری عملی شکل اختیار کرلیتی ہے۔ جو ٹارگٹ آڈینس کے سماجی رویے میں بڑی اور مثبت تبدیلی لاکر سماجی ترقی کے عمل کو تیز تر کر دیتی ہے۔ مخصوص ترقیاتی موضوعات پر واکس، ریلیاں، گالاز، اعلی سطح پر ورکشاپ، گروپ ڈسکشن اور سیمینار پروگرام، مخصوص کاز کیلئے سوشل موبلائزیشن کی عملی اشکال ہیں۔ بالعموم یہ سب کمیونیکیشن آپریشن، سوشل ڈیولپمنٹ تھرو بیہورئیل چینج کی ابلاغی سرگرمیاں ہیں، جو سوشل سیکٹر میں صحت عامہ، تحفظ خوراک، ویمن اینڈ چائلڈ ڈویلپمنٹ، کمیونٹی ڈویلپمنٹ، وغیرہ جیسی بڑی کازز کیلئے لانچ کی جاتی ہیں۔ اور سوشل موبلائزیشن کہلاتی ہیں۔ ان سے دنیا خصوصا ترقی پذیر میں سماجی انقلاب برپا ہوا ہے۔ تمام اقسام کے سائنسز کا کمال یہ ہے کہ ان جملہ ڈسپلنز) باڈیز آف نالج یا علوم (اپنا اصل رنگ) وسیع تر فوائد (دکھانے کیلئے ایک دوسرے پر انحصار کرتے باہمی اشتراک سے فلاح انسانیت کا انقلابی سامان بنتے ہیں، جیسے سوشل سائنسز میں کمیونیکیشن سائنس، پولیٹکل سائنس کا باہمی اشتراک، گڈ گورننس، کوالٹی قانون سازی، سمارٹ پالیسی اینڈ ڈیسیژن میکنگ سے لیکر مطلوب سیاسی استحکام، بطرف معاشی استحکام باہم مل کر تعمیر ملت) نیشن بلڈنگ (میں کمال نتیجہ خیز ہونا مکمل ثابت شدہ ہے، اور اسکی درجنوں کامیاب ترین کیس اسٹڈیز علم ابلاغ عامہ و سیاسیات کے لٹریچر کا سبق آموز حصہ ہے۔

تحریر: اسحاق ساتھی

قارئین کرام! خصوصا محترم سیاسی قائدین و رہنماؤں، سیاسیات و ابلاغیات کے ایم فل/پی ایچ ڈی اسکالرز اور منتظمین حکومت کی خصوصی توجہ مطلوب ہے کہ وہ ہر دو علوم) سیاسیات و ابلاغیات (کی متذکرہ تھیوریز اور پریکٹس کی روشنی میں باہمی اشتراک سے ہر دو کے پریکٹیکل فیلڈز میں اطلاق پر غور فرمائیں کہ: یہ ہمارے قومی سیاسی و صحافتی بگڑے معاملات کی سمت کو درست کرنے اور گڈ گورننس کیلئے کتنے مطلوب ہیں۔ کمیونیکیشن فار بیہورئیل چینج ہی نیشن بلڈنگ کے عمل کیلئے مطلوب ہے، لیکن مطلوب سماجی رویوں کی تشکیل کیلئے یہ بھی سیاسیات و ابلاغ عامہ کا اپنا بگاڑ ہی ہے جس سے بیڈ گورننس، آلودہ سیاست اور اس کی شامل سرگرمیاں سیاسی و معاشی عدم استحکام اور سیاسی سماجی انتشار پیدا ہونے کا بڑا ذریعہ ہے جو آج کل وائے بدنصیبی ہم سب کے پاکستان میں اپنی انتہا کو پہنچ کر ملک کو مسلسل خساروں میں مبتلا کئے ہوئے ہے۔ ایسا صرف اس لئے ہے کہ ملکی گورننس اور عملی قومی سیاست میں ہر دو معاشرتی علوم کے اطلاق سے عملا اور دانستہ گریزاں ہوتے الٹ سمت میں چل رہی ہیں۔ بنگلہ دیش میں کمیونیکیشن سائنس کے حوالے سے کتنی ہی سبق آموز کیس اسٹڈیز حال ہی میں تیار ہوئیں۔ یقین جانیے حسینہ واجد کے فسطائی رجیم سے عوامی لاوا پھٹنے میں سوشل میڈیا کے استعمال پر ابھی زیادہ بات نہیں ہورہی لیکن کمیونیکیشن اسکالرز کے تحقیقی مفروضوں کی حد تک مطلوب کمیونیکیشن کے اطلاق سے ہی فسطائی رجیم کیخلاف اتنی بڑی سوشل موبلائزیشن ہوئی جس کی کیفیت مکمل سیاسی اور عظیم تر کاز مکمل بھارتی ڈکٹیشن سے چلنے والے رجیم کا خاتمہ کا حصول بنگلہ دیشی عوام کی ہائی ڈگری ہائپر سوشیو پولیٹکل موبلائزیشن سے ممکن ہوئی۔ دلچسپ امر اور عظیم کار خیر بھی کمیونیکیشن سائنس کے بروقت اور موثر ترین استعمال سے یہ ہوا کہ: ملک اور دم توڑتا رجیم خونریزی سے بچ گیا۔ یہ بنگلہ دیشی عسکری سربراہ اور ڈکٹیٹر حسینہ واجد کے درمیان رجیم کے آخری لمحات میں انٹر پرسنل کمیونیکیشن آپریشن ہی تو تھا جس نے ملک کو ہوتے ہوتے خونی انقلاب سے محفوظ کردیا۔ حسینہ واجد کروڑ ہا بپھرے [illegible]

## کوئٹہ میں پیٹرول بحران پر ضلعی انتظامیہ کا موثر کردار

تحریر: اسماعیل بلوچ

دارالحکومت کوئٹہ میں حالیہ پیٹرول بحران ایک بڑا چیلنج بن کر سامنے آیا، تاہم ضلعی انتظامیہ نے [illegible] تمام متعلقہ اداروں، پیٹرولیم کمپنیوں، اوگرا حکام اور ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں کے ساتھ مسلسل [illegible]

## جلسہ اور جمہوریت

[illegible]

## آئینی ترمیم

تحریر: خزیمہ انصاری

[illegible]

## آئی ایم ایف پروگرام

تحریر: ہمدان عبداللہ

[illegible]

## سفارتی تعلقات اور معاشی وسیاسی مسائل

تحریر: مظہر عباس

[illegible]

## عوامی اشتہارات

### اطلاع نام درستگی

میرا اصل نام Muhammad. Yaqoob ہے جبکہ شناختی کارڈ میں غلطی سے Muhammad. Yaquob لکھا گیا جس کو نادرا سے درست کروایا ہے لہذا آئندہ مجھے میرے اصل نام muhammad. Yaqoob سے لکھا اور پکارا جائے
المشتہر محمد یعقوب ولد فقیر محمد سکنہ گدور ڈاکخانہ بیلہ ضلع لسبیلہ بلوچستان

## لاہور پولیس نے رواں سال 3243 سرچ آپریشنز کیئے

### شہر بھر کی سکیورٹی الرٹ، اہلکار شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت الرٹ ہیں، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کی جانب سے جمعتہ المبارک کے پیش نظر شہر کے مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز جاری رہے، لاہور پولیس نے رواں سال اب تک 3243 سرچ آپریشنز کیئے ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ سرچ آپریشنز کے دوران 94 ہزار سے زائد گھروں، 57 ہزار سے زائد کرایہ داروں اور 02 لاکھ 16 ہزار سے زائد اشخاص کو چیک کیا گیا۔ دوران سرچ آپریشنز 03 لاکھ 38 ہزار سے زائد اشخاص کو تصدیق کے بعد کلیئر کر دیا گیا۔ قانون شکنی پر 1586 افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ دوران سرچ آپریشنز کرایہ داری ایکٹ کے تحت 494 اشخاص کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ سرچ آپریشنز میں 3 2 1 اشتہاری مجرمان گرفتار، منشیات کے 132 مقدمات درج کردیے



اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے مختلف بار ایسوی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

## گورنر خیبر پختونخوا اور برطانوی ہائی کمیشن جین میریٹ کے درمیان ملاقات

### باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے، ثقافتی سرگرمیوں و کھیلوں کے فروغ پر بات چیت

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور برطانوی ہائی کمیشن جین میریٹ کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی جس میں باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے اور ثقافتی سرگرمیوں و کھیلوں کے فروغ پر بات چیت کی گئی۔ خیبر پختونخوا سے پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی احمد کریم کنڈی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں صوبے میں امن و امان کی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں، تعلیم و صحت، اور ثقافت و کھیل کے شعبوں میں تعاون پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ برطانوی ہائی کمشنر نے خیبر پختونخوا میں ترقیاتی کاموں کے ساتھ ساتھ ثقافتی اور کھیلوں کی سرگرمیوں میں بھی برطانیہ کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے خیبر پختونخوا میں سرمایہ کاری اور تجارتی تعلقات سمیت ثقافتی وفود کے تبادلوں اور کھیلوں کے فروغ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ انہوں نے برطانوی ٹیموں اور فنکاروں کے ساتھ مشترکہ پروگرامز منعقد کرنے اور کھیلوں کے مقابلے ترتیب دینے کی تجویز بھی پیش کی۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ثقافتی سرگرمیاں اور کھیل نوجوانوں کی تربیت اور صلاحیتوں کو نکھارنے کے بہترین ذرائع ہیں، اور ان شعبوں میں تعاون سے نہ صرف عوامی سطح پر تعلقات مضبوط ہوں گے

## چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی زیر صدارت صوبے میں جیم سٹون بزنس کی ترقی بارے اجلاس

### متعلقہ حکام کو صوبے میں جیم سٹون بزنس اور کھیلوں کے فروغ کے لیے سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے کے ہدایت

پشاور (این این آئی) چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا ندیم اسلم چوہدری کی زیر صدارت صوبے میں جیم سٹون بزنس کی ترقی ... بڑی مقدار میں قیمتی جواہرات کے خزانوں سے نوازا ہے اور اگر وسیع طور پر سرمایہ کاری کی جائے تو صوبے کی ... حکومت ایک ایسا سازگار ماحول پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے جو نجی شعبے کی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنے اور کاروباری عمل میں آسانی کو یقینی بنانے کے ساتھ صوبے کے قیمتی پتھروں کی تجارت کو فروغ دینے کے لیے ضروری بنیادی ڈھانچہ فراہم کرے۔ انہوں نے حکام کو مزید ہدایت کی کہ وہ ایسے اقدامات اٹھائیں ... کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ قیمتی پتھروں کی صنعت سے وابستہ سرمایہ کاروں، کاروباری افراد اور تاجروں کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو اللہ تعالیٰ نے

## واشک میں بیروزگاری ہے لوگوں کا ذریعہ معاش بارڈر سے وابستہ ہے، میر زاہد علی ریکی

### اپوزیشن میں رہتے ہوئے دستیاب وسائل کے تحت علاقائی ترقی و عوام کی خوشحالی کیلئے برسرپیکار ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

واشک (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا ہے کہ اپوزیشن میں رہتے ہوئے دستیاب وسائل کے تحت علاقائی ترقی و عوام کی خوشحالی کے لئے برسرپیکار ہیں عوام کے مشکلات و مسائل سے بے خبر نہیں جتنا ہو سکے اپنے حلقہ انتخاب کیلئے کرونگا ان خیالات کا اظہار واشک اور بسیمہ اور گردونواح کے علاقوں کے دورے کے موقع پر مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کی حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا کہ اپوزیشن میں ہونے کے باعث ہمارے پاس بڑی فنڈز و مراعات تو نہیں البتہ عوام کے ساتھ ہمارا مضبوط رشتہ جڑا ہے عوام کی حال پرسی اور غم و خوشی میں شریک ہونا ہی حلقہ کے عوام کی دلجوئی ہے ماضی کے نمائندگان اب تک عوام سے دور ہیں جو صرف ہر پانچ سال بعد الیکشن میں نمودار ہوتے ہیں لیکن ہم نے ثابت کر کے دکھایا ہے کہ ہم ایم پی اے و حاکم نہیں عوام کے خادم ہیں واشک کے ہر فرد کا عزت و احترام کرتے ہیں ہمارا واشک سے ووٹ نہیں خون کا رشتہ ہے جبکہ ہم نے سیاست کو عام فرد تک منتقل کر دی ہے آج واشک میں میری و معتبری کی بنیاد پر نمائندوں کا انتخاب نہیں ہوتا ہے بلکہ تعلق مرک زند اخلاق و اخلاص ہی ووٹ کا دوسرا نام ہے ہمارے لیئے امیر غریب سب برابر ہیں حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا کہ واشک میں بیروزگاری ہے

## کراچی چیمبر کا سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن کی شرح میں 2 فیصد کمی کرنے پر زور

### 3700 روپے اجرت دے رہے ہیں لیکن سوشل سکیورٹی میں اضافے سے صنعتوں پر بوجھ بڑھ گیا، جاوید بلوانی

کراچی (این این آئی) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد جاوید بلوانی نے سندھ حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ سیسی کے سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن کی شرح کو کم از کم 2 فیصد تک کم کرنے اور اسے منجمد کرنے پر غور کرے تاکہ صنعتوں پر ہر سال کم از کم اجرت میں اضافے کے نتیجے میں بڑھ جانے والے سوشل سکیورٹی کے بے پناہ بوجھ کو کسی حد تک کم کیا جاسکے۔ تاجر برادری نے مہنگائی کے موجودہ دور میں غریب عوام کو درپیش مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یکم جولائی 2024 سے سندھ منیمم ویج بورڈ کے کم از کم اجرت 37000 روپے کرنے کے فیصلے کی تعمیل شروع کردی لیکن اس اضافے نے سیسی کے سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن کو بھی متاثر کیا ہے جو فی الحال 7 فیصد کی شرح سے وصول کیا جا رہا ہے۔ سندھ حکومت کو کاروبار کرنے کی ناقابل برداشت حد تک زیادہ لاگت کی وجہ سے صنعتوں کو درپیش مشکلات کو بھی سمجھنا چاہیے اور اس کے مطابق سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن میں 2 فیصد کمی کی صورت میں ریلیف کا اعلان کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکار اس وقت ہر ماہ 2590 روپے فی ورکر سیسی کو دے رہے ہیں جسے وہ بہت زیادہ اور ناقابل برداشت سمجھتے ہیں۔ اگرچہ یہ ایک چھوٹی سی رقم لگتی ہے لیکن اس سے اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر ایک صنعتکار کے پاس 1000 ورکرز ہیں تو سیسی میں ایسا صنعتکار 2.59 ملین روپے ماہانہ اور 31.08 ملین روپے سالانہ جمع کروائے گا جو بلاشبہ بہت زیادہ ہے اور بہت سی صنعتوں کے لیے اس کا انتظام کرنا مشکل ہے۔ کچھ بڑی مینوفیکچرنگ صنعتوں میں تو 5000 سے 7000 ورکرز بھی ہوتے ہیں جن کے لیے اپنے اخراجات جیسے کہ تنخواہیں، سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن اور یوٹیلیٹی بلوں کو پورا کرنا انتہائی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ جاوید بلوانی نے بہت سے کاروباری اداروں کو درپیش تشویشناک صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر کاروبار بڑے پیمانے پر چھانٹیوں کا سہارا لینے کے بارے میں سوچ سکتے ہیں لہٰذا حکومت کو صورتحال کی سنگینی کا ادراک کرنا چاہیے اور فوری طور پر سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن کو کم کر کے مدد فراہم کرنا چاہیے۔ یہ سپورٹ نہ صرف صنعتوں کو کچھ ریلیف فراہم کرے گی بلکہ معاشرے کے لیے بھی ایک بہت بڑی خدمت ہوگی کیونکہ سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن میں کمی کی صورت میں معمولی سپورٹ بھی ہزاروں ورکرز کی ملازمتوں کو بچاسکتی ہے اور ان کے خاندانوں کے لیے روزی، روٹی کمانے کو یقینی بنا سکتی ہے۔

## قرارداد مقاصد کے مسئلے کو بھرپور اجاگر کرینگے، محفوظ النبی خان

### 1949 کی قرارداد مقاصد کا متن نظریہ پاکستان کی مکمل دستاویز ہے، وفد سے گفتگو

کراچی (این این آئی) قائد ملت لیاقت علی خان میموریل کمیٹی کے جنرل سیکریٹری محفوظ النبی خان نے کہا ہے کہ گزشتہ روز قائد اعظم ہاؤس میوزیم میں قائد ملت میموریل کمیٹی کے زیر اہتمام قرارداد مقاصد کی ڈائمنڈ جوبلی سال کی تقریبات کے سلسلے میں منعقدہ پروگرام میں وقت کی کمی کے باعث ملک میں قرارداد مقاصد سے روگردانی کا مسئلہ پوری طرح اجاگر نہیں کیا جاسکا ہے تاہم قرارداد مقاصد کی ڈائمنڈ جوبلی سال کی تقریبات کے سلسلے کی آئندہ کسی تقریب میں قرارداد مقاصد پر عدم عمل درآمد کے مسئلے کو بھرپور اجاگر کریں گے اور اللہ نے چاہا تو قرارداد مقاصد کی ڈائمنڈ جوبلی سال کی تقریبات پورے سال جاری رکھیں گے جس کا قائد اعظم اکیڈمی میں اسی سال 12 مارچ کو محب کونسل اور قائد ملت میموریل کمیٹی کے اشتراک سے منعقدہ پہلی تقریب سے آغاز کیا گیا تھا جبکہ حالیہ تقریب کو قرارداد مقاصد کی ڈائمنڈ جوبلی سال کی اب تک کی تقریبات میں کلیدی حیثیت حاصل ہے اس لیے کہ اس تقریب میں تاریخ کے تناظر میں ملک کی ممتاز جامعات کو قرارداد مقاصد کی ڈائمنڈ جوبلی کا تاریخی نیمیٹو نشان لیاقت تقسیم کئے گئے تھے جو ان جامعات کے سربراہان نے وصول کئے تھے اسی طرح سے اقبال اکیڈمی، قائد اعظم اکیڈمی، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل افیئرز، نظریہ پاکستان ٹرسٹ، لیاقت میموریل لائبریری اور رائیل بک کے مندوبین نے بھی وصول کئے تھے

## حکومت سندھ تمام پسماندہ طبقات کو پائیدار مالی امداد فراہم کرنے کے لیے دن رات کوشاں ہے، سید ناصر شاہ

### سیلاب میں مکمل طور پر بہہ جانے والے ڈیڑھ ملین سے زائد مکانات کی تعمیر نو کے لیے بینکنگ سیکٹر کو بھی استعمال کر رہے ہیں، وزیر توانائی سندھ

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی و ترقیات و منصوبہ بندی سید ناصر حسین شاہ نے آٹھویں سالانہ مائکرو سافٹ کانفرنس کی اختتامی تقریب سے بطور مہمان خصوصی ایک مقامی ہوٹل میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اس شاندار فورم میں آنے اور حکومت سندھ کی جانب سے بات کرنے اور اپنی پارٹی اور صوبائی حکومت کے وژن کو ایک قابل ماحول بنانے کیلئے اپنے وژن کو بیان کرنے پر فخر محسوس کرتا ہوں جہاں نوجوان متوسط اور نچلے طبقے کے شہریوں کو چھوٹے درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی ترقی کے ذریعے ان کے روزگار سے منسلک ہنر پرمبنی تربیت دی جاتی ہے۔ تقریب میں چیئرمین ایس ای سی پی عاکف سعید، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر عنایت علی، چیئرمین پی ایم یو ... ڈیری فارمز، کولڈ سٹوریجز، اور صوبہ سندھ میں زرعی بنیادوں پر ویلیو ایڈیشن پرائیویٹ پروجیکٹس کی دلچسپی پرمبنی فنانسنگ کی حمایت کی ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ حکومت سندھ نے پی آر ایس پی (People) SRSO اور Poverty Reduction Project کے ذریعے تین لاکھ سے زائد خاندانوں تک رسائی حاصل کی ہے جہاں ہر سال 16 سے زائد اضلاع میں نچلے متوسط طبقے کے دیہی خاندانوں کو چھوٹے کاروباری اقدامات کے لیے بلا سود قرضے دیئے جاتے ہیں۔ ... 10 سالوں میں 90 فیصد سے زیادہ ہے۔ سندھ حکومت PAIDAR (USD ... IFAD (USD 163.0 EU 40.0 M ... LivAqua (WB) USD 135.0 M) ... SEDF سندھ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ فنڈ ... SEDF نے بڑے کاروباری اقدامات جیسے کہ بھبور میں



مظفرآباد، وزیر وائلڈ لائف فشریز ترقیاتی ادارہ سردار جاوید ایوب سیاحتی میلے کا افتتاح کر رہے ہیں



راولپنڈی، مریڑ ریلوے ٹریک سے شہری کسی خطرے کی پرواہ کئے بغیر چل رہے ہیں

## غیر معیاری چاولوں کی برآمد، 72 رائس ملز کیخلاف تحقیقات کا آغاز

### لاہور، گوجرانولہ، ملتان، فیصل آباد، کراچی، حیدآباد، کوئٹہ، پشاور اور کوہاٹ کی ڈائریکٹر ایف آئی اے زونز کو مراسلہ ارسال

اسلام آباد (این این آئی) مختلف ممالک میں ناقص اور غیر معیاری چاولوں کی ایکسپورٹ کے حوالے سے ایف آئی اے نے تحقیقات کا آغاز کردیا۔ ایف آئی اے نے غیر معیاری چاولوں کی ایکسپورٹ کے سلسلے میں 72 رائس ملز سے تحقیقات شروع کردی ہیں۔ اسلام آباد لاہور، گوجرانولہ، ملتان، فیصل آباد، کراچی، حیدآباد، کوئٹہ، پشاور اور کوہاٹ کی ڈائریکٹر ایف آئی اے زونز کو مراسلہ ارسال کردیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق مختلف ممالک میں 72 رائس ملز کی جانب سے ایکسپورٹ کی گئی چاولوں کی کنسائنمنٹس مسترد یا ضبط کرلی گئیں۔ چاول ایکسپورٹ کرنے والے ایکسپورٹرز اور کمپنیوں سے ریکارڈ حاصل کرکے انکوائری آفیسر کو بھجوایا جائے۔ ریکارڈ میں مسترد شدہ کھیپ کی ایل سی، پری لوڈنگ انسپکشن سرٹیفکیٹ کھیپ کے مسترد کیے جانے کا ریکارڈ، مسترد کی گئی کھیپوں کے ٹیسٹ سرٹیفکیٹ حاصل کیے جائیں۔ مراسلے میں مسترد شدہ کنسائنمنٹس کو تلف کرنے کی تفصیل کیا

## پاکستان ریلوے کرپشن کا گڑھ، 2 ہزار 63 کیسز کا انکشاف، اربوں کے گھپلے

### سزائیں صرف 100 کو ملیں جبکہ آئی جی ریلویز نے بھی ہاتھ کھڑے کردیئے، سینٹ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریلوے کرپشن کا گڑھ بن گیا، 2 ہزار 63 کرپشن کیسز کا انکشاف ہوا ہے، اربوں روپے کے گھپلے بھی سامنے آئے ہیں لیکن سزائیں صرف 100 کو ملیں جبکہ آئی جی ریلویز نے بھی ہاتھ کھڑے کردیئے۔ سینیٹر جام سیف اللہ کی زیرصدارت سینیٹ کی کمیٹی برائے ریلویز کا اجلاس ہوا جس میں کرپشن کیسز سے متعلق تفصیلات پیش کی گئیں۔ دوران اجلاس ممبر کمیٹی کامل علی آغا نے کہا ہے کہ ریلوے کرپشن کیسز میں صرف 110 افراد کو سزائیں ہوئیں جبکہ ریلوے کے 4 ڈویژنز میں تیل چوری ہونے کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا ہے کہ ریلوے میں اربوں روپے کے گھپلے ہیں جو سوچ سے باہر ہیں، جس پر آئی جی ریلویز نے ہاتھ کھڑے کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے پاس ریسورسز ہیں نہ افرادی قوت، کئی سال سے پولیس میں بھرتی نہیں کی، صرف 2 ہزار کانسٹیبل رہ گئے ہیں، ہمیں ریسورس دے دیں

## ترشاوا پھلوں کی صنعت کا فروغ، پاکستان او چین کے درمیان مواد کی منتقلی کا معاہدہ

### معاہدے کا مقصد پاکستان میں سٹرس انڈسٹری کو فروغ دینا ہے، پاکستان 2.29 ملین ٹن ترشاوا پھل کیساتھ پہلے نمبر پر ہے

اسلام آباد (این این آئی) یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد (یو اے ایف) اور ہواژونگ ایگریکلچرل یونیورسٹی ووہان (ایچ زیڈ اے یو) کے درمیان سٹرس روٹ سٹاک اینڈ سیون بڈ ووڈ کے لئے میٹریل ٹرانسفر ایگریمنٹ (ایم ٹی اے) پر دستخط ہوئے۔ ... پیداوار اور پھلوں کے معیار کو بہتر بنانا اور بالآخر منافع میں اضافہ کرنا تھا۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان میں اگائی جانے والے تمام پھلوں میں سٹرس ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔ رقبے (تقریباً 200000 ہیکٹر) اور پیداوار (2.29 ملین ٹن) کے لحاظ سے پہلے نمبر پر ہے۔ سال 2021 میں پاکستان نے ترشاوا پھلوں کی برآمدات سے 171 ملین ڈالر کمائے جو پھلوں کی برآمدات کی مجموعی مالیت کا ایک تہائی ہے۔ پنجاب ملک کا سب سے زیادہ ترشاوا پھل پیدا کرنے والا صوبہ ہے، جو کل پیداوار کا 95 فیصد سے زیادہ حصہ ڈالتا ہے۔ مینڈارن پھل "کینو" پاکستان میں سب سے زیادہ کاشت کی جانے والی ترشاوا پھل کی قسم ہے، جو اپنے پرکشش چھلکے کی رنگت، سائز، چھیلنے میں آسانی، جوس کی زیادہ مقدار اور عمدہ ذائقہ اور خوشبو کی وجہ سے دیگر سٹرس جینوٹائپس کا 80 فیصد سے زیادہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق تاہم ترشاوا پھلوں کے درخت حساس ہوتے ہیں ... کے مطابق یہ معاہدہ دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان جاری تعاون میں ایک اہم قدم ہے جس کا مقصد پاکستان میں سٹرس کی صنعت کو فروغ دینا ہے۔ گزشتہ سال یو اے ایف اور ایچ زیڈ اے یو نے چائنا پاکستان ہارٹیکلچر ریسرچ اینڈ ڈیمونسٹریشن سینٹر کے قیام کے لئے مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے تھے جس کا فوری مقصد سٹرس کی

## چین کا عالمی انسداد دہشت گردی میں اقوام متحدہ کے مرکزی مربوط کردار کو برقرار اور مضبوط کرنے پر زور

### تمام دہشت گرد تنظیموں اور افراد کے خلاف مشترکہ اقدامات کیے جائیں، چینی مندوب

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی چھٹی کمیٹی نے بین الاقوامی دہشت گردی کے خاتمے کے اقدامات کے موضوع پر ایک اجلاس منعقد کیا۔ جمعہ کے روز اقوام متحدہ میں چین کے نائب مستقل مندوب گینگ شوانگ نے اپنی تقریر میں کہا کہ سلامتی کونسل اور جنرل اسمبلی کی انسداد دہشت گردی کی متعلقہ قراردادوں اور اقوام متحدہ کی عالمی انسداد دہشت گردی حکمت عملی پر مکمل عمل درآمد ضروری ہے، سلامتی کونسل کی فہرست میں شامل تمام دہشت گرد تنظیموں اور افراد کے خلاف مشترکہ اقدامات کیے جائیں اور انسداد دہشت گردی کے بین الاقوامی تعاون میں اقوام متحدہ کے مرکزی مربوط کردار کا مؤثر طریقے سے تحفظ اور اسے مضبوط کیا جائے۔ چین کی جانب سے بین الاقوامی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے چار تجاویز بھی پیش کی گئیں

## پوری پاکستانی قوم فلسطینی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، ضیاء الدین انصاری

### اتحاد امت ہی سے ہی مسئلہ فلسطین اور کشمیر کا حل ممکن ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن و جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام ہفتہ قومی یکجہتی فلسطین کے حوالے سے رضاکاروں کے ساتھ میٹ اپ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور صدر الخدمت فاؤنڈیشن لاہور انجینئر حماد رشید نے کی۔ تقریب میں بڑی تعداد میں مرد و خواتین والینٹیرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ممبرشپ مہم کے تحت جماعت اسلامی کی ممبرشپ بھی حاصل کی۔ تقریب میں والینٹیرز نے ہفتہ قومی یکجہتی فلسطین میں بھرپور انداز میں کام کرنے کا عزم کیا۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے ممبرشپ، آگاہی مہم، فلسطین ڈونیشن ڈرائیو اور 7 اکتوبر کو یوم یکجہتی فلسطین کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اہلیان لاہور 7 اکتوبر کو فلسطین کے مسلمان بہن بھائیوں کیساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کریں۔ پوری پاکستانی قوم فلسطینی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔

## اسلام آباد ٹریفک پولیس آگاہی ٹیم کی جانب سے واپڈا اسٹاف کالج میں روڈ سیفٹی ورکشاپ

### ڈرائیورز اور اسٹاف کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس آگاہی ٹیم کی جانب سے واپڈا اسٹاف کالج میں ایک روزہ روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، ورکشاپ میں ڈرائیورز اور اسٹاف نے شرکت کی جنہیں روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی، اس موقع پر سینئر پولیس افسران نے ڈرائیورز کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین سے متعلق لیکچر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس نے روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے بارے میں عوام کو آگاہی فراہم کرنے کے لئے خصوصی مہم کا آغاز کر رکھا ہے اسی سلسلے میں اسلام آباد ٹریفک پولیس آگاہی ٹیم نے واپڈا اسٹاف کالج میں ایک روزہ روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد کیا، جس میں ڈرائیورز اور دیگر اسٹاف نے شرکت کی، ورکشاپ میں دوران ڈرائیونگ موبائل فون سننے کے خطرات، سیٹ بیلٹ کے استعمال، ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے کے خطرات، سڑک استعمال کرنے والے دیگر افراد کے حقوق کا خیال رکھنا، اوور ہیڈ برج کے استعمال، زیبرا کراسنگ کا استعمال، تیز رفتاری کے خطرات، اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی



لاہور، صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## ساہیوال، نجکاری کیخلاف اساتذہ تنظیموں کا تعلیمی بائیکاٹ، احتجاجی کیمپ جاری

ساہیوال (این این آئی) اساتذہ کی تنظیموں نے آج بھی گورنمنٹ کمپری ہینسو سکول اینڈ کالج میں احتجاجی کیمپ لگا کر تعلیمی بائیکاٹ جاری رکھا۔ اساتذہ تنظیموں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت پنجاب سرکاری تعلیمی اداروں کی نجکاری کا عمل روک کر ملازمین کے لیو انکیشمنٹ ایل پی آر رولز پنشن گریجوٹی میں اصلاحات کے نام پر کیے گئے اساتذہ دشمن اقدامات واپس کیے جائیں۔ ایس ایس ای اور اے ای اوز کو مستقل کیا جائے اور اساتذہ کی اسکیل اپ گریڈیشن کی جائے اور تمام خالی سیٹوں پر نئی بھرتیوں پر عائد پابندی ختم کی جائے۔




# JOIN PUBLIC SERVICE – BALOCHISTAN QUOTA

سرکاری ملازمت اختیار کریں — بلوچستان کوئٹہ

Your Land. Your Future. Your Pakistan.

آپ کی سرزمین - آپ کا مستقبل - آپ کا پاکستان -

Courage, Honour and Loyalty — The Identity of Balochistan's Youth

ہمت، غیرت اور وفا — پہچان بلوچستان کے جوان کی

# POSITIONS VACANT

Applications are invited from citizen of Pakistan having domicile of Balochistan for recruitment against the following posts lying vacant in Federal Public Service Commission's Secretariat

| S No. | Name of Post with BS | No. of Posts | Qualification/Experience | Age Limits (Years) | Domicile/Quota |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Assistant (BS-15) | 1 | i Graduate<br>ii 6 Weeks Basic IT Training course (including MS Office) conducted by NITB before completion of probation period. | 18-28 | Balochistan = (women Quota = 01) |
| 2 | Stenotypist (BS-14) | 1 | i. Intermediate.<br>ii. Minimum Speed of 80/40 w.p.m. in shorthand/typing respectively.<br>iii. Must be computer literate. | 18-28 | Balochistan= (open merit = 01) |
| 3 | Data Entry Operator (BS-14) | 1 | i. Bachelor's degree with Physics/ Mathematics/ Statistics/ Economics/ Computer Science/IT from a university recognized by HEC.<br>ii. Minimum speed of 10,000 key de-pressions per hour for data entry. | 18-28 | Balochistan= (open merit = 01) |

**Important instructions:**

1. The Subject Recruitment shall be made on criteria/mechanism defined by the Establishment Division vide their O.M. No. 2/5/2026-BEFC/001, dated 22nd October, 2026 and dated 27th October, 2026.
2. Selected candidates have to submit Medical Certificate as required under Rule 17 of the Civil Servant Appointment, Promotion and Transfer) 1973 and in case a candidate is declared medically unfit the alternate shall be offered the post.
3. Candidate shall have to produce original document along with set of attested copies of the Certificate/Degrees by HEC/recognized Board/Universities/Institutes and other relevant documents at the time of interview.
4. All the candidates of Balochistan domicile shall be entitled to an upper–general age relaxation plus five years general age relaxation . However, other claims for relaxation will be considered as admissible under Establishment Division's SRO No. 1079(I)/93, dated 04.11.1993 and O.M. No. 9/2/91-R-5, dated 24.06.2010 as amended from time to time.
5. The candidate can apply through National Job Portal website: (http://www.njp.gov.pk/) within fifteen days from the date of advertisement.
6. For the post at serial No.2 and 3 requiring trainable skills, such as shorthand, typing or computer literate, there shall be a one time relaxation of the requirement to possess the prescribed skills at the time of initial appointment. In case non of the candidates have any certifications at the time of selection, the selected candidates shall acquire the prescribed proficiency through departmental on-the job training after joining within probation period. Their proficiency shall be assessed before confirmation, and failure to acquire it shall be dealt with under the applicable probation and service rules.
7. Candidates already in Government Service should apply through proper channel and must provide NOC otherwise application will not be entertained, and they have no right to claim,
8. The number of vacancies can be increased or decreased.
9. No TA/DA will be admissible for appearing in test/interview.
10. Applications received by hand will not be entertained.

ADNAN AKRAM
Director (HR)
051-9212332

PID (I) 4217/26

URAAN PAKISTAN


## عدالتی نظام میں کیس مینجمنٹ کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

### سیمینار میں جسٹس ظفر احمد راجپوت سمیت دیگر ججز اور وکلا کی بڑی تعداد نے شرکت کی

کراچی (این این آئی) کارپوریٹ اینڈ بینکنگ لائرز ایسوسی ایشن کی جانب سے "عدالتی نظام میں کیس مینجمنٹ" کے موضوع پر ایک اہم سیمینار کا انعقاد 28 ستمبر 2024 کو کامیابی کے ساتھ کیا گیا۔ اس تقریب میں جسٹس ظفر احمد راجپوت جج ہائی کورٹ آف سندھ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جس میں ممتاز شرکا بشمول جسٹس (ر) فہیم احمد صدیقی، بینکنگ کورٹس کراچی کے جج محمد سعد قریشی، عبدالرزاق اور مسز نوشابہ قاضی اور کسٹم کورٹ کے جج سہیل جبار ملک، ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شاہد شفیع اور دیگر معزز وکلا نے شرکت کی۔ محمد اسحاق علی ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری اور C.E.O. M.I.A.-Arbitration Mediation Conciliation Centre نے کہا کہ اس سیمینار میں کیس مینجمنٹ کے بہتر طریقوں کے ذریعے عدالتی نظام میں کارکردگی کو بڑھانے پر توجہ دی گئی۔ مقررین نے بصیرت انگیز تقاریر کیں،

## دبئی میں پیدا ہونے والے بچوں کو لرنر پاسپورٹ جاری کرنے کا فیصلہ

### یہ نظام دبئی ہیلتھ اتھارٹی کے تعاون سے نافذ کیا جائے گا، کے ایچ ڈی اے

دبئی (این این آئی) دبئی میں پیدا ہونے والے تمام بچوں کو لرنر پاسپورٹ جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق کی رپورٹ کے مطابق نالج اینڈ ہیومن ڈویلپمنٹ اتھارٹی) کے ایچ ڈی اے (نے اعلان کیا کہ اب دبئی میں ہر نوزائیدہ کو اس کے تعلیمی ریکارڈ کو مرتب کرنے اور والدین کو اپنے بچوں کی تعلیم کے بارے میں ... پاسپورٹ جاری کیا جائے گا۔ یہ نظام دبئی ہیلتھ اتھارٹی کے تعاون سے نافذ کیا جائے گا کے ایچ ڈی اے کی ڈائریکٹر جنرل عائشہ میراں نے کہا کہ لرننگ پاسپورٹ کا مقصد ہر بچے کے تعلیم کے حق کی ضمانت دینا ہے۔ یہ لازمی سکول کی عمر کے بچوں کو رجسٹر کرے گا اور ان کی نگرانی کرے گا تاکہ سکولوں میں داخلے کو یقینی بنایا جا سکے اور اس بات کو بھی یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دبئی میں تمام بچوں کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ وہ تعلیمی نظام میں داخل ہیں۔ جب ایک بچہ پیدا ہوتا ہے، تو اسے سسٹم میں داخل کیا جاتا ہے تاکہ ہم دستیاب تعلیمی مراحل کو واضح طور پر سمجھ سکیں۔ اور ہم اس مقصد کے لئے کم عمر بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے دستیاب سکولوں بارے معلومات فراہم کرتے ہیں۔

## حکومت مرگی کی ادویات کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے مناسب اقدامات کرے، ڈاکٹر فوزیہ صدیقی

### جونیئر ڈاکٹرز کی تربیت کے لیے سوات میں ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی زیرنگرانی "اپی لیپسی منی فیلوشپ 2024" کا انعقاد

کراچی (این این آئی) اپی لیپسی فاؤنڈیشن پاکستان کی صدر ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے کہا ہے کہ اپی لیپسی منی فیلوشپ کے انعقاد کا بنیادی مقصد جونیئرز ڈاکٹر کو مرگی کے مریضوں کا اطمینان بخش علاج کرنے کے لیے تربیت فراہم کرنا ہے۔ مرگی کا صحیح طریقے سے علاج کیا جائے تو مرض پر قابو پایا جاسکتا ہے اور زندگی بحال ہو جاتی ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے ڈاکٹر فوزیہ صدیقی اپی لیپسی فاؤنڈیشن پاکستان کے تحت سالانہ اپی لیپسی منی فیلوشپ کا انعقاد کرتی ہیں جس کا مقصد معالجین کو تربیت دینا ہوتا ہے۔ یہ مرگی کے مریضوں کے لیے پاکستان میں ڈاکٹروں کی مدد کے لیے ایک جامع کورس ہے۔ اس سال یہ منی فیلوشپ ورکشاپ گیٹز فارما (Getz Pharma) کے تعاون سے سوات میں منعقد کی گئی ہے۔ اس ورکشاپ میں ڈاکٹر رشید جمعہ، ڈاکٹر نائلہ شہباز، ڈاؤ یونیورسٹی ہیلتھ سے ڈاکٹر میمونہ صدیقی، شفاء انٹرنیشنل سے ڈاکٹر اسفند نیازی اور چلڈرن اسپتال، لاہور سے ڈاکٹر ٹیپو سلطان نے شرکت کی۔ ورکشاپ کے شرکاء کو مرگی کے انتظام (The Basics of Epilepsy Management) کی بنیادی باتیں سکھائی جاتی ہیں۔

## کمشنر لاہور کا زیر تعمیر والٹن روڈ ترقیاتی سکیم کا دورہ، تعمیر پر پیشرفت کا تفصیلات جائزہ لیا

### قینچی امر سدھو سے ڈیفنس جانے کے لئے اوور ہیڈ برج اگلے ہفتے ٹریفک کیلئے کھول دیا جائیگا، بریفنگ

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے زیر تعمیر والٹن روڈ ترقیاتی سکیم کا دورہ کیا اور پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سی ای او سی بی ڈی عمران امین نے زیر تعمیر والٹن روڈ پر پیشرفت بریفنگ دی۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا، اے سی ماڈل ٹاؤن و کینٹ، واسا اور ٹریفک پولیس افسران بھی ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر لاہور نے والٹن روڈ ڈیفنس موڑ تا قینچی چونگی امر سدھو زیر تعمیر روڈ، ڈرینز، سیوریج، ریمپس، ڈسپوزل اسٹیشنز کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور کو بریفنگ میں آگاہ کیا گیا کہ والٹن روڈ کی ایک سائیڈ ڈیفنس موڑ تا چونگی امر سدھو مکمل ہوگئی۔ ٹریفک آمدورفت جاری ہے، والٹن روڈ پر اوپن نالہ کو مکمل مسمار کر دیا گیا ہے۔ نالہ کی جگہ گرین بیلٹس بنیں گی۔ قینچی امر سدھو سے ڈیفنس جانے کے لئے اوور ہیڈ برج اگلے ہفتے ٹریفک کیلئے کھول دیا جائے گا



رکن صوبائی اسمبلی وچیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین سیلابی نالے پر جاری کام کا معائنہ کر رہے ہیں

## صوابی، بھائی نے کلہاڑی سے وار کرکے بھائی کو موت کے گھاٹ اتار دیا

صوابی (این این آئی) موضع گندف میں نامعلوم وجوہات کی بنا پر بھائی نے کلہاڑی سے وار کرکے اپنے بھائی کو موت کے گھاٹ اتار دیا جبکہ چھوٹا لاہور میں نامعلوم افراد نے خاتون کو قتل کر دیا۔ عادل نواز سکنہ گندف نے تھانہ گدون امازئی انڈسٹریل اسٹیٹ میں ایف آئی آر درج کراتے ہوئے بتایا کہ ان کے بھائی اختر زمان نے دوسرے بھائی لعل رحمن پر کلہاڑی سے وار کیا جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئے، مجروح بعد ازاں خیبر ٹیچنگ ہسپتال پشاور میں زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا وجہ عناد معلوم نہیں

## مظفرآباد، اغوا ہونیوالی دو بچوں کی ماں بازیاب، بچے بھی برآمد

### مقدمہ درج کرکے اغوا میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے شروع کردیئے گئے

مظفرآباد (این این آئی) اغوا ہونے والی دو بچوں کی ماں بازیاب، بچے بھی برآمد، ملزمان موقع سے فرار ہوگئے، مقدمہ درج کرکے اغوا میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے شروع کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق 10 ستمبر کو عبدالرشید ولد خوشی محمد نے چوکی پولیس جلال آباد کو تحریری درخواست دی کہ اس کی بیوی آمنہ بی بی دو بچوں زویا بی بی اور زین کو لے کر چلی گئی ہے۔ جس پر چوکی پولیس کے اے ایس آئی علی اصغر خان نے مفقود الخبری کی اندراج کرتے ہوئے اغوا کرنے والے افراد کے خلاف چھان بین شروع کردی اس دوران 19 ستمبر 2024 کو عبدالرشید نے دوبارہ درخواست پیش کی کہ آمنہ بی بی کو رضوان خلیل ولد خلیل الرحمن ساکنہ ڈھوک پراچہ، مشورہ خلیل الرحمن ولد ولی الرحمن، زیشان ولد خلیل الرحمن، زرینہ بی بی زوجہ خلیل الرحمن اغوا کرکے لے گئے ہیں۔ اس رپورٹ پر مقدمہ 382/24 بجرائم 10/16/19 za درج ہو کر ملزمان کی تلاش شروع کردی۔ پولیس ذرائع کے مطابق مستغیث مقدمہ عبد الرشید کے پاس ملزمہ کے متعلق موبائل نمبر نہ ہونے پر بڑی مشکل سے ملزم رضوان خلیل کا نمبر حاصل کیا گیا جو بہاولنگر میں موجود تھا۔

## ہندوستان آزاد کشمیر میں نظریاتی تخریب کاری میں ملوث ہے، راجہ محمد فاروق حیدر

### مقبوضہ کشمیر میں بندوق کی نوک پر ڈالے گئے ووٹوں کی کوئی حیثیت نہیں، لیگی رہنما کی گفتگو

وادی نیلم، دودنیال رتھجیاں (این این آئی) سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر و مرکزی رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کی کمزوری نظریاتی طور پر نقصان دہ، ہندوستان آزاد کشمیر میں نظریاتی تخریب کاری میں ملوث ہے، مقبوضہ کشمیر میں بندوق کی نوک پر ڈالے گئے ووٹوں کی کوئی حیثیت نہیں مقبوضہ کشمیر کی کٹھ پتلی اسمبلی کی حیثیت یہ ہے کہ ساری اسمبلی ایک سرکاری ملازم کے ماتحت کردی گئی ہے، نیلم و یلی کے اندر لائن آف کنٹرول پر ہندوستانی جارحیت سے سب سے زیادہ خاندان متاثر ہوئے جن کی کفالت کے لیے ہم نے مستقل بنیادوں پر پنشن کا بندوبست کیا تا وبٹ تک سڑک کی منظوری مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں دی گئی اور کام شروع ہوا نیلم ویلی سے تعلق میرے والد سے مجھے ورثے میں ملی اس کو نبھاؤں گا نواز شریف ہمارے لیڈر انہوں نے آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کے لیے فراخدلانہ وسائل فراہم کیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ نیلم کے دوسرے دن تھجیاں، دودنیال، کیرن، شاردہ کے مقامات پر عوام علاقہ و مسلم لیگی کارکنان کی جانب سے دیے گئے استقبالیہ تقاریب، میٹنگز، سینئر جماعتی کارکنان سے ملاقاتیں کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔

روزنامہ بولان — چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبزو — 0853-310203

# PCB کو ریڈ بال کے ہائی پرفارمنس کوچ کی تلاش

## ہیڈ کوچ کی گیم پلاننگ اور پرفارمنس میں اضافے کیلئے ٹورنامنٹس سے پہلے اور بعد میں تیاریوں میں معاونت کرے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ریڈ بال کے ہائی پرفارمنس کوچ کی تلاش کے لیے اشتہار جاری کر دیا۔ ہائی پرفارمنس کوچ ہیڈ کوچ کی گیم پلاننگ اور پرفارمنس میں اضافے کے لیے ٹورنامنٹس سے پہلے اور بعد میں تیاریوں کے حوالے سے بھی معاونت کرے گا۔ خواہش مند امیدوار 7 اکتوبر تک درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں، 5 سالہ تجربہ اور کم از کم لیول 2 کے کوچ درخواست دینے کے اہل ہیں۔ بنگلا دیش کے خلاف سیریز میں ٹم نیلسن نے ہائی پرفارمنس کوچ کی ذمے داری نبھائی تھی، انہیں ساؤتھ آسٹریلیا سے ریڈ بال کوچ جیسن گلیسپی لائے تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹم نیلسن ہی ریڈ بال کے ہائی پرفارمنس کوچ ہوں گے، باقاعدہ تقرری کے لیے ضروری کارروائی کے طور پر اشتہار دیا گیا ہے۔



انگلینڈ، اپٹن اسٹیل کاؤنٹی گراؤنڈ میں ساؤتھ ایسٹ اسٹارز کی ایلس ڈیوڈسن رچرڈز گیند کو باؤنڈری کی طرف مار رہی ہیں

## انجری کے باوجود گراؤنڈ میں کھیلنے کیلئے کوشش کی، راشد خان

### جنوبی افریقہ جیسی ٹیم کیخلاف سیریز جیتنے کا اس سے بہترین موقع نہیں ہو سکتا تھا، گفتگو

اسلام آباد (راشد محمود) راشد خان نے جنوبی افریقہ کے خلاف میچ جیتنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے انجری ہوئی تھی لیکن میں نے آخری وقت تک گراؤنڈ پر رہنے کی پوری کوشش کی، ٹیم کے لیے جتنا ہو سکا کرنے کی پوری کوشش کی، ایک ٹیم کے طور پر ہمارے لیے بڑا موقع ہے، ایک بڑی ٹیم کے خلاف سیریز جیتنے کا اور یہی میرے ذہن میں تھا میرا تعاون کلیدی ہوگا اس لیے مجھے جانا ہے اور آخر تک رہنا ہے۔ افغانستان کے بولر راشد کافی دیر سے زخموں سے نبرد آزما ہیں۔ ہیمسٹرنگ کی پریشانی نے انہیں اگست میں ہنڈریڈ کے آخری ہفتے سے باہر کر دیا تھا، اس سے پہلے کہ وہ افغانستان کی ڈومیسٹک ٹی ٹوئنٹی، شپیزا کرکٹ لیگ کھیلنے کے لیے وطن واپس آئے اور کمر میں رگڑ ڈالے۔ درحقیقت، یہ ون ڈے سیریز گزشتہ سال نومبر میں ہندوستان میں 2023 ون ڈے ورلڈ کپ کے بعد دو طویل فارمیٹس میں سے کسی ایک میں ان کی پہلی کرکٹ ہے۔ اس ورلڈ کپ کے بعد راشد کی کمر کی سرجری ہوئی تھی، اور اس کے بعد انہیں چار ماہ کے لیے مکمل طور پر دور کر دیا گیا تھا۔

## پاک انگلینڈ سیریز: نظر ثانی شدہ شیڈول کا اعلان ہوگیا

### پہلا کے بعد دوسرا ٹیسٹ میچ کراچی کے بجائے اب ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائیگا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان 7 سے 28 اکتوبر تک ہونے والی تین ٹیسٹ میچز پر مشتمل سیریز کا نظر ثانی شدہ شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ ... سے 19 اکتوبر تک اب ملتان میں ہی کھیلا جائے گا۔ اسی طرح دوسرے ٹیسٹ میچ کی میزبانی بھی ملتان ہی کرے گا جو 7 سے 11 اکتوبر تک ہوگا اور ...



چائنا اوپن بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں جاپان کی ٹیم میچ کے دوران شاٹ کھیل رہی ہے

## اے ایف پی کے صدر مردوں کی میراتھن ریس کا افتتاح آج گلگت میں کریں گے

گلگت (این این آئی) پاکستان ایتھلیٹکس فیڈریشن کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین مردوں کی میراتھن ریس کا افتتاح آج (اتوار کو) گلگت میں کریں گے۔ مردوں کی میراتھن ریس اتوار کو گلگت میں ہوگی۔ جس کا افتتاح پاکستان ایتھلیٹکس فیڈریشن کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین کریں گے۔ چیف کوآرڈینیٹر کرنل ریٹائرڈ کریم شاہ نے بتایا کہ ریس کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں اور ریس میں گلگت بلتستان کے تمام اضلاع سے مردوں کی کثیر تعداد حصہ لے رہی ہے اور ریس کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ جبکہ خواتین کی میراتھن ریس 24 ستمبر کو ہنزہ میں ہو گی۔ جس میں گلگت بلتستان کے تمام اضلاع سے ...

## فٹ بال فیڈریشن کے صوبائی الیکشن کا دوسرا مرحلہ مکمل، پنجاب سے نوید اسلم جمیل احمد بلوچستان سے کامیاب

## ڈومیسٹک کرکٹ میں سنچریاں، بابر اعظم نے کوہلی کا ریکارڈ توڑ دیا

### بابر اعظم نے 180 اننگز میں 30 ویں سنچری کی، کوہلی نے 199 اننگز میں کی تھیں

فیصل آباد (این این آئی) قومی وائٹ بال ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے ڈومیسٹک کرکٹ میں بھارتی ٹیم کے مایہ ناز بیٹر ویرات کوہلی کا ریکارڈ توڑ دیا۔ گزشتہ روز چیمپئنز ون ڈے کپ کے ساتویں میچ میں اسٹالینز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 271 رنز اسکور کیے تھے۔ 272 رنز کے تعاقب میں ڈولفنز کی ٹیم 97 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔ بابر اعظم نے 100 گیندوں پر 104 رنز کی دلکش اننگز کھیلی تھی ان کی اننگ میں 7 چوکے اور تین بلند و بالا چھکے شامل تھے۔ تاہم بابر اعظم نے ڈومیسٹک کیریئر کی 180 اننگز میں 30 ویں سنچری اسکور کرکے ویرات کوہلی کا ریکارڈ توڑا ہے۔ بھارت کے مایہ ناز بیٹر ویرات کوہلی نے ڈومیسٹک کیریئر کی 199 اننگز میں 30 سنچریاں اسکور کی تھیں، دوسرے نمبر پر جنوبی افریقہ کے سابق بیٹر ہاشم آملہ ہیں جنہوں نے یہ اعزاز حاصل کرنے کے لیے 225 اننگز کا سہارا لیا۔



لیگا ایم ایکس فٹ بال لیگ میں اٹلس اور کوئرٹارو کی ٹیموں کے کھلاڑی مدمقابل ہیں

## ایمرجنگ ایشیا کپ کا اعلان، 18 اکتوبر سے عمان میں شروع

### پاکستان، بھارت، سری لنکا، بنگلا دیش، افغانستان، ہانگ کانگ، عمان اور یو اے ای شامل

## چترال فٹ بال لیگ کے سیزن فور 2024 کا ٹائٹل افغان ٹی وی کی ٹیم نے جیت لیا

چترال (این این آئی) چترال فٹ بال لیگ کے سیزن فور 2024 کا ٹائٹل افغان ٹی وی کی ٹیم نے جیت لیا۔ ڈپٹی کمشنر لوئر چترال محسن اقبال اور چترال سکاؤٹس کے ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل وقاص نے جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ چترال فٹ بال لیگ کے چیف آرگنائزر کمال عبدالجمیل نے لیگ کی رپورٹ پیش کی۔ گزشتہ روز لوئر چترال کے دروش ٹاؤن میں کرنل مراد سٹیڈیم میں لیگ کا فائنل میچ افغان ٹی وی اور باچاخان فٹ بال کلب لورالائی کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا جس میں افغان ٹی وی کی ٹیم نے باچاخان فٹ بال کلب لورالائی کو دو کے مقابلے میں چار گول سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ فائنل میچ پہلے ہاف میں انتہائی دلچسپ رہا جب دونوں ٹیمیں ایک دوسرے کے خلاف تابڑ توڑ حملے کرتے رہے۔ میچ کی پہلے ہاف کے 21 ویں منٹ میں افغان ٹی وی کے یاسر نے گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلادی جو کہ زیادہ دیر برقرار نہ رہی کیونکہ 7 منٹ بعد لورالائی ٹیم نے ایک پینلٹی کک حاصل کرکے اسے گول میں تبدیل کر کے مقابلہ ایک۔ ایک سے برابر کر دیا۔ میچ کے پہلے ہاف پر دونوں ٹیمیں ٹھیک، ایک سے برابر رہیں۔ دوسرے ہاف کے پہلے دس منٹ کے دوران افغان ٹیم کے مزمل نے گول کر کے اپنی ٹیم کو دوبارہ برتری دلادی جبکہ یاسر نے ایک اور گول کر کے اسکور بورڈ کی پوزیشن 3-1 کر دی۔ لورالائی ٹیم ہمت ہارنے کی بجائے گول برابر کرنے کی جدوجہد میں تیزی لائی مگر ان کا ہر حملہ افغان ٹیم کی بیک لائن نے ناکام بنا دیا جو کہ ...

## شکیب الحسن کے ہیلمٹ کا پٹا چبانے کی وجہ سامنے آگئی


### ایسا اس لیے کرتے کہ گیند کا سامنا کرنے کے وقت اپنا سر سیدھا رکھنا ہوتا ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے خلاف ٹیسٹ میچ میں بنگلا دیش کرکٹ ٹیم کے تجربہ کار بلے باز شکیب الحسن کو باؤلر کا سامنا کرتے ہوئے اپنے ہیلمٹ کا پٹا منہ میں دبائے رکھے دیکھا گیا جس کی وجہ سامنے آگئی۔ بنگلادیشی بلے باز شکیب الحسن نے اس ٹیسٹ میچ میں 32 رنز بنائے لیکن ان کی اس پرفارمنس سے زیادہ چرچے ان کے ہیلمٹ کا پٹا منہ میں دبائے رکھنے کے ہیں۔ بیٹنگ کے وقت اس غیر معمولی حرکت کی وجہ پر کمنٹیٹرز بھی مختلف رائے دیتے رہے جب کہ سوشل میڈیا پر بھی صارفین نے دلچسپ تبصرے کیے۔ کسی نے جملہ کسا کہ شاید انہیں بھوک لگی ہے تو کسی نے کہا شاید شکیب کو اس کا ذائقہ پسند ہوگا۔ فلیور کون سا ہے بتانا پسند کریں گے۔ ایک صارف نے کہا کہ وہ باؤلر کو کچا چبا جانے کی دھمکی دے رہے ہیں۔ تاہم اصل وجہ ان کے ساتھی اور سابق کرکٹر تمیم اقبال نے بتادی۔ بنگلادیش کے سابق کرکٹر تمیم اقبال نے بتایا کہ شکیب الحسن ایسا اس لیے کرتے ہیں تاکہ ان کا سر بائیں جانب نہ جھکے اور گیند کا سامنا کرنے کے وقت اپنا سر سیدھا رکھنا چاہتے ہیں۔ کرکٹ ماہرین کا بھی کہنا ہے کہ یہ ایک دلچسپ طریقہ ہے جسے بائیں ہاتھ سے بیٹنگ کرنے والے کھلاڑی اپنی تکنیک کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ شکیب الحسن کو گلوبل ٹی ٹوئنٹی کینیڈا میں بیٹنگ کرتے ہوئے اپنے دانتوں سے جڑی کاٹتے ہوئے بھی دیکھا گیا۔

## افغانستان نے جنوبی افریقا کو دوسرا ون ڈے بھی ہرا دیا

### 311 کے جواب میں جنوبی افریقہ کی ٹیم 35 ویں اوورز میں 134 رنز بنا کر آؤٹ

شارجہ (این این آئی) افغانستان نے دوسرے ون ڈے میں جنوبی افریقا کو 177 رنز سے شکست دیکر تین میچوں کی سیریز میں دو صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل کرلی، شارجہ میں کھیلے گئے سیریز کے دوسرے ون ڈے میں افغانستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے چار وکٹ پر 311 رنز بنائے۔ رحمان اللہ گرباز 105 رنز بنا کر نمایاں رہے، عظمت اللہ عمرزئی نے 86 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ جنوبی افریقا نے جواب میں جنوبی افریقہ کی ٹیم 35 ویں اوورز میں 134 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی، راشد خان نے 5 اور خروٹے نے 4 وکٹیں حاصل کیں۔ افغانستان نے تین میچوں کی سیریز میں دو صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل کرلی ہے۔



جاپان، چکوکو ممعن چھو پیا لیڈیز کپ کی فاتح کیرن گاندو ٹرافی کے ہمراہ



روزنامہ بولان — چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبزو — 0853-310203

## سچائی منہ پر کہنے کی عادت کے ہاتھوں مجبور ہوں، متیرا

### بعض اداکارائیں ایسی ہیں جن کو میک اپ کی ضرورت نہیں، مائرہ خان سرفہرست ہیں



... بعض اداکارائیں ایسی بھی ہیں جن کو میک اپ کی بالکل بھی ضرورت نہیں اور ان میں سرفہرست مائرہ خان ہیں، میں دل کی صاف ہوں اس لیے جو بھی بات ہو اسے منہ پر کہہ دیتی ہوں۔ متیرا نے کہا کہ مائرہ خان ایسا چہرہ ہے جسے کسی میک اپ کی ضرورت نہیں ہوتی اور وہ ہر اعتبار سے کیمرے کے سامنے خوبصورت نظر آتی ہیں جبکہ دیگر ... ضرورت نہیں پڑتی۔ تکنیکی اعتبار سے کیمرے کے سامنے آنے کیلئے بعض لوگوں کو میک اپ کرنا پڑتا ہے جس میں خود بھی شامل ہوں، میں شوخ کی بجائے لائٹ میک اپ کرتی ہوں۔ متیرا نے کہا کہ بنیادی طور پر منہ پھٹ ہوں، جو بھی بات دل میں ہو منہ پر کہہ دیتی ہوں اور میں اپنی اس عادت کے ہاتھوں مجبور بھی ہوں۔

## پاکستان فلم انڈسٹری کے نامور گلوکار منیر حسین کی 29 ویں برسی 27 ستمبر کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کے نامور گلوکار منیر حسین کی 29 ویں برسی 27 ستمبر کو منائی جائے گی۔ موسیقار صفدر حسین نے گلوکار منیر حسین کو فلمی دنیا میں متعارف کروایا جن کی فلم "حاتم" کے لیے انہوں نے اپنا فلمی نغمہ "تیرے محلوں کی چھاؤں میں قرار اپنا لٹا بیٹھے" گایا اور پہلے ہی نغمے نے انہیں شہرت کی بلندیوں پر پہنچا دیا ...


## ندا یاسر نے رابعہ انعم کو شو پر نہ بلانے سے متعلق بیان پر وضاحت دیدی

کراچی (شوبز ڈیسک) اداکارہ و میزبان ندا یاسر نے میزبان رابعہ انعم کو اپنے شو پر مدعو کرنے کے حوالے سے اپنے بیان پر وضاحت پیش کی ہے۔ ندا یاسر نے ایک انٹرویو میں کہا کہ میں نے رابعہ انعم کو اس طرح نہیں کہا کہ میں اپنے شو میں انہیں نہیں بلاؤں گی، وہ ایک اچھی خاتون ہیں، کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کسی کا دن برا ہوتا ہو تو ایسے حالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سب کی زندگیوں کے بارے میں سب کو پتا ہے لیکن ایک میزبان کی حیثیت سے شو پر آنے والے میرے مہمان ہیں، مجھے اپنے مہمانوں کے پردے رکھنے ہیں، میں نے مہمانوں کو بلایا ہے وہ خود نہیں آئے، اس لیے مجھے کوئی حق نہیں پہنچتا، میں انہیں ذلیل نہیں کر سکتی اور کوئی دوسرا مہمان بھی ذلیل نہیں کر سکتا۔ ندا یاسر کے مطابق بس میرا یہی کہنا تھا کہ میرے مہمان کو کوئی دوسرا مہمان ذلیل نہ کرے، ہم کوئی نہیں ہوتے کسی کو کچھ بولنے والے، اور یہ اللہ کی ذات بیٹھی ہوئی ہے ...

## انٹرنیٹ پر مصروفیات بڑھنے سے رشتے کمزور ہو رہے ہیں، عائزہ خان

### دوسری قومیں انٹرنیٹ سے دنیا کو تسخیر کر رہی ہیں ہمارے سامنے کوئی مقصد ہی نہیں، انٹرویو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ عائزہ خان نے کہا ہے کہ موبائل فون اور انٹرنیٹ انسانی زندگی میں سہولیات لائے ہیں لیکن بدقسمتی سے ہم مثبت چیزوں کو بھی منفی انداز میں بدلنے میں ماہر ہو چکے ہیں، موبائل اور انٹرنیٹ کے بے دریغ استعمال کی وجہ سے بڑھنے والی مصروفیات سے رشتے کمزور ہو رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں عائزہ خان نے کہا کہ موبائل فون اور انٹرنیٹ کے بے دریغ استعمال کی وجہ سے ہمارے پاس اپنوں کیلئے وقت ہی نہیں، کئی لوگ تو رشتوں سے زیادہ موبائل کو عزیز رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی خطرناک رجحان ہے اور اگر اس پر قابو پانہ پایا گیا تو وہ دن دور نہیں جب ہم سب ایک دوسرے سے لا تعلق ہو جائیں گے ...



## نامور گلوکارہ نسیم بیگم کی 53 ویں برسی 29 ستمبر کو منائی جائیگی

### موسیقی کا فن مشہور غزل گو فریدہ خانم کی بڑی بہن اور کلاسیکل گلوکارہ مختار بیگم سے سیکھا

لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کی نامور گلوکارہ نسیم بیگم کی 53 ویں برسی 29 ستمبر کو منائی جائے گی، ان کے گائے ملی نغمے اور فلمی گیت آج بھی ذہنوں میں تروتازہ ہیں۔ نسیم بیگم 1936 میں ... فلم گلفام، شہید، شام ڈھلے، سلمیٰ، زرقا سمیت سینکڑوں فلموں کیلئے بے شمار گیت گائے اور شہرت کی بلندیوں تک پہنچیں۔ بادلوں میں چھپ رہا ہے چاند کیوں، کبھی دو دل جو مل جاتے بگڑتا کیا زمانے کا ...

## 'میرے انڈسٹری میں آنے پر لوگوں نے والدین کو بہت کچھ بولا' ترپتی نے ابتدائی مشکلات بتادیں

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ ترپتی ڈمری نے فلم انڈسٹری میں قدم رکھنے کیلئے پیش آنے والی مشکلات کے بارے میں بتایا ہے۔ ترپتی ڈمری نے اداکارہ کترینہ کیف کے یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اپنے کیریئر کا آغاز اداکاری سے کرنا چاہتی تھی جس کیلئے بہت سے لوگوں نے تنقید کا نشانہ بنایا اور مشکلات پیدا کرنے کی کوشش ... کام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ میں نے بہت سی فلمیں کی ہیں جس پر میں خدا کی شکرگزار ہوں اور حال ہی میں کی گئی بلاک بسٹر فلم اینیمل میں میرے کام کو لوگوں نے بہت پسند کیا ہے جب کہ مداحوں کی جانب سے اداکارہ کو نیشنل کرش کا لقب بھی دیا جا رہا ہے۔

## انڈسٹری میں مجھے بار بار بال کٹوانے کا بولا جاتا ہے، نعیمہ بٹ

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی نئی ابھرتی ہوئی اداکارہ نعیمہ بٹ نے انکشاف کیا ہے کہ انڈسٹری میں اُن پر زور دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بال کٹوائیں۔ حال ہی میں نعیمہ بٹ نے اپنے ساتھی اداکار عماد عرفانی کے ہمراہ برطانوی نشریاتی ادارے کو خصوصی انٹرویو دیا جہاں دونوں فنکاروں نے اپنے کیریئر سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ نعیمہ بٹ نے اپنے لمبے اور خوبصورت بالوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ شوبز انڈسٹری میں میرے بالوں کی وجہ سے ہمیشہ مسئلہ رہا ...

## ڈرامہ سیریل "ہوائیں" سے کامیابی ملی، کومل رضوی


### اصل نام سعدیہ زارا رضوی ہے مجھے شناخت کومل رضوی کے نام سے ملی، انٹرویو



... کومل رضوی نے کہا ہے کہ میری پہلی ترجیح گلوکاری ہے جبکہ مجھے اداکاری اور میزبانی کا بھی شوق ہے، بطور اداکارہ میری شناخت پی ٹی وی کراچی سینٹر سے پیش کی جانے والی ڈرامہ سیریل "ہوائیں" سے ہوئیں۔ ایک انٹرویو میں کومل رضوی نے کہا کہ مذکورہ ڈرامے میں قیصر نظامانی کے ساتھ کردار ادا کیا تھا ایک مختصر کردار تھا لیکن میری پرفارمنس کو دیکھتے ہوئے ... سے میں بھی ہواؤں میں اڑنے لگی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ میرا اصل نام سعدیہ زارا رضوی ہے لیکن مجھے شناخت کومل رضوی کے نام سے ملی اور اسی شناخت کو آج تک برقرار رکھے ہوئے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اگر مجھے اداکاری اور گلوکاری میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے کا کہا جائے تو میں گلوکاری کو ترجیح دوں گی۔

## عالیہ بھٹ کس بیماری کا شکار ہیں؟ اداکارہ کا انکشاف

### اداکارہ میک اپ سیٹ پر پینتالیس منٹ سے زیادہ دیر کا وقت نہیں گزار سکتیں



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ عالیہ بھٹ نے انکشاف کیا ہے کہ وہ ایک ایسی بیماری میں مبتلا ہیں جس وجہ سے وہ زیادہ دیر تک میک اپ بھی نہیں کرا سکتیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں ایک میگزین کو دیے گئے انٹرویو میں عالیہ بھٹ نے انکشاف کیا کہ وہ اے ڈی ایچ ڈی (اٹینشن ڈیفیسٹ ہائپر ایکٹیوٹی ڈس آرڈر) میں مبتلا ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ میک اپ سیٹ پر 45 ...

## شوبز میں شارٹ کٹ کا مشورہ دینے والوں کی بہتات ہے، ہما علی

### میں نے کبھی بھی ڈانس پرفارمنس کے لیے کوئی شرط نہیں رکھی، اداکارہ کی گفتگو



لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ہما علی نے کہا ہے کہ شوبز میں شارٹ کٹ کا مشورہ دینے والوں کی بہتات ہے اور بہت سی اداکارائیں ان مشوروں پر عمل کر کے اپنا کیریئر داؤ پر لگا چکی ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ مجھے بھی ایسے لوگ ملے جنہوں نے ...

**بقیہ نمبر 1**

فاتحہ خوانی کی، وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ایس ایس جی کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف کو ایس ایس جی کی خصوصی تربیت، آپریشنل تیاریوں اور مشن کی تکمیل کے لیے استعداد کار پر بریفنگ دی گئی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے جدید ترین خصوصی آلات کا معائنہ کیا اور ایس ایس جی کی جنگی مہارت اور خصوصی آپریشنز کا عملی مظاہرہ بھی دیکھا۔ آئی ایس پی آر کے بیان میں کہا گیا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایس ایس جی کے افسران اور جوانوں کے پیشہ ورانہ معیار، بلند حوصلے اور فرض شناسی کو سراہا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ بدلتے ہوئے سیکیورٹی خطرات اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت ناگزیر ہے اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایس جی کو بدلتے ہوئے سیکیورٹی خطرات کے مقابلے میں برتری برقرار رکھنے کے لیے اعلیٰ معیار کی تیاری جاری رکھنا ہوگی۔

**بقیہ نمبر 2**

عوام کے ساتھ یکجہتی کا اعادہ اور شہدائے جموں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان جموں وکشمیر کے حوالے سے اپنے اصولی موقف پر ثابت قدمی سے کاربند ہے اور اپنے کشمیری بہن ، بھائیوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے یہ بات یوم شہدائے جموں کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 6 نومبر کو منایا جا رہا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ یوم شہدائے جموں کے موقع پر ہم نومبر 1947 میں جموں میں شہید کیے گئے بے گناہ کشمیری مسلمانوں کو احترام سے یاد کرتے ہوئے خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، ہم نہایت عزت و وقار کے ساتھ ان کی یاد مناتے ہوئے ان خاندانوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں جن کی زندگیاں تشدد اور بے گھر ہونے کے باعث تباہ ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ 79 سال قبل آج ہی کے دن ڈوگرہ راج کی افواج نے انتہا پسند مسلح جتھوں کی مدد سے جموں کی مسلم آبادی کے خلاف منظم انداز میں تشدد کی کارروائیاں کیں۔ ہزاروں مرد، خواتین اور بچوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جبکہ لاتعداد افراد کو اپنے گھروں اور آبائی علاقوں کو چھوڑنے پر مجبور ہونا پڑا۔ ان مظالم نے جموں کی آبادیاتی ہیئت کو تبدیل کر دیا اور ایسے زخم چھوڑے جو نسل در نسل آج بھی محسوس کیے جا رہے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ 6 نومبر 1947 کا سانحہ کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ کشمیری عوام کی مشکلات صرف ماضی تک محدود نہیں ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ کی حالیہ رپورٹس میں بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں غیر قانونی حراستوں، پرامن اختلاف رائے پر پابندیوں، سزا کے طور پر گھروں کو مسمار کرنے اور ذرائع ابلاغ کی آزادی دبانے کے واقعات کی دستاویزی طور پر نشاندہی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ماہرین نے بھی تشدد، زیر حراست ہلاکتوں اور اجتماعی سزاؤں سے متعلق رپورٹس پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ صحافیوں، انسانی حقوق کے محافظوں اور پرامن سیاسی آوازوں کو خاموش کرانے کے لیے وسیع تر سخت گیر سیکیورٹی قوانین کا استعمال عالمی توجہ کا متقاضی ہے۔ ہمیں بھارت میں دائیں بازو کے سیاسی رہنماؤں اور ریاستی سرپرستی کے حامل انتہا پسند گروہوں کی جانب سے مسلمانوں، دیگر مذہبی اقلیتوں کے خلاف نفرت اور پاکستان کے خلاف مخاصمت کو ہوا دینے پر گہری تشویش ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بالخصوص مئی 2025 میں بھارت کو ذلت آمیز فوجی ہزیمت کے بعد اس قسم کا بیانیہ ملک کے اندر ظلم و جبر اور باہر کی دنیا میں خطرناک مہم جوئی کو ہوا دے سکتا ہے۔ بین الاقوامی انسانی حقوق کی تنظیموں اور اقوام متحدہ کی نسلی امتیاز کے خاتمے کی کمیٹی کی جانب سے اٹھائے گئے خدشات پر جوابدہی اور کمزور طبقات کے تحفظ کے ذریعے توجہ دی جانی چاہیے۔ کسی بھی حکومت کو فرقہ وارانہ تعصب یا ہمسایہ ملک کے خلاف دشمنی کو اپنی غلطیوں اور ناکامیوں سے توجہ ہٹانے کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ صدر مملکت نے کہا کہ شہدائے جموں کی یاد ہم سب پر یہ ذمہ داری عائد کرتی ہے کہ ہم نفرت کے خلاف مزاحمت کریں، انسانی وقار کا دفاع کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی قوم کو تشدد، امتیازی سلوک یا خوف کے ذریعے اس کے حقوق سے محروم نہ کیا جائے۔ بھارت کو اشتعال انگیز بیانات اور فوجی مہم جوئی سے گریز کرنا چاہیے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور بھارت دونوں ایٹمی ہتھیاروں کے حامل ممالک ہیں اور ایک اور تصادم ان کے عوام اور وسیع تر خطے کے لیے سنگین نتائج کا باعث بنے گا۔ پاکستان امن کا خواہاں ہے تاہم اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور عوام کے تحفظ پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ مذاکرات کے لیے ہمارے عزم کو کبھی بھی کمزوری نہ سمجھا جائے۔ اپریل 2025 کے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بہانے گزشتہ سال مئی میں بھارت کی جانب سے شروع کردہ مسلح تصادم ذمہ دارانہ طرز عمل اور مسلسل سفارت کاری کی فوری ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے جموں وکشمیر کے تنازعہ کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق منصفانہ اور پرامن حل ناگزیر ہے۔ فوجی طاقت اور جبر سیاسی تصفیے کا متبادل نہیں ہو سکتے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بھارت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات اور اس کے بعد کی کارروائیوں نے کشمیری عوام کے حقوق کو مزید مجروح کیا ہے۔ بھارت ان اقدامات کو واپس لے، غیر قانونی طور پر مقبوضہ علاقے کا آبادیاتی تشخص تبدیل کرنے کی کوششیں بند کرے اور ایسے حالات پیدا کرے جن میں کشمیری عوام اپنے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کا استعمال کر سکیں۔ یہ وہ عہد ہے جو بھارت نے خود کیا تھا لیکن آج تک پورا نہیں کیا۔ وقت گزرنے سے ان کے حقوق ختم یا ان کی تائید و حمایت کے لئے عالمی برادری کی ذمہ داری ماند نہیں ہو سکتی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس موقع پر میں عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ پر زور دیتا ہوں کہ وہ سانحہ جموں کے متاثرین کو یاد رکھے اور آزاد انسانی حقوق کی تنظیموں اور اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے اداروں کی جانب سے اٹھائے گئے خدشات پر عملی اقدامات کرے۔ بھارت تمام غیر قانونی طور پر زیر حراست افراد کو رہا کرے، صحافیوں اور انسانی حقوق کے محافظوں کا تحفظ یقینی بنائے، گھروں کو مسمار کرنے اور اجتماعی سزاؤں کا سلسلہ بند کرے اور انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں کی آزادانہ تحقیقات کرائے۔ بھارت بین الاقوامی انسانی حقوق کے مبصرین کو بلا رکاوٹ رسائی فراہم کرے اور اقوام متحدہ کے متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کرے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بھارت کی طرف سے استعمال ہونے والا انسداد دہشت گردی کا بیانیہ بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں یا پورے خاندانوں اور کمیونٹیز کو اجتماعی سزا دینے کا جواز نہیں بن سکتا۔ پاکستان جموں وکشمیر کے حوالے سے اپنے اصولی موقف پر ثابت قدمی سے کاربند ہے، ہم اس غیر تصفیہ شدہ تنازعہ کو ہر متعلقہ عالمی فورم پر اجاگر کرتے رہیں گے اور اس وقت تک اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے جب تک کہ وہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق اپنے حق خودارادیت کا استعمال کرنے کے قابل نہیں ہو جاتے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ آج کے دن ہم شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان تمام کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں جو آج بھی مصائب اور اپنے پیاروں سے جدائی کا صدمہ برداشت کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ شہدائے جموں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جموں وکشمیر کے عوام کو آزادی، امن اور خوشحالی نصیب فرمائے۔

**بقیہ نمبر 3**

پر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے کے ممکنہ فیصلے کے پیش نظر تیاریاں مکمل کرنا شروع کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں مشرق وسطیٰ میں مزید فوجی وسائل اور عسکری ساز و سامان بھیجنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ امریکی خبر رساں ویب سائٹ نے امریکی حکام کے حوالے سے بتایا کہ پینٹاگون نے امریکی فوج کو ایران کے خلاف ممکنہ کارروائیوں کے لیے تیار رہنے کی ہدایت کی ہے۔ ان تیاریوں میں خطے میں اضافی فوجی اثاثوں کی تعیناتی بھی شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق، اس پیش رفت کا مطلب یہ نہیں کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف دوبارہ جنگ شروع کرنے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے، تاہم امریکی فوج ممکنہ آپریشن کے لیے اپنی تیاری مکمل کر رہی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اگر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع ہوئیں تو ان میں بڑے پیمانے پر فضائی حملے بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ ممکنہ اہداف میں ایران کی جوہری تنصیبات، توانائی کے مراکز اور اہم بنیادی ڈھانچہ شامل ہو سکتا ہے۔ ایسی کسی کارروائی میں اسرائیلی فوج کی شمولیت کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ تاہم فی الحال یہ تمام امکانات ہیں اور امریکی قیادت کی جانب سے کسی نئے فوجی آپریشن کا باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا۔ امریکی فوج کی یہ تیاریاں ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی برقرار ہے اور سفارتی رابطوں کے ذریعے تنازع کے حل کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ فوجی تیاریوں سے خطے میں ممکنہ کشیدگی میں اضافے کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔

**بقیہ نمبر 4**

جماعت نے کہا ہے کہ اگر پیپلز پارٹی کراچی سے قومی اسمبلی کی سات نشستیں جیت جائے تو یہ قرب قیامت کی بات ہوگی، ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی عملاً ماضی بن چکی ہیں۔ کراچی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اگر شہر کی آبادی درست شمار کی جاتی تو قومی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ ہوتا۔ کراچی کے شہریوں کا پہلا مطالبہ درست مردم شماری ہے۔ ان کے بقول جماعت اسلامی کا اوسط ووٹ 45 ہزار جبکہ پیپلز پارٹی کا 15 ہزار ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ پیپلز پارٹی نے پہلے سے تباہ حال شہر کو مزید برباد کر دیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ کراچی میں ایک مخصوص نظام کام کر رہا ہے اور اب اس نظام کو صوبے بھی دے دیے گئے ہیں۔ اس نظام کے خلاف باتیں کرنے والے بھی درحقیقت اس کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2005ء سے اب تک کے فور منصوبہ مکمل نہیں ہونے دیا گیا، اگر یہ منصوبہ بروقت پایہ تکمیل تک پہنچ جاتا تو شہریوں کو گھروں میں نلکوں کے ذریعے پانی میسر ہوتا۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاول کے گھر میں بھی ٹینکر کے ذریعے پانی آتا ہے، گزشتہ 18 سال میں کیا کیا گیا؟ شہر میں پانی کی فراہمی کا نظام خراب جبکہ ٹینکر مافیا کا نظام بہتر ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج کا ایس تھری منصوبہ 12 سال سے مکمل نہیں ہو سکا، گرین لائن منصوبہ 2016ء میں شروع ہوا لیکن تاحال پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا، جبکہ ریڈ لائن منصوبے نے شہر کی مرکزی شاہراہ کو متاثر کر رکھا ہے۔ سرکلر ریلوے کے بھی آٹھ افتتاح ہو چکے ہیں، لیکن شہریوں کو اس منصوبے کے ثمرات نہیں مل سکے۔ امیر جماعت اسلامی نے دعویٰ کیا کہ کراچی کو صوبائی حکومت سے اس کا جائز حصہ نہیں مل رہا۔ ان کے مطابق گزشتہ 15 سال کے دوران صوبائی حکومت کو ملنے والے فنڈز میں سے 3 ہزار 360 ارب روپے کراچی کو ملنے چاہئیں تھے، جبکہ صوبے کو ملنے والی رقم کا 76 فیصد شہر کا حصہ بنتا تھا، جو اب کم ہو کر 18 فیصد رہ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹاؤنز کو ملنے والی رقم کا 92 فیصد حصہ ملازمین کی تنخواہوں پر خرچ ہو جاتا ہے۔ پیٹرول کے معاملے پر بات کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ دعا کریں کہ یہ مسئلہ تصادم کے بغیر حل ہو جائے، تاہم اگر حکومت نے ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا تو جماعت اسلامی سڑکوں پر آ کر معاہدہ کرانے پر مجبور کرے گی۔

**بقیہ نمبر 5**

آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد پولیو پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، صوبوں اور تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی مشاورت اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے۔ وزیراعظم نے ملک بھر میں انسداد پولیو مہمات کی کامیاب انعقاد کے لئے فرنٹ لائن پولیو ورکرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم، محنت اور خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ملک بھر میں معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج کو مزید بہتر بنایا جائے۔ وزیراعظم نے خصوصی طور پر پولیو سے متاثرہ اور پولیو کے حوالے سے تشویش کے حامل علاقوں میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بڑھانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے سکیورٹی کے حوالے سے حساس اور مشکل علاقوں میں انسداد پولیو مہمات کے لئے رسائی میں نمایاں بہتری کو قابل تحسین قرار دیا۔ وزیراعظم نے ملک میں سامنے آنے والے حالیہ پولیو کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے خلاف پہلے سے زیادہ بہتر حکمت عملی اور بھرپور جدوجہد سے آگے بڑھنا ہوگا۔ وزیراعظم نے وفاقی وزیر، وزیر مملکت، سیکرٹری قومی صحت اور انسداد پولیو ٹیم کے اراکین کو فوری طور پر چاروں صوبوں کا فوری دورہ کرکے وزرا اعلیٰ اور چیف سیکرٹریز سے ملاقاتوں کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہفتے کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کے بعد انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ اجلاس کو ملک میں حالیہ پولیو کیسز اور انسداد پولیو کے حوالے سے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ آج ہی ضلع خیبر سے پولیو کا نیا کیس سامنے آیا ہے جس کے بعد رواں سال ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 9 ہو گئی، 2026 میں صوبہ خیبر پختونخوا میں ضلع خیبر سے 3، بنوں سے 3 اور شمالی وزیرستان سے ایک پولیو کیس سامنے آیا، ضلع خیبر سے سامنے آنے والے تمام پولیو کیسز افغانستان کے پولیو وائرس سے متعلق ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رواں سال صوبہ سندھ میں ضلع کراچی شرقی سے ایک اور ضلع سجاول سے ایک پولیو کیس سامنے آیا، افغانستان سے ہونے والی آمد و رفت پاکستان میں اس وقت پولیو کے پھیلنے کی ایک بڑی وجہ ہے، صوبہ پنجاب میں فروری 2025 سے پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا، صوبہ بلوچستان سے 2025 اور 2026 میں پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا جبکہ آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان پہلے سے پولیو سے پاک ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رواں سال صوبہ سندھ کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی مقدار میں کمی دیکھنے میں آئی ہے، انسداد پولیو ٹیموں کی سکیورٹی بہتر بنانے اور انہیں خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع میں بہتر رسائی دینے کے حوالے سے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے قومی صحت ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ، وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو سینیٹر عائشہ رضا فاروق اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے فیول ریلیف پروگرام پر پیشرفت اور شفافیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ پٹرولیم سبسڈی سکیم کے تحت رجسٹرڈ مستحقین کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کئے جائیں۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی اب تک کی پیشرفت اور شفافیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ، رجسٹریشن اور سبسڈی کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے نتیجے میں رجسٹریشن میں اضافہ ہوا ہے اور زیادہ مستحق شہری اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں، مستحق شہریوں کے لئے ٹیکنالوجی پر مبنی یہ شفاف سبسڈی سکیم مستقبل میں عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات کے لئے ایک گیم چینجر ثابت ہوگی۔ وزیراعظم نے سکیم کے حوالے سے مانیٹرنگ اور کارگردگی ڈیش بورڈ ترتیب دینے پر وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وفاقی سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام ضرار ہاشم خان اور ان کی ٹیم کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے پٹرولیم سبسڈی سکیم کے تحت رجسٹرڈ مستحقین کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سبسڈی سکیم کے تحت اب تک 15,519,282 شہری رجسٹر ہو چکے ہیں جن میں سے 15.06 ملین موٹر بائیکس اور 449 ہزار 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان ہیں، سبسڈی سکیم کے تحت اب تک 6 کروڑ 31 لاکھ 53 ہزار 885 ٹوکن جاری ہوئے جن میں سے 5 کروڑ 94 لاکھ 45 ہزار 347 ٹوکنز کو استعمال کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ فیول سبسڈی سکیم کے تحت 4 نومبر 2026 تک 28.6 ارب روپے کی ادائیگیاں ہو چکی ہیں، پرائم منسٹر فیول ریلیف سکیم کے حوالے کی معلومات اور شکایات کے ازالے کے لئے صارفین اور پٹرول پمپس کے لئے الگ الگ کال سینٹرز قائم کئے گئے ہیں۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وزیر پٹرولیم ڈویژن علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے توانائی لیفٹیننٹ جنرل (ر) ظفر اقبال اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

**بقیہ نمبر 6**

نے قیدیوں کی فہرستیں پاکستان کو دیں۔ سفارتی ذرائع کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ 2008 کے قونصلر رسائی معاہدے کے تحت باقاعدگی سے کیا جاتا ہے

**بقیہ نمبر 7**

انڈونیشیا کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان برادرانہ اور مضبوط تعلقات موجود ہیں، جنہیں صحت کے شعبے میں مزید وسعت دی جائے گی۔ وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پاکستان میں مقامی سطح پر ویکسین کی تیاری کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ویکسین سازی کی قومی صلاحیت بڑھانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے انڈونیشیا پاکستان کا ایک اہم اور قابل اعتماد شراکت دار ہے، اور پاکستان انڈونیشیا کی جدید ٹیکنالوجی اور تجربات سے بھرپور استفادہ کرنا چاہتا ہے۔ ملاقات میں پاکستان میں مقامی سطح پر ویکسین سازی کی پیش رفت اور جاری اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انڈونیشیا کے وزیر صحت نے یقین دہانی کرائی کہ ان کا ملک ویکسین سازی، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور استعداد کار میں اضافے کے حوالے سے پاکستان کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گا۔ دونوں وزرائے صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے عوام کو جدید، معیاری اور موثر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مشترکہ طور پر کام جاری رکھا جائے گا۔

**بقیہ نمبر 8**

یف نے موٹر ویز کا جال بچھایا، ملک سے لوڈشیڈنگ اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات کیے۔ رانا ثنا اللہ نے دعویٰ کیا کہ 2018 میں ایک "نااہل شخص" کے اقتدار میں آنے سے ملک کی ترقی کا سفر متاثر ہوا اور تبدیلی کے کھوکھلے نعروں سے ملک آگے نہیں بڑھ سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا، جبکہ موجودہ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان دوبارہ ترقی کی جانب گامزن ہے۔

**بقیہ نمبر 9**

ئے ان کے والد کو ملازمت فراہم کرنے کا اعلان بھی کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شطرنج جیسے ذہنی کھیل بچوں اور نوجوانوں میں غور و فکر، حکمت عملی، صبر و تحمل اور بروقت فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں۔ بلوچستان کے بچوں میں غیر معمولی صلاحیتیں موجود ہیں جنہیں مناسب مواقع اور سرپرستی فراہم کر کے قومی اور بین الاقوامی سطح پر متعارف کرایا جا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے باصلاحیت بچوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی صلاحیتوں کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وسائل کی کمی کسی باصلاحیت بچے کی ترقی اور کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے دی جائے گی۔

**بقیہ نمبر 10**

نظام میں بہتری لانا ضروری ہے، وزیراعظم سے کہا ہے بل سے متعلق لگائے گئے الزامات پر انکوائری کروائی جائے

**بقیہ نمبر 11**

ئی اور عالمی پیش رفت پر بھی گفتگو کی اور علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے مسلسل مکالمے اور سفارتی روابط برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

**بقیہ نمبر 12**

کے لیے کوئی فنڈ قائم ہو سکا اور نہ ہی دوران ڈیوٹی وفات پانے والے صحافیوں کے لیے کوئی پیکج تیار کیا گیا۔ جمعرات کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن (پی بی اے) کو صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی نظام وضع کرنا ہوگا، اب ایسے نہیں چلے گا

**بقیہ نمبر 13**

شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق گزشتہ شب امریکی فوج نے آبنائے ہرمز کے قریب ایک ایرانی آئل ٹینکر کو فضائی حملے کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں جہاز کے انجن روم کو نقصان پہنچا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس کارروائی کے جواب میں ایرانی بحریہ نے پانایا نامی ایک ایسے بحری جہاز پر میزائل داغے جو امریکی اور اسرائیلی مفادات سے وابستہ تھا۔ پاسداران انقلاب کے مطابق اس کے بعد امریکی فوج نے قشم جزیرے پر واقع ایک ایرانی مواصلاتی ٹاور کو بھی نشانہ بنایا۔ پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ اس کے ردعمل میں ایرانی فضائیہ نے میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے خطے میں موجود ایک امریکی فضائی وہیلی کاپٹر اڈے اور امریکی پانچویں بحری بیڑے کے ہیڈ کوارٹر کو نشانہ بنایا۔ ایرانی فوجی بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم پہلے ہی خبردار کر چکے تھے کہ کسی بھی جارحیت کا جواب مختلف اور زیادہ سخت انداز میں دیا جائے گا اور ہم نے اپنے وعدے پر عمل کیا ہے۔ پاسداران انقلاب نے یہ بھی کہا ہے کہ حالیہ جوابی کارروائیاں امریکا کے لیے سبق ہونی چاہئیں اور خبردار کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے امن و استحکام کو متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کی بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔

**بقیہ نمبر 14**

مک زونز کی استعداد بہتر بنانے پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں وفد کو ایس آئی ایف سی کے تحت جاری ضابطہ جاتی اصلاحات اور کاروبار میں آسانی کے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ایس آئی ایف سی صوبائی حکومتوں کے اشتراک سے سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولت اور کاروباری آسانیاں فراہم کر رہی ہے۔

**بقیہ نمبر 15**

ہے کہ سوشل میڈیا پی ٹی آئی کے لیے ایک بڑی نعمت بھی ہے اور عذاب بھی بن چکا ہے، ان کا ایک گروپ پاکستان مخالف ایجنڈے اور علیحدگی پسندوں کے لیے کام کرتا ہے، پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا پر تین سے چار مختلف گروپ سرگرم ہیں

**بقیہ نمبر 16**

کی جانب سے 5 نومبر کو جاری پریس ریلیز کے مطابق کمیشن نے خیبر پختونخوا میں ان اضلاع کے علاوہ جہاں گورنر رول اور ایمرجنسی کے بعد آئین کے آرٹیکل 140-A کو معطل کیا گیا تھا، دیگر اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا فیصلہ کیا تھا اور اس سلسلے میں متعدد اقدامات شروع کر دیے گئے تھے۔ جاری بیان کے مطابق الیکشن کمیشن کے اجلاس میں وفاقی حکومت کی جانب سے 4 نومبر 2026 کو جاری کردہ آرڈر نمبر 3 زیر بحث لایا گیا۔ اجلاس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کی۔ اجلاس میں مذکورہ حکم نامے کی شق نمبر 2 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جس کے تحت آئین پاکستان کے آرٹیکل 140-A کو معطل کرتے ہوئے اس کا اطلاق پہلے سے مخصوص اضلاع کے علاوہ دیگر تمام اضلاع پر بھی کر دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ آئین کا آرٹیکل 140-A صوبوں میں مقامی حکومتوں کے قیام سے متعلق ہے، جبکہ اس آرٹیکل کی ذیلی شق (2) کے تحت مقامی حکومتوں کے انتخابات کا انعقاد الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری ہے۔ کمیشن نے آرٹیکل 140-A کی دیگر اضلاع میں بھی معطلی کے تناظر میں جاری انتخابی عمل پر ممکنہ اثرات کا تفصیلی جائزہ لیا اور غور و خوض کے بعد فیصلہ کیا کہ مذکورہ حکم نامے کے باعث خیبر پختونخوا کے باقی اضلاع میں بھی بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں رہا، لہٰذا انتخابات کے سلسلے میں اب تک کیے گئے تمام اقدامات تاحکم ثانی روک دیے جائیں۔

**بقیہ نمبر 17**

سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، دنیا کا کوئی جمہوری ملک سیاسی ایجنڈوں کی خاطر ریاستی اداروں کو کمزور کرنے کی اجازت نہیں دیتا، مصنوعی ذہانت سے صحت کے شعبے میں انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے، ذیابیطس سے بچاؤ کے لیے ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے گی، قومی مفاد میں مشکل مگر ضروری فیصلے کرکے معیشت کو مستحکم کیا گیا، مہنگائی تقریباً 38 فیصد سے کم ہو کر 5 سے 6 فیصد کی سطح پر آ گئی۔ اتوار کو اور لینڈو میں اپنا کونشن 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ڈاکٹرز پاکستان کے ہیلتھ سیکٹر کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کریں، بیرون ملک پاکستانی ڈاکٹرز پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں، اوورسیز پاکستانی معالجین جدید طبی مہارت، ٹیکنالوجی اور تجربہ پاکستان منتقل کریں۔ احسن اقبال نے کہا کہ مصنوعی ذہانت سے صحت کے شعبے میں انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے، اوورسیز ڈاکٹرز پاکستان میں اے آئی پر مبنی ہیلتھ کیئر سلوشنز کے فروغ میں معاونت کریں، پاکستان کو صحت، خواندگی اور آبادی کے شعبوں میں بڑے چیلنجز درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہیپاٹائٹس سی، ذیابیطس، ٹی بی، پولیو اور بچوں میں غذائی کمی قومی چیلنجز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان پاپولیشن کونسل کے قیام کی منظوری دے دی ہے، پاپولیشن کونسل کی سربراہی وزیراعظم کریں گے، تمام وزرائے اعلیٰ رکن ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کا پروگرام جاری ہے، ذیابیطس سے بچاؤ کے لیے ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے گی، بیرون ملک پاکستانی ڈاکٹرز علم، جدت اور اصلاحات کے ذریعے وطن کی خدمت جاری رکھیں، پالیسیوں کے تسلسل میں رکاوٹوں کے باعث پاکستان اپنے ترقیاتی اہداف مکمل حاصل نہ کر سکا، ماضی میں توانائی بحران کا خاتمہ، امن و امان میں بہتری اور سی پیک کا کامیاب آغاز ہماری اہم کامیابیاں رہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ سی پیک کے پہلے مرحلے میں تین برس میں تقریباً 25 ارب ڈالر سرمایہ کاری آئی، اپریل 2022 میں اتحادی حکومت نے معیشت کو دیوالیہ کے دہانے سے واپس لایا، قومی مفاد میں مشکل مگر ضروری فیصلے کرکے معیشت کو مستحکم کیا گیا، مہنگائی تقریباً 38 فیصد سے کم ہو کر 5 سے 6 فیصد کی سطح پر آ گئی، شرح سود میں نمایاں کمی سے پائیدار معاشی ترقی کی بنیاد رکھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ 2022 کے تباہ کن سیلاب سے 30 ارب ڈالر کا نقصان ہوا مگر پاکستان نے بحالی کا سفر جاری رکھا، پاکستان نے حالیہ قومی چیلنجز کا کامیابی سے مقابلہ کرکے عالمی سطح پر وقار میں اضافہ کیا، حکومت کی اڑان پاکستان حکمت عملی کا مرکز برآمدات میں اضافہ ہے، پاکستان کی برآمدات 40 ارب ڈالر جبکہ ویتنام کی 450 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ 2035 تک پاکستان کی برآمدات 100 ارب ڈالر سے آگے لے جانا قومی ہدف ہے، اوورسیز پاکستانی عالمی منڈیوں میں پاکستانی برآمدات بڑھانے میں کردار ادا کریں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے معرکہ حق میں بھارت کے خلاف کامیاب دفاع کیا، وزیراعظم شہباز شریف کی سیاسی بصیرت اور قائدانہ صلاحیت اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کاوشوں کے نتیجے میں ایران امریکہ مذاکرات کامیاب ہوئے، پاکستان کی امن کوششوں کو عالمی سطح پر غیر معمولی پذیرائی ملی۔ احسن اقبال نے کہا کہ ریاست کو سیاست سے الگ رکھنا ہوگا، سیاسی احتجاج حق ہے مگر ریاستی مفاد پر سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، دنیا کا کوئی جمہوری ملک سیاسی ایجنڈوں کی خاطر ریاستی اداروں کو کمزور کرنے کی اجازت نہیں دیتا، بین الاقوامی سطح پر اندرونی اختلافات کو تماشہ بنانے سے پاکستان کے وقار، عالمی برانڈ اور ریاستی مفاد کو نقصان پہنچتا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ اختلاف رائے کا اظہار ذمہ داری سے ہونا چاہیے، قومی خودمختاری اور ریاستی وقار ہر حال میں مقدم ہیں، اوورسیز پاکستانی ڈاکٹرز کو ملکی ترقی اور نظام صحت سے جوڑنے کے لیے انقلابی ٹیلی میڈیسن ماڈل زیر غور ہے، پاکستان کے 60 اضلاع میں امریکی ماہرین صحت پر مشتمل ٹیلی میڈیسن بیک اپ پینل قائم کرنے کی تجویز دی گئی۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہر ضلع میں 10 امریکی ماہر ڈاکٹروں کا پینل دور دراز علاقوں کے جونیئر ڈاکٹرز کو بیک اینڈ سپورٹ فراہم کرے گا، ٹیلی میڈیسن کے ذریعے پاکستانی جونیئر ڈاکٹرز امریکی اسپیشلسٹس سے براہ راست مشاورت کر سکیں گے۔

**بقیہ نمبر 18**

ہے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے 9 نومبر کو یوم اقبال کے سلسلے میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق یوم اقبال کے موقع پر پنجاب بھر کے تمام سرکاری و نجی سکول بند رہیں گے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے فیصلے پر عملدر آمد یقینی بنانے کے لئے تمام ضلعی ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایات جاری کر دی ہیں

**بقیہ نمبر 19**

حفاظتی انتظامات اور ساڑھے ارب روپے مالیت کے جدید سیوریج نظام سے متعلق جائزہ اجلاس وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں واسا، میونسپل کارپوریشن سمیت دیگر اداروں کے نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مون سون کے دوران برساتی پانی کی فوری نکاسی اور کسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مطلوبہ مشینری، عملے کی دستیابی اور حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ضلع جہلم کی تاریخ کے سیوریج کے سب سے بڑے منصوبے کے تحت 72 کلومیٹر طویل نئی سیوریج لائنوں کا 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ 3 نئے ڈسپوزل اسٹیشنز کی تعمیر بھی آخری مراحل میں ہے۔ مون سون کی تیاریوں کے سلسلے میں 200 سے زائد ملازمین، 11 ڈسپوزل پمپ، 4 سکر مشینیں اور 2 جیٹنگ مشینیں فراہم کر دی گئی ہیں جبکہ تمام عملہ اس حوالے سے ہائی الرٹ پر ہے۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے ترقیاتی کاموں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے واسا حکام کو ہدایت کی کہ زیر عمل منصوبوں میں شفافیت اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے جبکہ تمام منصوبے متعین ڈیڈ لائنز میں مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بارشوں کے دوران تمام افسران فیلڈ میں موجود رہیں اور صورتحال کی مانیٹرنگ کو یقینی بنائیں۔ دریں اثنا وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی نے جہلم کرکٹ ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

**بقیہ نمبر 20**

عت، دفاع، تعلیم اور دیگر شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوڈان کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل بابکر سمرا مصطفیٰ علی سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے جمعرات کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے معزز مہمان کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان سوڈان کے ساتھ اپنے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ سوڈان اپنے موجودہ بحران سے نکل کر ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال ملک کے طور پر ابھرے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان سوڈان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے جبکہ زراعت، دفاع، تعلیم اور دیگر شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی)، جی 77 اور دیگر کثیرالجہتی فورمز پر سوڈان کے تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ اس موقع پر سوڈان کے وزیر داخلہ نے پاکستان آمد پر پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر وزیراعظم اور حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے سوڈان کو درپیش مشکل صورتحال میں پاکستانی حکومت اور عوام کی جانب سے فراہم کی جانے والی انسانی اور طبی امداد پر بھی وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔ سوڈانی وزیر داخلہ نے سوڈان میں امن و امان کی کوششوں کے

# اوتھل میں تاریخی بینک ڈکیتی کرنیوالے ملزمان گرفتار

## 20 کروڑ روپے لوٹنے والے پانچوں ملزمان یونیورسٹی کے طالب علم نکلے، ماسٹر مائنڈ سمیت 3 گرفتار

**ڈیڑھ سال بعد نیشنل بینک ڈکیتی کا معمہ حل، زہیب مرکزی ملزم قرار، ایک اکاؤنٹ سے 17 کروڑ روپے کی ٹرانزیکشن کا انکشاف، مزید گرفتاریاں متوقع**

اوتھل (رپورٹ، محمد عمر لاسی) لسبیلہ پولیس نے ڈیڑھ سال قبل اوتھل میں نیشنل بینک سے ہونے والی تقریبا 20 کروڑ روپے کی بڑی ڈکیتی کا معمہ حل کرتے ہوئے ماسٹر مائنڈ سمیت تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ حیران کن انکشاف سامنے آیا ہے کہ واردات میں ملوث پانچوں ملزمان لسبیلہ یونیورسٹی کے طالب علم یا سابق طالب علم ہیں، جبکہ ڈکیتی کا مرکزی منصوبہ ساز بھی یونیورسٹی کا زیرِ تعلیم طالب علم نکلا۔ اس حوالے سے ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے اوتھل میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ فروری 2025 میں صبح ساڑھے آٹھ سے نو بجے کے درمیان نیشنل بینک اوتھل میں تقریبا 20 (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)



اوتھل: ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نیشنل بینک اوتھل کی 20 کروڑ روپے کی ڈکیتی کے مقدمے میں گرفتار ملزمان، پولیس اہلکاروں اور برآمد ہونے والی گاڑیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

## چائلڈ میرج ایکٹ 2026 کا ماضی سے اطلاق غیر قانونی قرار

**قانون کے نفاذ سے قبل ہونے والی شادی کے معاملے میں لڑکی کو کم عمر قرار دے کر دارالامان بھیجنے کا حکم کالعدم**

**قانون کو ماضی سے لاگو کرکے کسی کے خلاف کارروائی کی بنیاد نہیں بنایا جاسکتا، جسٹس خالد ابن عزیز کا فیصلہ**

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کے ماضی سے اطلاق کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے قانون کے نفاذ سے قبل ہونے والی شادی کے معاملے میں لڑکی کو کم عمر قرار دے کر دارالامان بھیجنے کا حکم کالعدم کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ کسی نئے قانون کا اطلاق اس کے نفاذ سے قبل ہونے والے واقعات پر نہیں کیا جاسکتا اور قانون کو ماضی سے لاگو کر کے کسی کے خلاف کارروائی کی بنیاد نہیں بنایا جا سکتا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد ابن عزیز نے شیر باز اور صفینہ خاتون (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

**31 سالہ شخص نے گھریلو جھگڑوں سے دلبرداشتہ ہوکر زندگی کا خاتمہ کرلیا**

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں گھریلو جھگڑوں سے دلبرداشتہ 31 سالہ شخص نے مبینہ طور پر زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ پولیس کے مطابق گھریلو جھگڑوں سے دلبرداشتہ 31 سالہ عقیل نے مبینہ طور پر زہریلی گولیاں کھالیں جسے تشویشناک حالت میں فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا

## سائرہ عطاء کا ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں ترقیاتی منصوبے کا دورہ

**تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور مجموعی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی،**

لسبیلہ (نمائندہ بولان) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کا ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں ترقیاتی منصوبے کا دورہ، ایکسئین بلڈنگ خلیل احمد بلوچ کی جانب سے بریفنگ، کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں جاری ترقیاتی منصوبے "کنسٹرکشن آف پری فیبریکیٹڈ اکوموڈ (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

**سموگ کا راج، لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست**

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی کی صورتحال ایک بار پھر انتہائی تشویشناک ہوگئی، دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور پہلے نمبر پر براجمان ہے۔

# وزیر اعلیٰ سندھ کا گندم ذخیرہ اندوزی کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

## مصنوعی قلت پیدا کرنے اور مارکیٹ میں ہیرا پھیری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

**سندھ میں گندم اور آٹے کی مناسب قیمت پر بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، سید مراد علی شاہ**

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کو گندم کی ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف سخت کریک ڈاؤن شروع کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ صوبے کی سال کے باقی عرصے کی گندم ضروریات کے پیش نظر مصنوعی قلت پیدا کرنے (بقیہ 43 صفحہ 7 پر)

## خیبر پختونخوا، پی ٹی آئی دور کی 1224 ترقیاتی اسکیموں کی چھان بین کا فیصلہ

**سابق حکومت کے دور میں 1224 نئی ترقیاتی اسکیمیں شامل کی گئی تھیں جن کی مجموعی لاگت کا تخمینہ 1 ہزار 348 ارب روپے تھا**

**تمام ترقیاتی اسکیموں کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور اس عمل میں سیاسی اثر و رسوخ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا**

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے پاکستان تحریک انصاف کے دورِ حکومت میں منظور کی گئی سالانہ ترقیاتی اسکیموں کی چھان بین شروع کر دی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق سابق حکومت کے دور میں 1224 نئی ترقیاتی اسکیمیں شامل کی گئی تھیں جن کی مجموعی لاگت کا تخمینہ 1 ہزار 348 ارب روپے تھا جبکہ ان اسکیموں کے لیے رواں مالی سال کے بجٹ میں 107 ارب روپے مختص (بقیہ 44 صفحہ 7 پر)

**ٹیچنگ ہسپتالوں کے واجبات کی ادائیگی کیلئے 14 ارب سے زائد کی منظوری**

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج معالجہ کی بلاتعطل فراہمی کو (بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

**سرگودھا، لوڈ ٹرک کے عقب سے موٹر سائیکل کو ٹکر میں چھ ماہ کا معصوم بچہ جاں بحق**

سرگودھا (این این آئی) لوڈ ٹرک کے عقب سے موٹر سائیکل کو ٹکر میں چھ ماہ کا معصوم بچہ جاں بحق اور ماں شدید زخمی ہوگئی جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے

## سوراب: ڈپٹی کمشنر کا نجی تعلیمی اداروں کا دورہ

**موسم سرما کی تعطیلات کے دوران فیسوں کی وصولی سے متعلق طلبہ اور اساتذہ سے آرا طلب**

سوراب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے سوشل میڈیا پر نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے موسم سرما کی تعطیلات کے دوران فیسوں کی وصولی سے متعلق گردش کرنے والی خبروں کا نوٹس لیتے ہوئے مختلف نجی اسکولوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ اور اساتذ (بقیہ 45 صفحہ 7 پر)



گڑھی خیرو۔ شہریوں کا بنیادی سہولتوں کی عدم فراہمی کے خلاف گدھا گاڑی پر انوکھا احتجاج

## گوٹھ گڑھی خیرو میں بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف شہریوں کی جاری

**احتجاجی تحریک کے 64 ویں دن رہنماؤں نے گدھے کے ساتھ ایک انوکھا احتجاجی مظاہرہ کیا**

گڑھی خیرو (نمائندہ بولان) گوٹھ گڑھی خیرو میں بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف شہریوں کی جاری احتجاجی تحریک کے 64 ویں دن رہنماؤں نے گدھے کے ساتھ ایک انوکھا احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرے میں قومی عوامی تحریک کے صدر جاوید جمالی، سماجی رہنما ڈاکٹر اسرار احمد کھوسو، ایس ٹی پی کے رہنما حاجی مہار علی دیناری، بی این پی کے صدر عبدالمجید بروہی اور دیگر افراد نے شرکت کی اور انتظامیہ کی بے حسی کی سخت الفاظ میں مذمت کی اس موقع پر رہنماؤں اور مظاہرین نے گدھا لا کر انوکھا احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ "خواب غفلت میں سوئی ہوئی انتظامیہ بھی اس گدھے کی طرح بے حس ہوچکی ہے، جسے علاقے کے لو (بقیہ 52 صفحہ 7 پر)

**ڈپٹی کمشنر سرگودھا کا ڈی ایچ کیو ہسپتال ٹیچنگ کا اچانک دورہ**

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال ٹیچنگ کے اچانک دورہ پر صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے (بقیہ 62 صفحہ 7 پر)

## ریسکیو 1122 کے کرپٹ اہلکاروں نے مریض کی زندگی داؤ پر لگا دی

**اگر مریض کو ملتان کارڈیالوجی ہسپتال میں لے جانا ہے کسی سیاستدان کا فون کروادیں**

ملتان (نمائندہ بولان) ریسکیو 1122 ٹبہ سلطان پور شہر کے کرپٹ اہلکاروں نے ٹبہ سلطان پور شہر کے وارڈ نمبر 8 حاجی چوہدری عبدالشکور کمبوہ کی بیوی کو رات ایک بجے کے قریب اچانک دل کی تکلیف ہوئی تو حاجی عبد الشکور کمبوہ کے بیٹے نے ریسکیو 1122 پر ایمرجنسی کال تو ریسکیو کی گاڑی گھر (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

**مریدکے، ٹرک تلے آکر 18 سالہ نوجوان جاں بحق**

کالاشاہ کاکو (این این آئی) مریدکے میں شیخوپورہ روڈ پر انگورا رائس ملز کے قریب افسوسناک حادثے میں ٹرک تلے (بقیہ 61 صفحہ 7 پر)

# پنجاب کا بجٹ صرف کتابوں میں نہیں گراؤنڈ پر لگا نظر آتا ہے، عظمیٰ بخاری

## الیکٹرک بسوں کی مانگ بڑھ رہی، 147 تحصیلوں تک سہولت فراہم کریں گے

**گرین بسوں کے ساتھ گرین ٹریکٹرز اور الیکٹرک بائیکس کی فراہمی کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے، جبکہ کسانوں اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود وزیراعلیٰ مریم نواز کی ترجیحات میں شامل ہے**

لاہور (اے ایف بی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب میں گرین الیکٹرک بسوں کے منصوبے نے ٹرانسپورٹ کے شعبے میں نمایاں بہتری لائی ہے، عوام کی جانب سے ان بسوں کی مانگ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب کے مختلف شہروں کے شہری وزیراعلیٰ مریم نواز سے اپنے علاقوں میں بھی الیکٹرک بسیں چلانے کا مطالبہ کر رہے ہیں، جبکہ حکومت جلد صوبے کی 147 تحصیلوں تک یہ سفری سہولت فراہم کرے گی۔ پنجاب بھر میں ایک ہزار ایک سو الیکٹرک بسیں چل رہی ہیں، جن سے روزانہ لاکھوں شہری معیاری، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ گرین بسوں کے ساتھ گرین ٹریکٹرز اور الیکٹرک بائیکس کی فراہمی کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے، جبکہ کسانوں او (بقیہ 56 صفحہ 7 پر)



اسلام آباد۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی کی سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کی اٹھائیسویں ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران کے ساتھ الوداعی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو۔

## ممبر بلوچستان بار کونسل راحب بلیدی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کی حب بار روم آمد

**راحب بلیدی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے حب بار کی کابینہ اور اراکین سے ملاقات کی**

حب (نمائندہ بولان) سابق وائس چیئرمین بلوچستان بار کونسل، معروف قانون دان و ممبر بلوچستان بار کونسل راحب بلیدی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کی حب بار روم آمد، تفصیلات کے مطا (بقیہ 33 صفحہ 7 پر)

## پی سی بی کا قومی کرکٹرز کو افغانستان لیگ کیلئے این او سی نہ دینے کا فیصلہ

**سابق وسیم اکرم کا بھی منتور کی پیشکش پر پی سی بی کی پالیسی کے خلاف نہ جانے کا فیصلہ**

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی کرکٹرز کو افغانستان پریمیئر لیگ کے لیے این او سی نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وسیم اکرم کو افغانستان پریمیئر لیگ میں مینٹور کی آفر ہوئی تھی تاہم سابق کپتان نے پی سی بی کی پالیسی کے خلاف نہ جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ دوسری (بقیہ 34 صفحہ 7 پر)

## ملک میں ایک ماہ کے دوران 5 ہزار سے زائد نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن، غیر ملکی سرمایہ کار بھی متحرک

**اکتوبر 2026 میں 5 ہزار 3 کمپنیاں رجسٹرڈ، مجموعی تعداد 3 لاکھ 21 ہزار 794 ہوگئی**

**نئی کمپنیوں میں 55.4 فیصد پرائیویٹ لمیٹڈ اور 41.6 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں شامل**

کراچی (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) میں اکتوبر 2026 کے دوران 5 ہزار 3 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں، جس کے بعد ملک میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 3 لاکھ 21 ہزار 794 ہوگئی۔ نئی کمپنیوں میں سے 99.9 فیصد کی رجسٹریشن آن لائن مکمل کی گئی۔ ایس ای سی پی کے مطابق اکتوبر میں رجسٹر ہونے والی نئی کمپنیوں میں 55.4 فیصد پرائیویٹ لمیٹڈ جبکہ (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

# سپین نے 6 لاکھ تارکین وطن کیلئے قانونی روزگار کے دروازے کھول دیے

## اسپین، 6 لاکھ غیر قانونی تارکین وطن کو کام کے عارضی اجازت نامے جاری

**غیر قانونی تارکینِ وطن کو قانونی دائرے میں لانے کے لیے مہم شروع کی گئی ہے، حکام**

میڈرڈ (این این آئی) سپین میں غیر قانونی تارکینِ وطن کو قانونی دائرے میں لانے کے لیے شروع کی گئی حالیہ عام معافی کی مہم کے دوران اب تک 6 لاکھ سے زائد افراد کو عارضی طور پر کام کرنے کے اجازت نامے (ورک پرمٹ) جاری کر دیے گئے ہیں، اس اقدام کا مقصد ان تارکینِ وطن کو دستاویزات کی جانچ پڑتال کے عمل کے دوران ہی باقاعدہ ملکی معیشت کا حصہ بنانا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سرکاری حکام کے حوالے سے بتایا کہ ملک میں قانونی حیثیت حاصل کرنے کے لیے کل 11 لاکھ 70 ہزار تارکینِ وطن نے درخواستیں دیں جن میں سے 6 لاکھ 9 ہزار 737 افراد کو عارضی ورک پرمٹ (بقیہ 38 صفحہ 7 پر)

## مڈٹرم (درمیانی مدت) کے کامیاب انتخابات کے انعقاد پر امریکی عوام کو دلی مبارکباد پیش

**موجودہ سیاسی قیادت کو ملنے والے انتخابی دھچکے کی ایک اہم وجہ ایران کے ساتھ طویل جنگ تھی، صفدر عباسی**

اسلام آباد (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی ورکرز (PPPW) کے صدر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، سابق رکن قومی اسمبلی ناہید خان، سینئر نائب صدر فیاض علی خان، ایڈووکیٹ امجد بلوچ، سیکرٹری جنرل PPPW کنور زاہد، سابق رکن صوبائی اسمبلی ساجدہ میر، حور بخاری، ابراہیم خان، ملک مظہر، عماد احمد، فرح اسلم، رانا عثمان، نوید صادق، ہاشم خان بابر اور دیگر عہدیداروں نے 3 نومبر 2026ء (بقیہ 40 صفحہ 7 پر)

**برائلر گوشت کی قیمت میں 14 روپے کلو کمی، فارمی انڈے مہنگے**

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 14 روپے کمی سے 563 روپے، زندہ برائلر مرغی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر تھانے کا دورہ کررہے ہیں

## کمشنر لسبیلہ ڈویژن سے موٹروے پولیس کے کمانڈنگ آفیسر اور ڈی ایس پیز کی ملاقات

**کمشنر لسبیلہ ڈویژن سے موٹروے پولیس لسبیلہ ریجن کے کمانڈنگ آفیسر نے اپنے ہمراہ ڈی ایس پیز موٹروے پولیس کے ساتھ ملاقات کی**

حب (نمائندہ بولان) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سے موٹروے پولیس کے کمانڈنگ آفیسر اور ڈی ایس پیز کی ملاقات، قومی شاہراہ N-25 پر ٹریفک کے مسائل اور بہتری کے اقدامات پر تبادلہ خیال، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سے موٹروے پولیس لسبیلہ ریجن کے کمانڈنگ آفیسر نے اپنے ہمراہ ڈی ایس پیز موٹروے پولیس کے ساتھ ملاقات کی، ملاقات میں قومی شاہراہ N-25 پر لسبیلہ ڈویژن کی حدود میں ٹریفک کی روانی، ٹریفک حادثات کی روک تھام اور مسافروں کو درپیش مسائل سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا (بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

## تحصیل حب میں بھی ایک عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ منعقد ہوگا

**مظاہرے کی قیادت ضلعی جنرل سیکرٹری حضرت مولانا شاہ محمد صدیقی اور دیگر ضلعی و تحصیل قائدین کریں گے،**

حب (پ ر) قائد جمعیت علماء اسلام پاکستان حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی نجی رہائش گاہ کی ڈرون فوٹیج بنا کر سوشل میڈیا پر نشر کرنے اور چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی کے خلاف صوبائی امیر حضرت مولانا عبد الواسع کے حکم اور ضلعی جماعت کی ہدایات کی روشنی میں آج بروز جمعہ، بعد از نمازِ جمعہ صوبے بھر کی طرح تحصیل حب میں بھی ایک عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ منعقد ہوگا، مظاہرے کی قیادت مرکزی نائب امیر حضرت مولانا غلام قادر قاسمی، ضلعی جنرل سیکرٹری حضرت مولانا شاہ محمد صدیقی اور دیگر ضلعی (بقیہ 47 صفحہ 7 پر)

# پنجگور کے علاقے گچک میں شدید بارش، زمینداروں کے سولر تباہ، فصلوں کو نقصان

## متعدد زمینداروں کے سولر سسٹم، زرعی اراضی، تیار فصلیں اور دیگر قیمتی املاک شدید متاثر ہوئیں، جس سے کاشتکاروں کو بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑی ہے

**چیئرمین تحصیل گچک حافظ زاہد حسین کا فوری سروے اور امدادی کارروائیوں کا مطالبہ**

پنجگور (این این آئی) پنجگور کی دیہی علاقہ سب تحصیل گچک میں شدید بارش سے بڑے پیمانے پر تباہی، زمینداروں کو بھاری نقصان، چیئرمین تحصیل گچک حافظ زاہد حسین کا فوری سروے اور امدادی کارروائیوں کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تحصیل گچک ضلع پنجگور میں ہونے والی شدید بارش نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی۔ موسلا دھار بارش کے نتیجے میں متعدد زمینداروں کے سولر سسٹمز، زرعی اراضی، تیار فصلیں اور دیگر قیمتی املاک شدید متاثر ہوئیں، جس سے کاشتکاروں کو بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑی ہے اس حوالے سے چیئرمین زاہد حسین نے بتایا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ واقعے کے بعد تاحال ضلعی ا (بقیہ 51 صفحہ 7 پر)



کراچی، شہری شناختی کارڈ بنوانے کیلئے نادرا وین کے سامنے جمع ہیں

## گولارچی کے قریب اے سی کوچ اور موٹر سائیکل میں تصادم، نوجوان جاں بحق، ایک شخص زخمی۔

**اطلاع ملنے پر لوگوں نے زخمی شخص کو طبی امداد کے لیے تحصیل اسپتال منتقل کرنے کے انتظامات کیے**

بدین (نامہ نگار) گولارچی کے قریب لغاری سم کے مقام پر اے سی کوچ اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹریفک حادثہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار 25 سالہ نوجوان فیصل میمن موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا، جبکہ حادثے میں ایک شخص زخمی بھی ہوا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثہ اے سی کوچ اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے باعث پیش آیا۔ حادثے کے بعد جائے وقوعہ پر مقامی افراد کی بڑی تعداد جمع ہوگئی، جبکہ اطلاع ملنے پر لوگوں نے زخمی شخص کو طبی امداد کے لیے تحصیل اسپتال منتقل کرنے کے (بقیہ 57 صفحہ 7 پر)





لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اجلاس سے خطاب کررہی ہیں

## ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مراکز صحت (BHU) پنڑیاں اور لنگ لوہار کا دورہ کیا

**اینٹی جنز کی دستیابی، ایم این سی ایچ سینٹرز کی کارکردگی، صفائی ستھرائی اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی**

حب (نمائندہ بولان) ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی حب ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مراکز صحت (BHU) پنڑیاں اور لنگ لوہار کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور ڈاکٹر مرشد دشتی نے عملے کی حاضری، او پی ڈی سروسز، ادویات کی دستیابی، حفاظتی ٹیکہ جات (EPI) کی فعالیت، اینٹی جنز کی دستیابی، ایم این سی ایچ سینٹرز کی کارکردگی، صفائی ستھر (بقیہ 58 صفحہ 7 پر)

# حب میں داداگیری کرنیوالوں کی شامت آگئی

## ایس پی مرزا بلال کی ہدایت پر ایس ایچ او عبدالصمد زہری حب سٹی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ڈنڈا اٹھالیا،

**زمینوں پر قبضہ، شریف شہریوں اور مظلوموں کو بلاوجہ تنگ کرنے کے ساتھ، منشیات فروش بھی شہر چھوڑنے پر مجبور ہوگئے**

حب (نمائندہ بولان) ایس پی مرزا بلال کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی حب امام یعقوب بلوچ کی زیرنگرانی میں ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ڈنڈا اٹھالیا، شہر بھر کے علاقوں میں پولیس کے چھاپے، جرائم پیشہ عناصر شہر چھوڑ پر مجبور ہوگئے، شہر میں دادا (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)



حب۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سے موٹروے پولیس کے کمانڈنگ آفیسر قومی شاہراہ این 25 پر ٹریفک کے مسائل پر بریفنگ دے رہے ہیں

## مولانا سمیع الحق اور حامد الحق شہید کے قاتل گرفتار نہ ہونا افسوسناک ہے، جے یو آئی

**حکمران اور ادارے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، حقانی شہداء کے قاتلوں کو گرفتار کرکے کڑی سزا دیں**

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)



رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل تقریب سے خطاب کررہے ہیں

# کشمیر جیسے معاملات کیلئے اداروں میں قریبی رابطہ ناگزیر ہے، شرجیل میمن

## مسئلہ کشمیر پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون اور پوری قوم کا متفقہ قومی موقف ہے

**سندھ کے سینئر وزیر سے وفاقی وزیر رانا محمد قاسم نون کی ملاقات، آزاد کشمیر کی صورتحال پر تبادلہ خیال**

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کشمیر جیسے قومی مفاد کے معاملات پر تمام وفاقی و صوبائی اداروں کے درمیان قریبی رابطہ اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی وزیر رانا محمد قاسم نون سے ملاقات کے موقع پر کیا، اس موقع پر آ (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

## خاتون بازیابی کیس، آئی جی 11 نومبر کو ذاتی حیثیت میں طلب

**آپ نے مسنگ خواتین کے معاملے پر اس بندے کو لگایا ہے جو مصروف رہتے ہیں، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ**

**کیا ٹک ٹاک بنا کر اپ لوڈ کرنا سروس رولز میں شامل ہے، کیا رولز میں اس کی اجازت ہے، جسٹس مس عالیہ نیلم کا استفسار**

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے خاتون کی بازیابی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے آئی جی پنجاب عبدالکریم کو 11 نومبر کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے پیشرفت رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے سلمیٰ بی بی کی جانب سے اس کی بیٹی مقدس بی بی کی بازیابی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت (بقیہ 48 صفحہ 7 پر)

**لاہور، شیخوپورہ میں ایف آئی اے کی بڑی کارروائیاں، 2 ملزم گرفتار**

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے لاہور زون نے شاہ عالم مارکیٹ لاہور اور شیخوپورہ میں کارروائیاں کرتے ہوئے معر (بقیہ 65 صفحہ 7 پر)

**گھوٹکی کے نواح ریلوے ملازم ٹرین کی زد میں آکر جاں بحق**

گھوٹکی (این این آئی) گھوٹکی کے نواح میں ڈھرکی ریلوے اسٹیشن کے قریب ایک ریلوے ملازم ٹرین کی زد میں آکر جاں بحق ہوگیا۔ ریلوے حکام کے مطابق مذکورہ ریلوے ملازم ٹریک پر پیٹرولنگ ڈیوٹی پر تعینات تھا

## ملیریا اور ڈینگی سے بچاؤ کے لیے اسپرے مہم کا انعقاد

**اسپرے مہم کیلئے شہری نے گزشتہ دنوں اسسٹنٹ کمشنر حب کو درخواست دی تھی جس پر عمل درآمد شروع ہوگیا**

حب (نمائندہ بولان) شہری کی درخواست پر عمل درآمد ہوگیا، ضلعی انتظامیہ حب نے ملیریا اور ڈینگی سے بچاؤ کے لیے اسپرے مہم کا انعقاد کیا، اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ ڈپٹی کمشنر حب (ر) جمعہ داد مندوخیل کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر لیاقت علی رند کی نگرانی میں محکمہ صحت کی (بقیہ 50 صفحہ 7 پر)



ایم این اے صادق علی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

**شیخ رشید احمد اپنی 76 ویں سالگرہ (آج) منائیں گے**

راولپنڈی (این این آئی) ملک کے معروف سیاستدان سابق وزیرداخلہ شیخ رشید احمد اپنی 76 ویں سالگرہ (آج) 6 نومبر کو منائیں گے۔ شیخ رشید احمد 6 نومبر 1950 کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے انہوں نے اپنا سیاسی سفر تحریک استقلال سے شروع کیا، 1985ء کے غیر جماعتی الیکشن میں ممبر قومی اسمبلی بنے، 1988ء میں پیپلز پارٹی کے ٹکا خان کو شکست دے کر رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئے۔ 90ء، 93 اور 97 میں ایم این (بقیہ 63 صفحہ 7 پر)

## پاکستان ریلوے کے احکامات نظر انداز، نجی ٹرینوں میں بزرگ شہریوں، صحافیوں اور معذور افراد کو سفری رعایتیں نہ مل سکیں

**ہیڈکوارٹر لاہور کے تحریری احکامات کے باوجود نجی ٹرین آپریٹرز عمل درآمد میں ناکام، مستحق مسافر پریشان، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

سکھر (رپورٹ: اسلم سومرو) پاکستان ریلوے ہیڈکوارٹر لاہور کے واضح تحریری احکامات کے باوجود نجی شعبے کے تحت چلنے والی ٹرینوں میں بزرگ شہریوں، صحافیوں، معذور افراد، ریلوے کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین سمیت دیگر مستحق مسافروں کو تا حال قواعد کے مطابق سفری رعایتیں فراہم نہیں کی جاسکیں، جس کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے جبکہ متعلقہ نجی ٹرین آپریٹرز کی جانب سے احکامات پر عمل درآمد نہ ہونے پر سوالات اٹھنے لگے ہیں تفصیلات کے مطابق پاکستان ریلوے کے چیف کمرشل منیجر آفس لاہور کی جانب سے 26 اکتوبر 2026 کو مراسلہ نمبر 6-DC/806/12/2 (بقیہ 54 صفحہ 7 پر)

**مہمند میں پولیو ٹیم کی ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ، ملزم فرار**

مہمند (این این آئی) مہمند کے علاقے یکہ غنڈ میں پولیو ٹیم کی ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کردی

## دعوتِ اسلامی کے تین دن کے سنتوں بھرے اجتماع کے انتظامات مکمل کرنے کے لیے تیاریاں عروج پر

**بیٹھنے کے انتظامات، صفائی ستھرائی، پانی، روشنی، سیکیورٹی، طبی سہولیات اور دیگر ضروری امور پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔**

اوتھل (نامہ نگار) دعوتِ اسلامی کے تین دن کے سنتوں بھرے اجتماع کے انتظامات مکمل کرنے کے لیے تیاریاں عروج پر بنگلہ دیش کے دارالحکومت ڈھاکہ کے علاقے دیا باڑی، اترا میں دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام تین دن کے سنتوں بھرے اجتماع کے انعقاد کے سلسلے میں تیاریاں اور انتظاما (بقیہ 55 صفحہ 7 پر)

**کراچی میں عمارت گرنے کا واقعہ، کیا غفلت برتی گئی؟ آگاہ کیا جائے، مراد علی شاہ کا نوٹس**

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے نیا ناظم آباد فلائی اوور کے قریب دو منزلہ عمارت گرنے کا نوٹس لے لیا۔

## پولیو مہم، تین روز میں ایک کروڑ 96 لاکھ سے زائد بچوں کو قطرے پلائے گئے

**مہم کے دوران ملک بھر میں تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے**

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے 97 منتخب اضلاع میں جاری انسدادِ پولیو مہم کے پہلے تین روز کے دوران ایک کروڑ 96 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا دیے گئے۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر

**میانوالی اور سکندر آباد سے دو لڑکیاں اغواء**

میانوالی (این این آئی) میانوالی اور سکندر آباد سے دو لڑکیاں اغوا (بقیہ 60 صفحہ 7 پر)

# سیوریج کے پانی سے سبزیوں کی کاشت، فوڈ اتھارٹی نے فصل تلف کردی

## سیوریج کے گندے پانی سے فصلوں کو سیراب کرنے کے لیے استعمال ہونے والے متعدد مقامات پر نالوں سے پانی کی فراہمی کے ذرائع بھی کاٹ دیے گئے

**سیوریج کے زہریلے پانی سے اگائی جانے والی سبزیاں بظاہر تازہ نظر آتی ہیں، مگر درحقیقت یہ انسانی صحت کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہوتی ہیں، حبیب اللہ خان**

کوئٹہ (بولان بیورو) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے سیوریج کے زہریلے پانی سے سبزیوں کی غیر قانونی کاشت کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری رکھتے ہوئے نیو سبزل روڈ کے مختلف مقامات میں بڑی کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران تقریباً 33 ا (بقیہ 59 صفحہ 7 پر)



حب۔ ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی حب ڈاکٹر مرشد دشتی بنیادی مراکز صحت (BHU) پنڑیاں اور لنگ لوہار کے دورے کے موقع پر مختلف شعبہ جات کا معائنہ کررہے ہیں